سلسلہ روحانیات حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانیؒ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

بانیٔ ادارہ منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

بیرون ممالک سالانہ چندہ
مڈل ایسٹ 12000 روپے
انڈیا، ایران، سری لنکا 12000 روپے
یورپ، فار ایسٹ 14000 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 15000 روپے

قیمت 100 روپے
سالانہ چندہ 1000 روپے
لائف ممبر شپ 15000 روپے For 12 Years
لائف ممبر شپ 1000 ڈالر For 12 Years

کاشانہ زنجانی 125۔ ڈی، گلبرگ 2
54660
بلمقابل یونین کونسل حضرت میراں حسین زنجانی روڈ، نزد مین مارکیٹ لاہور
Ph: 042-35752277 - 35872277
Mobile: 0300-9483758

کاشانہ زنجانی
نزد انصار برنی ٹرسٹ وہمدرد دواخانہ
آرام باغ روڈ، کراچی-74200
Ph: 021-32217544

کاشانہ زنجانی راولپنڈی
A-19 جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)، بالمقابل گالف کلب/آرمی ہاؤس، عقب پی ایس او پٹرول پمپ
PH: 051-8732742
051-8732764

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/ پبلشر نے حیدری پریس، ریلوے روڈ، لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

websites:www.aienaeqismat.com.pk Email:aienaeqismat@gmail.com

حمد

امین عاصم

ذرّے ذرّے میں پنہاں ہے اک کائنات
ذرّے ذرّے میں موجود ہے تیری ذات
تو خدائے محمدؐ نہیں بے ثبات
تجھ پہ قربان سب موت ہو یا حیات
یہ پہاڑوں کے پتھر، یہ پیڑوں کے پات
سب ہی بیان کر رہے ہیں تیری صفات
تیری جلوہ گری ہے میں دیکھوں جدھر
دیر و کشمیر و کاغان ہو یا سوات
خوب صورت پرندے جو گاتے ہیں گیت
سچ تو یہ ہے ادا کر رہے ہیں صلوٰۃ
بہتا راوی کہ ہو جھیل سیف الملوک
تیرے مظہر ہیں سب نیل ہو یا فرات
حمدِ باری تعالیٰ میں مشغول ہیں
یہ زباں اور یہ آنکھیں، یہ دل اور یہ ہات

نعت

علامہ محمد اقبال

لوح بھی تو قلم بھی، تیرا وجود الکتاب
گنبدِ آبگینہ رنگ تیرے محیط میں حباب

عالمِ آب و خاک میں تیرے ظہور سے فروغ
ذرہِ ریگ کو دیا تو نے طلوعِ آفتاب

شوکتِ سنجر و سلیم تیرے جلال کی نمود
فقرِ جنیدؒ و با یزیدؒ تیرا جمالِ بے ثبات

شوق اگر نہ ہو ترا میری نماز کا امام
میرا قیام بھی حجاب میرا سجود بھی حجاب

تیری نگاہِ ناز سے دونوں مراد پا گئے
عقل غیاب و جستجو، عشق حضور و اضطراب

منقبت

عروج اختر زیدی

غدیرِ خم ہے چمن میں چلی ہوائے علیؑ
پیئے وہی ہو جسے نشۂ ولائے علیؑ
نفس نفس ہے مری زیست کا فدائے علیؑ
وہ زندگی ہی نہیں جو نہ ہو برائے علیؑ
خدا کے گھر میں ولادت، خدا کے گھر میں وصال
وہ ابتدائے علیؑ ہے، یہ انتہائے علیؑ
ضمیر ان کے جامِ جہاں نما کی طرح
دماغ رکھتے ہیں جمشید کا گدائے علیؑ
جو آشنائے پیمبر، وہ آشنائے امام
جو آشنائے محمدؐ وہ آشنائے علیؑ
یہ کہہ کہ اس نے عطا کی مجھے بہشت عروج
یہ تیرا حق ہے کہ تو ہے مدح سرائے علیؑ

زنجانی جنتری 2020ء

بلادِ اسلامیہ ہندو پاک کی مایۂ ناز اور مقبول عام اسلامی تقویم **زنجانی جنتری** جسے آج سے **72** سال پہلے منجم اعظم الحاج سیّد ناظر حسین شاہ زنجانی نے شائقین روحانیات علم نجوم کیلئے پاکستان اور بیرونِ ممالک مقیم علوم مخفیہ کے شائقین کیلئے صدقِ خلوص سے مرتب وجاری کیا تا کہ ان کی بہتر راہنمائی ہو سکے اور انہیں فیض روحانی بھی ملے۔ بانی ادارہ منجم اعظم کی فہم وفراست، روحانی علم دوستی اور دوراندیشی کا اپنا انداز تھا۔ انکے جانشین فرزند شہزادہ سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی کی شب وروز محنت سے آج "**زنجانی جنتری**" نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا میں اُردو پڑھنے والے افراد کی پسندیدہ تقویم بنتی جا رہی ہے۔ جس کی وجہ اس کی خوبصورت ڈیزائننگ، پرنٹنگ، کتابت اور بالخصوص اس میں ہر وہ معلومات موجود ہوتی ہیں جو عاملین، علم نجوم، جفر، رمل، اعداد کے شائقین اور حالاتِ حاضرہ پر نظر رکھنے والے افراد کیلئے مفید ہیں اور کسی مخفی خزانہ سے کم نہیں۔

"زنجانی جنتری" کے مستقل مضامین کی ایک جھلک

عالمی پیشگوئیاں، نوروز عالم افروز، کسوف وخسوف، قمر درعقرب کے درست اوقات، روزانہ استخراج سیّارگان اور نظراتِ سیّارگان کے مطابق سال بھر کے بہترین اوقاتِ عملیات، مجرب عملیات قرآنی، دربارِ مصطفائی کا روحانی فیض، علم الجفر سے پیش گوئیاں، پاکستان اور عالمی سیاست کے اُتار چڑھاؤ اور کئی مقبول نئے سلسلے۔ صفحات **196**، قیمت:-/**300** روپے، نیوز ایجنٹ اپنے آرڈر سے آج ہی مطلع کریں۔

زنجانی جنتری 2012ء ماہِ نومبر میں پاکستان بھر کے بک سٹالوں کی زینت بن جائے گی

جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند — اُس دِل افروز ساعت پر لاکھوں سلام

بعد از نماز عصر رسم تقریب چادر پوشی
بتاریخ **11** ربیع الاول
بمطابق **09** نومبر **2019**ء

عرس

47 واں سالانہ

بسلسلہ جشن عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر زیر سایہ سلسلہ روحانیات حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانیؒ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کے **22** ویں روحانی فرزند حضرت سید **ناظر حسین** شاہ زنجانی

سجادہ نشین
شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

مہمان خصوصی رسم چادر پوشی

- الحاج پیر سیّد حبیب عرفانی آف سندر شریف
- پیر سیّد ناظم حسین شاہ
- مخدوم سید چن پیر قادری (سجادہ نشین میاں میر لاہور)
- صاحبزادہ سید ظہور کاظمی (سجادہ نشین)
- صاحبزادہ ملک پرویز اکبر ساقی
- علامہ مشتاق حسین جعفری
- چودھری واجد علی خان (سابق ایم پی اے)
- سید پرویز شاہ (سائیں والی سرکار)
- جناب اسد بخاری ● جناب عاصم بخاری
- جناب شجاعت ہاشمی ● مظہر حسین چوہدری

بمقام درگاہ پیر شاہ زنجانی
بمقام جھگیاں بالمقابل عامر روڈ شاد باغ **میں منعقد ہو رہا ھے**

عرس کی تقریبات **10،11** ربیع الاول جاری رہیں گی

دعوتِ عام
خاندان زنجانیہ عالیہ کے عقیدت مندوں، زنجانی جنتری و آئینہ قسمت کے قارئین کو شرکت کی دعوت عام ہے۔ قرآن خوانی، نعت خوانی، چادر پوشی کے بعد محفل سماع ہوگی اور لنگر تقسیم کیا جائے گا۔

عالمی و سیاسی پیشگوئیاں

زائچہ نیو مون بحساب ویدک 38 عقرب 07

بتاریخ 28 اکتوبر 2019ء اسلام آباد بوقت 08 بجکر 38 منٹ پر

زائچہ فل مون بحساب ویدک 19 ثور 21

بتاریخ 12 نومبر 2019ء اسلام آباد بوقت 18 بجکر 34 منٹ

سفیر کشمیر وزیر اعظم پاکستان عمران خان U.N.O میں پوری دُنیا کے سامنے کشمیری مظالم پر حجت اتمام کر چکے ہیں۔ دُنیا کو تباہی سے بچانے کیلئے U.N.O کو اپنا کردار ادا کرنا چاہئے۔ (منجم شاہ زنجانی)

سرحدوں پر فوجی نقل و حمل میں اضافہ تمام ملکی سروسز ادارے ہائی الرٹ پوزیشن میں رہیں، ملکی درآمدات برآمدات کا حجم متاثر ہو اشیاء تجارت کی قیمتوں کے ردوبدل کے سبب تاجروں کو تجارت میں خسارہ ملکی کرنسی کی حیثیت ڈالر کے مقابلے میں قدرے کمزور رہو کیا ہی اچھا ہو پاکستانی گورنمنٹ اپنی کرنسی ڈالر جیسی مصنوعی کرنسی سے ناطہ توڑ کر کسی دوست ملک کی کرنسی سے ناطہ جوڑ لے

اندرون ملک ٹرانسپورٹ کی سہولتوں میں مزید اضافہ بحری تجارتی سی پیک سے چین تا بین الاقوامی منڈیوں تل دوست ممالک کے ساتھ پاکستانی مصنوعات کی مانگ میں بھی اضافہ ہو گا، بلوچستان اور سندھ کے صحرائی علاقہ تھر کو بھی پانی فراہم کرنے کے لئے کوئی نہری نظام یا ایسے آبی ذخائر بنائے جائیں، راولپنڈی، اسلام آباد اور کراچی میں پانی کے نظام کو بہتر بنایا جائے خصوصاً کراچی کوئٹہ اور گوادر میں اپنی مدد آپ اور دوست ممالک کی مدد سے شہریوں کو صاف پینے کے پانی کی فراہمی میں بہتری لائی جائیگی۔

زائچہ نیو مون:۔سیاسی نجوم میں آسمانی کونسل پر ستاروں کے اثرات شمس وقمر کا قران بارہویں نحس گھر میں ہونے سے وبائی امراض بیماریاں ہسپتال شفا خانے قید و بند نظر بد سے متعلقہ سماجی سیاسی اہم شخصیات ملک وملت کے خفیہ دشمن، سراغ رسانی کے ادارے وغیرہ سبھی اسی گھر سے منسوب ہیں۔ شمس زائچہ میں سربراہ مملکت کا مالک ہوکر بارہویں نحس گھر مذہب قانون کا مالک ستارہ قمر بھی بارہویں نحس گھر ہونے کے سبب حکومتی ادارے ایڈمنسٹریشن سربراہ مملکت صاحب اقتدار افراد کو اپوزیشن کی جانب سے سیاسی چیلنجز کا سامنہ رہے۔قمر کی بارہویں نحوست کے سبب سیاسی ومخفی قوتیں اندرون ملک انتشار جیسی کیفیت کا اندیشہ وزارت داخلہ کو محتاط رہنا ہوگا۔حکومت کے خلاف افواہیں حکومت کے خلاف خفیہ تحریکوں میں عوام کی شمولیت بڑھ سکتی ہے۔طرز حکمرانی اور ملکی معیشت اور کاروباری سرگرمیوں کی جانب حکومت کو توجہ دینے کی ضرورت کو مزید بڑھانا ہوگا۔بارہویں کا حاکم زہرہ طالع میں عطارد مشتری کے ہمراہ ہونے سے خواتین کے بارے میں تنازعے ہنگامے فساد اور جرائم کی شرح اچانک بڑھ سکتی ہے۔ نیز معاشرتی برائیاں منشیات، جنسی امراض شراب نوشی بدکاری کے اڈوں کے خاتمہ کے لئے حکومت کی غفلت سے جوان نسل میں بے راہ روی میں اضافہ کے خطرات خدشات بعید از قیاس نہیں۔قمر زائچہ میں مذہب قانون نویں گھر کا مالک ہوکر بارہویں ہونے سے بعض ملک دشمن عناصر ملک میں بے چینی پیدا کرنے کے لئے مذہبی لوگوں کو بہکا کر استعمال کر سکتے ہیں۔عدلیہ کے ان دنوں آئے فیصلے بعض سیاسی لوگوں کے لئے ناپسندیدہ ہوسکتے ہیں۔ستارہ مریخ گیارہویں پارلیمنٹ کے گھر میں ہونے سے پارلیمانی حلقوں کو درہم برہم بہت ساری آپس کی سیاسی اُلجھنوں میں مبتلا کرے گا۔اسمبلی کے اندر باہر تنازعے جھگڑے لڑائیاں بد زبانی پارلیمانی و پارٹی ڈسپلن کی خلاف ورزیاں دیکھنے میں آئیں۔تیسرے چوتھے کا مشترکہ حاکم زحل دوسرے ہمراہ کیتو کے ہونے سے ملکی معیشت عدم استحکام کا شکار

رہے۔عوام اپنے سیاسی لیڈروں کی لڑائیوں کرپشن اسکینڈلز کے بے نقاب ہونے پر حیران و پریشان رہیں۔سعد اکبر ستارہ مشتری جو دوسرے پانچویں دوسعد گھروں کا مالک ہوکر طالع میں ہونے سے باغات اور فصلوں کی افزائش میں بہتری لانے کیلئے حکومت کو مخلصانہ کوششوں پر توجہ دینی چاہئے مشتری یہاں آٹھویں نحس گھر کا بھی حاکم ملکی خزانہ معیشت کی بہتری کے لئے حکومت بعض اشیاء پر غیر محسوس طریقے سے ٹیکس لگا سکتی ہے۔سٹاک ایکسچینج میں زبردست اُتار چڑھاؤ رہے۔بعض بینکوں میں افراتفری ملک کے خزانے اور مالی معاملات میں تحقیق اور خسارہ زائد اخراجات اور عوام کی دولت کا نقصان افواج کی عسکری ضروریات کے لئے خاصی رقم درکار ہوگی۔اس طرح ملکی محصول اور ریونیو میں رکاوٹیں اور کمی واقع ہوسکتی ہے۔حکومت وقت کو ملک معیشت کا پہیہ چلانے کے لئے ماہرین کی مشاورت کام نہ دے گی حالیہ سرمایہ کاروں کی مشاورت ہمارے سپہ سالار لے چکے ہیں۔اس پر فوری عملدرآمد کرنے کی ضرورت کو نظر انداز نہ کریں۔

زائچہ فُل مون:۔زائچہ فُل مون میں سبھی ستاروں کی پوزیشن مجموعی طور سے ناقص دکھائی دیتی ہے۔طالع اور چھٹے عوام الناس پوری قوم اور ملکی سروسز کے ادارے تخریب کاری غیر ملکی ایجنٹ اور سازشوں کا مالک زہرہ وبال یافتہ طالع کے درجات کو ناظر ہوکر ملکی سلامتی کے لئے دشمن ملک ہندوستان، اسرائیل اور انکا سرپرست امریکہ ملکر مشترکہ طور سے پاکستان کے خلاف کوئی سازش کر سکتے ہیں۔دوسرے پانچویں ملکی معیشت، تعلیم شعور میڈیا یا بازار حصص کا مالک ستارہ عطارد چھٹے نحس گھر چوتھے ارض وطن کا مالک شمس چھٹے نحس گھر اندرون ملک بے اطمینانی ناگہانی آفات سے نقصانات وبائی امراض ہڑتالیں بغاوت جیسی سازشیں جرائم کی شرح میں اچانک اضافہ حکومت کے خلاف بیرون ملک نشریاتی الیکٹرانک، پرنٹ میڈیا پر غلط خبریں، سوشل میڈیا پر بھی خود ساختہ غلط افواہوں کی بھرمار سے عوام میں بے چینی بڑھے پاکستانی الیکٹرانک میڈیا پر پیمرا کا چیک اینڈ بیلنس سخت کرنے کی ضرورت کو بھی نظر انداز نہیں کرنا چاہئے۔غیر ذمہ دارانہ صحافت اندرون ملک نئے سیاسی غیر اخلاقی محاذ کھول سکتی ہے۔سفیر کشمیر وزیر اعظم پاکستان عمران خان **U.N.O** میں پوری دُنیا کے سامنے کشمیری مظالم پر حجت اتمام کر چکے ہیں۔دُنیا کو تباہی سے بچانے کیلئے **U.N.O** کو اپنا کردار ادا کرنا چاہئے۔سرحدوں پر فوجی نقل وحمل میں اضافہ تمام ملکی سروسز ادارے ہائی الرٹ پوزیشن میں رہیں۔آٹھویں نحس گھر میں مشتری زحل اور کیتو کی مکمل مشترکہ مکمل نظر دوسرے ملکی معیشت خزانہ کو ناظر ہونے سے ملکی درآمدات برآمدات کا حجم متاثر ہوا اشیاء تجارت کی قیمتوں کے ردوبدل کے سبب تاجروں کو تجارت میں خسارہ ملکی کرنسی کی حیثیت ڈالر کے مقابلے میں قدرے کمزور ہوگیا ہی اچھا ہو پاکستانی گورنمنٹ اپنی کرنسی ڈالر جیسی مصنوعی کرنسی سے ناطہ توڑ کر کسی دوست ملک کی کرنسی سے ناطہ جوڑ لے۔(امکان ہے کہ فی الحال ہمارا مشورہ نہیں مانا جائے گا) ستارہ مشتری فطری طور سے دولت، مذہب، قانون کا ستارہ ہے۔اس کے اس ماہ ناقص ثمرات حکمرانوں کے حلقہ نامور شخصیات، قانون دان، صحیح مذہبی پیشوا، معارف بینکرز اور سرمایہ داروں کی اموات کا اندیشہ رہے۔کرپشن، ذخیرہ اندوزی، سمگلنگ، منشیات اور مہنگائی بڑھنے سے قوم کا اخلاقی معیار متاثر ہو بے راہ روی عیاشی اور جرائم اچانک بڑھ جائیں۔زائچہ فل مون ایک عارضی پندرہ روزہ زائچہ ہے جس کے اثرات جلد ظاہر ہوکر ختم ہوجائیں ہم زائچہ پاکستان سے آسمانی کونسل پر سالانہ زائچہ کے ادوار 6 نومبر تا 6 دسمبر ستارہ قمر زائچہ ورش پھل میں سب سے طاقتور ستارہ اور طالع میں شرف یافتہ ہونے سے اندرون ملک ایسے مثبت تعمیری واقعات ہونے سے پوری قوم کو ایک نئی روح روحانی خوشی عطا کرے گا اندرون ملک سماجی تقریبات اور اندرون ملک ٹرانسپورٹ کی سہولتوں میں مزید اضافہ بحری تجارتی سی پیک سے چین تا بین الاقوامی منڈیوں تک دوست ممالک کے ساتھ پاکستانی مصنوعات کی مانگ میں بھی اضافہ ہوگا۔پانی، بجلی کے نظام میں بہتری مزید آبی ڈیم بنانے کے لئے حکومت کے ساتھ عوام بھی پُر جوش رہے۔دُنیا کے سب سے بڑے پاکستان کے نہری نظام کو مزید وسیع اور بہتر کیا جائے گا۔پانی چوری کی روک تھام کے لئے سخت قوانین پر عمل کے ساتھ بلوچستان اور سندھ کے صحرائی علاقہ تھر کو بھی پانی فراہم کرنے کے لئے کوئی نہری نظام یا ایسے آبی ذخائر بنائے جائیں گے جن سے علاقہ کی پانی کی ضروریات کو پورا کیا جائے۔پاکستان کے بڑے میٹروپولیٹن شہر راولپنڈی، اسلام آباد اور کراچی میں پانی کے نظام کو بہتر بنایا جائے خصوصاً کراچی کوئٹہ اور گوادر میں اپنی مدد آپ اور دوست ممالک کی مدد سے شہریوں کو صاف پینے کے پانی کی فراہمی میں بہتری لائی جائیگی۔مخیر حضرات اور ملکی اور بین الاقوامی این جی اوز بھی اس سلسلے میں مالی مشاورت معاونت بھی فراہم کریں۔

قمر در عقرب

اس نحس وقت کی ابتداء **24** نومبر **10** بجکر **58** منٹ، خاتمہ **26** نومبر **13** بجکر **10** منٹ تک رہے گی۔
اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ نئے کام کا آغاز کرنا بے برکتی کا باعث بنتا ہے۔

نومبر 2019ء

ازتحریر: سیّد انور فراز، کراچی

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی متنازع شخصیت

وہ زندگی کے ہر معاملے کو کاروباری نظر سے دیکھتے ہیں، امریکا درحقیقت ایک مشکل اور چیلنجنگ دور سے گزر رہا ہے

USA BIRTH CHART

متنازع شخصیت کے مالک مسٹر ڈونالڈ ٹرمپ 14 جون 1946ء کو جمیکا میں صبح 10:54 am پر اس جہان فانی میں تشریف لائے، ویدک سسٹم کے مطابق ان کا شمسی برج ثور ہے اور برتھ سائن اسد (Leo) ہے جب کہ قمری برج عقرب اور پیدائشی نچھتر جیشیٹھا ہے۔

برج اسد کو بادشاہوں کا برج کہا جاتا ہے، طالع کے درجات 6 درجہ 51 دقیقہ ہیں اور سیارہ مریخ برج اسد میں طالع کے درجات سے قران کر رہا ہے، مشتری دوسرے گھر میں برج سنبلہ میں ہے اور راہو کی نظر کا شکار ہے، یہ اس بات کی نشان دہی ہے کہ صاحب زائچہ ایک گیمبلر ہیں، ان کی زندگی میں داؤ لگانے، بلف کرنے کا رجحان پایا جاتا ہے۔

چوتھے گھر میں کیتو اور قمر حالت قران میں ہیں، دسویں گھر میں راہو اور شمس حالت قران میں ہیں گویا راہو کیتو محور کے ساتھ زائچے کے دو اہم سیارگان قمر اور شمس بری طرح متاثرہ ہیں، دوسرے گھر کا حاکم سیارہ عطارد گیارھویں گھر میں طاقت ور پوزیشن رکھتا ہے، گویا اس زائچے کے سب سے زیادہ سعد و باقوت سیارے عطارد اور مشتری ہیں، زہرہ اور زحل بارھویں گھر میں ہیں، زحل کی بارھویں گھر میں موجودگی ان کے مشیروں کے مشوروں کو مشکوک بناتی ہے اور مسٹر ٹرمپ کے لوگوں سے تعلقات کو بھی غیر مخلصانہ ظاہر کرتی ہے۔

سیارہ قمر کا تعلق انسانی زندگی میں دماغ سے ہے، جب کہ سیارہ عطارد ذہن سے اور ذہانت سے وابستہ ہے، اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ غیر معمولی ذہین، ہوشیار، چالاک شخصیت کے مالک ہیں لیکن قمر کی برج عقرب میں موجودگی اور راہو کیتو سے اشتراک دماغی کجروی، کسی حد تک پاگل پن ظاہر کرتا ہے، قمر

زائچے کے بارھویں گھر کا حاکم ہے، اس کی یہ پوزیشن ظاہر کرتی ہے کہ مسٹر ٹرمپ کی زندگی میں بہت کچھ ایسا بھی ہے جو دنیا کی نظروں سے اوجھل ہے، وہ جیسے نظر آتے ہیں درحقیقت ویسے نہیں ہیں۔

بے شک اسد افراد شاہانہ مزاج، فیاض، بالغ نظر اور بہت سی دیگر اعلیٰ صفات کے حامل ہوتے ہیں، خاص طور پر انتظامی صلاحیتیں بھرپور ہوتی ہیں، یہ لوگ بزنس مائنڈڈ ہوتے ہیں اور اپنے ذاتی بزنس میں بہت ترقی کرتے ہیں لیکن کسی بھی زائچے میں کسی بھی برج کی بنیادی خصوصیات میں منفی یا مثبت اثرات کا جائزہ لینے کے لیے اس برج کے حاکم کی پوزیشن دیکھی جاتی ہے، مزید یہ کہ اس برج پر دیگر سیارگان کے اثرات کس نوعیت کے ہیں، چناں چہ ہم دیکھتے ہیں کہ برج اسد کا حاکم سیارہ شمس کمزور ہے اور راہو کیتو محور میں پھنس کر برج اسد کی مثبت خصوصیات کو تباہ کر رہا ہے، راہو سے قران اور کیتو سے مقابلہ، بالغ نظری کے بجائے کینہ پروری اور دیگر منفی کمزوریوں کی نشان دہی کر رہا ہے، راہو کی مشتری پر بھی نظر ہے جو پانچویں شعور کے گھر کا حاکم ہے لہٰذا ہم کہہ سکتے ہیں کہ صاحب زائچہ کا شعور بھی منفی اثرات سے پاک نہیں ہے، البتہ راہو اور مشتری کی نظر ایسے بزنس میں بے پناہ کامیابی کا باعث ہوسکتی ہے جو اخلاقی نظریات کے مطابق ناجائز قرار پاتے ہیں، پیدائشی برج کے حاکم شمس کی متاثرہ پوزیشن صاحب زائچہ کے نزدیک جائز و ناجائز کے فرق کو زیادہ اہمیت نہیں دیتی، صرف اپنے ذاتی مفاد کو اولیت دی جاتی ہے، اس کے علاوہ برج اسد کی انا پرستی بھی عروج پر پہنچتی ہے، ایسے لوگ تنقید برداشت نہیں کر سکتے اور تعریف کے خواہش مند ہوتے ہیں۔

مریخ نویں گھر کا حاکم ہو کر طالع کے درجات سے قران کر رہا ہے، جس کے نتیجے میں مذہبی اور نظریاتی انتہا پسندی نمایاں ہوتی ہے، قمر اور شمس کے ساتھ کیتو کے نظرات بھی ہیں جو نظریاتی طور پر زیادہ شدت پسندی لاتے ہیں، مثبت پہلو یہ ہے کہ ایسے شخص پر قسمت ہمیشہ مہربان رہتی ہے۔

قمر برج عقرب میں ہبوط یافتہ اور راہو کیتو سے متاثرہ ہو کر فطری طور پر حسد، جیلسی، تنگ نظری اور دیگر اخلاقی برائیوں کو جنم دیتا ہے، چوں کہ برج عقرب ایک واٹر سائن ہے اور قمر یہاں ہبوط کا شکار ہوتا ہے، قمر کا تعلق دماغ سے ہے لہٰذا ایسے افراد راہو، کیتو کے اثرات کی وجہ سے اگر ذہنی اور نفسیاتی مریض بن جائیں تو حیرت نہیں ہونی چاہیے، اب تک اخبارات میں موصوف کے بارے میں جو جنونی نوعیت کے قصے سامنے آئے ہیں وہ قمر کی اس خرابی کی وجہ سے ہیں۔ سونے پر سہاگا یہ کہ قمر چاند کی منزل جیشٹھا میں ہے، یہ بڑا ہی جارح اور جنونی نچھتر ہے، اگرچہ اس پر ذہانت کے سیارے عطارد کی حکمرانی ہے لیکن زائچے کی دیگر آراستگی کا رُخ منفی ہے لہٰذا غیر معمولی ذہانت کا رُخ بھی منفی ہوگا، مشہور امریکی ارب پتی ہاورڈ ہیوز کی پیدائش بھی اسی نچھتر میں ہوئی تھی جو ''خبطی ارب پتی'' کے نام سے مشہور ہوا، ان لوگوں میں منفی اثرات کی وجہ سے عجیب و غریب عادتیں یا رجحانات پیدا ہوتے ہیں جو ابتدائی زندگی میں ہی نمایاں ہونے لگتے ہیں، ان کا حلقہء احباب محدود ہوسکتا ہے یا وہ تنہائی پسند اور دوسروں سے الگ تھلگ رہنے لگتے ہیں، ایک گھُنی یا منافقانہ فطرت کا مشاہدہ اس نچھتر کی خصوصیات میں کیا جاسکتا ہے، ایک عجیب تضاد یہ بھی ہوسکتا ہے کہ سختی سے مذہبی رجحان ظاہر کرتے ہیں اور اس کے ساتھ ہی مادّی آسائشوں کے متوالے بھی ہوتے ہیں، اکثر کیسوں میں مادّیت کے زیر اثر مذہب سے لاتعلق بھی ہوسکتے ہیں۔

اس نچھتر کا بنیادی محرک مادّی ترقی ہے، یہ لوگ خود خیالی اور خود توقیری کے مابین ایک باطنی جنگ میں مصروف رہتے ہیں، ایسٹرولوجی ایسے لوگوں کو گھمنڈ، تکبر اور انانیت کی روک تھام کرنے کا مشورہ دیتی ہے، یہ لوگ چڑچڑے، بدمزاج اور جھگڑالو فطرت کے ہوسکتے ہیں، بے شک یہ اپنی غیر معمولی صلاحیتوں کے سبب اعلیٰ مقام تک رسائی حاصل کر لیتے ہیں، اپنی فطرت میں یہ قمری منزل غیر انسانی (راکھشش) ہے، ایسے لوگ زندگی میں غیر معمولی کارنامے انجام دینے کے لیے بے چین ہوتے ہیں گویا وہ ایک عام زندگی پسند نہیں کرتے، دوسروں کے مقابلے میں کچھ نیا اور سب سے الگ کرنے یا کر کے دکھانے کی شدید خواہش رکھتے ہیں، گرم مزاج اور ہٹ دھرم ہوسکتے ہیں جس کی وجہ سے زندگی میں بہت سے مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اپنے اندازوں پر انحصار کرتے ہیں، دوسروں سے مشورہ لیتے ہوئے انھیں شرمندگی ہوتی ہے، فوری فیصلہ کرنے کے عادی ہوتے ہیں۔

اس نچھتر (قمری منزل) کے زیر اثر پیدا ہونے والی دیگر مشہور شخصیات میں عیسائی فرقے کا بانی مارٹن لوتھر، ماہر فلکیات کوپرنیکس، اطالوی فلسفی نطشے، جرمن موسیقار موزارٹ، عظیم مصور ونسٹ وین گوگ، خبطی ارب پتی ہاورڈ ہیوز، بدنام زمانہ لارنس آف عربیہ، الپسینو، بھارتی وزیراعظم اٹل بہاری واج پائی، پاکستانی سیاست داں اور دانش ور رسول بخش پلیجو وغیرہ شامل ہیں۔

خیال رہے کہ فطری رجحانات کا جائزہ لیتے ہوئے مکمل زائچے کی ساخت پر نظر رکھنا ضروری ہوتا ہے، مسٹر ڈونالڈ ٹرمپ جس قمری منزل میں پیدا ہوئے ہیں ،اس میں پیدا ہونے والے بعض دیگر مشہور افراد کی بھی ہم نے نشان دہی کی ہے لیکن ضروری نہیں ہے کہ یہ تمام لوگ اپنی فطرت میں مکمل طور سے مسٹر ٹرمپ جیسے ہوں، ہاں یہ ضرور ہے کہ تقریباً 75 فیصد خصوصیات مشترک ہوں گی اور اس فرق کی وجہ کسی کے انفرادی زائچے کی جداگانہ ساخت ہوسکتی ہے، دلچسپ بات یہ بھی ہے کہ ہماری بعض خوبیاں دنیاوی معاملات میں اکثر خامیاں بن جاتی ہیں اور بعض خامیاں خوبیاں بن جاتی ہیں، مثلاً فیاضی، داد و دہش اگرایک طرف عمدہ خصوصیات میں شمار ہوگی لیکن دنیاوی اعتبار سے کبھی کبھی سخت نقصان دہ بھی ثابت ہوتی ہے، رسک لینے کی فطرت اگر نقصان دہ ہوسکتی ہے تو کامیابی کی صورت میں غیر معمولی کارنامے انجام دینے میں بھی معاون ہوسکتی ہے، وہ مشہور شعر کو ضرور آپ نے سنا ہوگا۔

گرتے ہیں شہ سوار ہی میدان جنگ میں
وہ طفل کیا لڑیں گے جو گھٹنوں کے بل چلیں

مسٹر ڈونالڈ ٹرمپ رسک لینے والے اور نت نئے تجربات کرنے والے انسان ہیں، ان کے زائچے کی ساخت و پرداخت اگرچہ انھیں کچھ زیادہ ہی رسک لینے والا، گیمبلر، بہت زیادہ اوور کانفیڈنس کا شکار بناتی ہے مگر ایسے ہی لوگ مثبت یا منفی کوئی غیر معمولی قدم بھی اٹھا سکتے ہیں، مسٹر ٹرمپ کی ظاہری و باطنی شخصیت سے آشنائی کے بعد ہم سمجھ سکتے ہیں کہ وہ کیا کرسکتے ہیں اور کیا نہیں کرسکتے۔

جیسا کہ پہلے نشان دہی کی گئی ہے کہ وہ ایک بزنس مائنڈ شخصیت کے مالک ہیں، اپنے کردار و عمل میں بھی بزنس کو اولیت دیتے ہیں اور ایک کامیاب بزنس مین ہیں، امریکا کا صدر بننے کے بعد انھوں نے امریکا کی معاشی ترقی کو اپنے ایجنڈے میں سرفہرست رکھا اور دیگر ملکوں سے اہم تجارتی معاہدات کیے، جب وہ سیاست میں آئے تو زائچے میں راہو کا مین پیریڈ (دور اکبر) جاری تھا، ان کا باقاعدہ رابطہ امریکا کی کسی پارٹی سے نہیں تھا، ماضی میں وہ ری پبلکن اور ڈیموکریٹ پارٹی کو وقتاً فوقتاً سپورٹ کرتے رہے ہیں، بہرحال صدارت کے لیے ان کی نام زدگی ری پبلکن پارٹی کی طرف سے ہوئی، سال 2016ء میں جب انھوں نے الیکشن میں حصہ لیا تو راہو کے مین پیریڈ میں سیارہ مریخ کا سب پیریڈ (دور اصغر) جاری تھا، مریخ ان کے زائچے کا لکی سیارہ ہے کیوں کہ نویں گھر (بھاگیہ استھان) کا مالک اور زائچے کے پہلے گھر میں براجمان ہے، انھیں الیکشن میں کامیابی حاصل ہوئی اور پھر 16 نومبر 2016ء سے زائچے میں سیارہ مشتری کا مین پیریڈ اور سب پیریڈ شروع ہوا جو تاحال جاری ہے، مشتری کی پوزیشن زائچے میں بہت بہتر ہے اور وہ زائچے کے دوسرے گھر میں موجود ہے، جب کہ پانچویں گھر کا حاکم ہے، چناں چہ ان کے اسٹیٹس میں اضافہ ہوا اور انھوں نے گزشتہ سالوں میں اپنے مزاج اور فطرت کے مطابق جو اقدام اور فیصلے کیے وہ ساری دنیا کو اپنی طرف متوجہ کرنے کا باعث بن گئے، تاحال وہ اسی روش پر قائم ہیں، اس سال 4 جنوری 2019ء سے زائچے میں سیارہ زحل کا سب پیریڈ شروع ہوا جو اگرچہ زائچے کا سعد سیارہ ہے لیکن زائچے کے بارھویں گھر میں موجود ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ ایسے لوگوں کو بہت اچھے مشیر میسر نہیں آتے، چناں چہ ہم دیکھتے ہیں کہ وہ اکثر اپنے مشیروں اور وزیروں سے خوش نہیں رہتے، انھیں تبدیل کرتے رہتے ہیں، موجودہ سال میں چوں کہ سیارہ زحل تقریباً سارا سال ہی راہو کیتو محور میں پھنسا رہا ہے لہٰذا اس سال بھی یقیناً انھیں اپنے مشیروں سے معقول مدد و معاونت نہیں ملی ہوگی، اسی طرح امریکی اسٹیبلشمنٹ سے بھی ان کے اختلافات سامنے آتے رہے ہیں اور ابھی تک ہیں۔

اگر زائچے کے پہلے گھر کا حاکم سیارہ متاثرہ ہو تو ایسے افراد اکثر عجیب و غریب حرکات کرتے نظر آتے ہیں، یہ پہلو بھی مسٹر ڈونالڈ ٹرمپ کی لائف میں نمایاں

ہیں اور آئندہ بھی رہے گا، اگلے سال وہ دوبارہ الیکشن میں حصہ لینے کے لیے تیار ہیں، ان کی کامیابی یا ناکامی کا درست فیصلہ تو اسی صورت میں ہوسکے گا جب ان کے مخالف امیدوار کے برتھ چارٹ کو بھی سامنے رکھا جائے لیکن خود ان کے برتھ چارٹ کی پوزیشن آئندہ سال بہت بہتر نظر نہیں آتی، خصوصاً ستمبر سے نومبر 2020ء تک، آئندہ سال ان کے زائچے میں زحل اگرچہ چھٹے گھر میں ہوگا اور اپریل، مئی، جون میں سیارہ مشتری بھی چھٹے گھر میں ہبوط یافتہ ہوگا، شاید انہی دنوں میں پارٹی ٹکٹ کا فیصلہ ہوگا، ممکن ہے انھیں پارٹی ٹکٹ سے بھی محروم ہونا پڑے، چناں چہ ان کی کامیابی کے بارے میں قوی امکانات نظر نہیں آتے، بہر حال امریکا کی تاریخ میں انھوں نے اپنا نام ایسے امریکی صدور کی فہرست میں لکھوالیا ہے جنھیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

مسٹر ڈونالڈ ٹرمپ آج کل ایک اسکینڈل کی زد میں ہیں اور اس کے نتیجے میں ان کے خلاف مواخذے کی کارروائی شروع ہوچکی ہے، یہ مسئلہ خاصی سنگین نوعیت اختیار کرسکتا ہے، ماضی میں صدر نکسن ایسی ہی صورت حال میں اپنے عہدے سے استعفا دینے پر مجبور ہوگئے تھے، یہ کارروائی اگر زیادہ طول پکڑے گی اور نومبر تک دراز ہوگی تو امکان ہے کہ وہ اس مواخذے سے بچنے میں کامیاب ہوسکتے ہیں کیوں کہ نومبر میں سیارہ مشتری زائچے میں سپورٹنگ پوزیشن میں آچکا ہوگا لیکن نومبر سے جنوری تک تین مہینے ان کی شہرت اور حیثیت کو چیلنج کرنے والے خاصے نقصان دہ ہوسکتے ہیں۔ جہاں تک آنے والے سال 2020ء میں ان کی ذاتی کارکردگی کا سوال ہے تو نئے سال میں ان کا سارا زور آنے والے الیکشن پر ہی رہے گا جس میں کامیابی کے امکانات بہت کمزور نظر آتے ہیں۔

امریکی برتھ چارٹ

صدر امریکا کے ساتھ ہی ایک نظر امریکی زائچے پر بھی ڈالنا ضروری ہے جو درحقیقت اس سال جون سے اچھی پوزیشن میں نہیں ہے، امریکا کے زائچے میں سیارہ شمس کا دور اکبر جاری ہے، شمس زائچے کا نہایت طاقت ور اور سعد سیارہ ہے لیکن اس سال فروری سے شمس کے دور اکبر میں سیارہ زحل کا دور اصغر چل رہا ہے جو آئندہ سال 26 جنوری تک جاری رہے گا، زحل امریکی زائچے کا سب سے زیادہ فعلی منحوس سیارہ ہے، دیگر سیارگان کی پوزیشن بھی خاصی خراب نظر آتی ہے، چناں چہ ہم کہہ سکتے ہیں کہ موجودہ سال امریکا کے لیے بہت اچھا سال نہیں رہا ہے اور ابھی تک صورت حال بہتر نہیں ہے، اندرونی خلفشار، حادثات، سمندری طوفان، عوام میں بے چینی اور اضطراب کے علاوہ بیرون ملک معاملات بھی اطمینان بخش نہیں ہیں، ایران سے محاذ آرائی اپنے عروج پر ہے اور اس اندیشے کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا کہ امریکا ایران کے خلاف کوئی سخت کارروائی کر بیٹھے، افغانستان میں بھی طالبان سے جو معاہدہ ہونے والا تھا اسی خراب صورت حال کی وجہ سے نہیں ہوسکا اور آنے والے مہینوں میں اس کا امکان بھی نظر نہیں آتا، افغانستان میں امریکا کے لیے مزید مسائل بڑھ سکتے ہیں، اسی طرح مشرق وسطیٰ میں بھی امریکی کردار پر نئے سوالات اٹھیں گے جو اس کی ساکھ کے لیے نقصان دہ ہوں گے، امریکی خارجہ پالیسی بھی نئے تنازعات اور مسائل کا شکار ہوگی، امریکی زائچے کے مطابق 15 نومبر سے 15 دسمبر تک امریکا کے لیے خاصا مشکل اور نئے چیلنج لانے والا وقت ہوگا جس میں صدر ٹرمپ کا کردار پہلے سے بھی کچھ زیادہ ہی متنازع ہوسکتا ہے۔

26 جنوری 2020ء سے امریکی زائچے میں سیارہ عطارد کا دور اصغر شروع ہوگا تو صورت حال تبدیل ہوگی اور امریکا موجودہ دورانی صورت حال سے نکلنے میں کامیاب ہوسکے گا، مرکری کا سب پیریڈ 2 دسمبر 2020ء تک جاری رہے گا اور امکان یہی ہے کہ اس عرصے میں امریکا کو افغانستان سے نکلنے کا موقع بھی مل سکے گا، امریکا کی خارجہ پالیسی میں بھی نمایاں تبدیلیاں آئیں گی جو مثبت ہوں گی۔

(واللہ اعلم بالصواب)

سید المرسلین آنحضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

از تحریر: الحاج حافظ شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی، لاہور

نسب و خاندان

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا! اللہ تعالیٰ نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں کنانہ کو فضیلت دی اور کنانہ میں سے قریش کو فضیلت دی اور قریش میں سے بنو ہاشم کو فضیلت دی اور بنو ہاشم میں سے مجھ کو فضیلت دی۔ (مسلم)

نبی محترم صلی اللہ علیہ وسلم کا نسب یہ ہے: سیّدنا محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصیٰ بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان۔

قریش میں بنو ہاشم تاریخ ساز خاندان ہوا ہے اور تاریخ اسلام میں اس خاندان کی نسل سے بہت سے نامور گھرانے معرضِ وجود میں آئے، جنہوں نے مذہب و سیاست اور ریاست میں بڑا نام پیدا کیا۔

سردار و فضیلت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا! قیامت کے دن میں (تمام) اولاد آدمؑ کا سردار ہوں گا، سب سے پہلے قبر سے میں اُٹھوں گا، سب سے پہلے میں شفاعت کروں گا اور سب سے پہلے میری شفاعت قبول ہوگی۔ (مسلم)

علماء نے کہا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد فخر پر مبنی ہیں بلکہ آپ پر واجب تھا کہ آپ امت کو اپنے منصب سے آگاہ کریں۔ "و اما بنعمة ربك فحدث" (القرآن)۔ ترجمہ: اپنے رب کی نعمتوں کو بیان کیجیے تا کہ امت آپ کے مرتبہ کو پہچانے، اس پر اعتقاد رکھیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مرتبہ کے مطابق آپ کی تعظیم کریں۔

وما ارسلنك الا رحمة اللعالمين۔ اور ہم نے آپ کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر ہی تو بھیجا ہے۔

جب اللہ تعالیٰ نے آپ کو تمام جہانوں کے واسطے رحمت بنایا ہے تو اس کا تقاضا یہ ہے کہ آپ تمام جہانوں سے افضل ہوں کیونکہ ہر شخص کو حصولِ رحمت میں آپ کی حاجت ہوں گی۔

آپؐ کے نام کی رفعت

ورفعنا لك ذكرك (القرآن) ترجمہ: اور ہم نے آپ کے لیے آپ کا ذکر بلند کیا۔

دنیا میں ہر وقت کسی نہ کسی جگہ سورج غروب ہو رہا ہے اور غروب آفتاب کے وقت مغرب کی اذان ہو رہی ہے اسی طرح ہر وقت کہیں نہ کہیں طلوع فجر ہو رہی ہے

اور جہاں طلوعِ فجر ہے، وہاں فجر کی اذان ہو رہی ہے۔ وعلیٰ ہذا القیاس اور اذان میں جہاں اللہ کا نام بلند کیا جا رہا ہے، وہاں رسول اللہ ﷺ کا نام بھی بلند کیا جا رہا ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ دنیا میں ہر وقت کسی نہ کسی جگہ پر آپؐ کا نام بلند کیا جا رہا ہے اور جس طرح کلمہ شہادت میں، اذان میں اور تشہد میں اللہ تعالیٰ نے اپنے نام کے ساتھ آپؐ کا نام رکھا ہے۔ انبیاء سابقین میں سے کسی کا نام اپنے نام کے ساتھ نہیں رکھا۔ نیز اللہ تعالیٰ نے آپؐ کی اطاعت کو اپنی اطاعت قرار دیا ہے۔ آپؐ کی بیعت اور اپنی بیعت قرار دیا ہے۔

من یطع الرسول فقد اطاع اللّٰہ (القرآن)۔ جس نے رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔

ان الذین یبایعونک انما یبا یعون اللّٰہ (القرآن)۔ بے شک جو لوگ آپ سے بیعت کرتے ہیں وہ اللہ ہی سے بیعت کرتے ہیں۔

نیز رب تعالیٰ نے آپؐ کی عزت کو اپنی عزت کے ساتھ مقرون فرمایا: "واللّٰہ العزۃ ولرسولہ"۔ آپ کی رضا کو اپنی رضا فرمایا۔ "اللّٰہ ورسولہ حق ان یرضوہ"۔ (القرآن)

نبی پاک ﷺ کے ذکر بلندی کا اس سے اندازہ کیجیے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

ان اللّٰہ وملائکتہ یصلون علی النبی (القرآن)۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے نبی ﷺ پر صلوٰۃ پڑھتے (رحمت) رہتے ہیں۔

گویا ازل سے ابد تک کوئی وقت نہیں گزرتا مگر اس وقت میں اللہ تعالیٰ رسول اللہ ﷺ پر رحمت فرماتا ہے۔

شجاعت

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ لوگوں میں سب سے زیادہ حسین، سب سے زیادہ سخی اور سب سے زیادہ بہادر تھے۔ ایک رات اہل مدینہ خوف زدہ ہو گئے۔ صحابہ کرامؓ اس آواز کی طرف گئے۔ راستہ میں ان لوگوں کو رسول اللہ ﷺ اس جگہ سے واپس آتے ہوئے ملے۔ آپؐ حضرت ابو طلحہؓ کے گھوڑے کی ننگی پیٹھ پر سوار تھے، آپؐ کی گردن مبارک میں تلوار تھی اور آپؐ فرما رہے تھے! تم کو خوفزدہ نہیں کیا گیا۔ (مسلم)

حسنِ اخلاق

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں دس سال رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں رہا۔ خدا کی قسم! آپؐ نے کبھی مجھ سے اُف نہیں کیا اور نہ مجھ سے یہ کہا کہ تم نے فلاں کام کیوں نہیں کیا۔ (مسلم)

سیّدہ عائشہ صدیقہؓ بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نہ طبعاً بُری باتیں کرتے تھے، نہ تکلفاً، نہ بازار میں شور کرتے تھے، بُرائی کا بدلہ بُرائی سے نہیں دیتے تھے لیکن معاف کر دیتے تھے اور درگزر کرتے تھے۔

جُود و سخا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ کبھی ایسا نہیں ہوا کہ رسول اللہ ﷺ سے کسی چیز کا سوال کیا گیا ہو اور آپ ﷺ نے "نہیں" فرمایا ہو۔ (مسلم)

تولد شریف

حضور اقدس ﷺ 12 ربیع الاول کو دوشنبہ کے دن فجر کے وقت کہ ابھی بعض ستارے آسمان پر نظر آ رہے تھے، پیدا ہوئے۔ دونوں ہاتھ زمین پر رکھے ہوئے، سر آسمان کی طرف اُٹھائے ہوئے (جس سے آپ اپنے علومرتبہ کی طرف اشارہ فرما رہے تھے)، بدن بالکل پاکیزہ اور تیز کستوری کی طرح خوشبودار، ختنہ کیے ہوئے، ناف بریدہ، چہرہ چودھویں رات کے چاند کی طرح نورانی، آنکھیں قدرت الٰہی سے سرمگیں، دونوں شانوں کے درمیان مہر نبوت درخشاں، آپ ﷺ کی والدہ نے آپ ﷺ کے دادا عبدالمطلب کو جو اس وقت خانہ کعبہ کا طواف کر رہے تھے، بُلا بھیجا۔ وہ حضرت ﷺ کو دیکھ کر بہت خوش ہوئے اور بیت اللہ شریف میں لے جا کر آپ ﷺ کے لیے صدق دل سے دعا کی اور شکر ادا کیا۔ آپ جس ماہ میں پیدا ہوئے وہ تو ربیع تھا ہی مگر وہ موسم بھی ربیع (بہار) کا تھا۔ کسی نے کیا خوب کہا۔

ربیع فی ربیع، فی ربیع و نورٌ فوق نورٍ، فوق نور

چہرہ مبارک 12، موسم ربیع 12، ماہ تولد شریف 12

قرآن ایک زندہ معجزہ

ناقابل یقین انفارمیشن

از تحریر: علی احمد ڈھلوں

قرآن حکیم کا ایک ایک حرف اتنی زبردست کیلکولیشن اور اتنے حساب و کتاب کے ساتھ اپنی جگہ پر فٹ ہے۔ اتنی بڑی کتاب میں اتنی باریک کیلکولیشن کا کوئی رائٹر تصور بھی نہیں کرسکتا۔ بریکٹس میں دیے گئے یہ الفاظ بطور نمونہ ہیں ورنہ قرآن کا ہر لفظ جتنی مرتبہ استعمال ہوا ہے وہ تعداد اور اس کا پورا ایک گراؤنڈ اپنی جگہ خود علم و عرفان کا ایک وسیع جہان ہے۔ دنیا کا لفظ اگر **115** مرتبہ استعمال ہوا ہے تو اس کے مقابل آخرت کا لفظ بھی **115** مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ وعلی ھذا القیاس۔ (دنیا و آخرت:**115**) (شیاطین و ملائکہ:**88**) (موت و حیات:**145**) (نفع و فساد:**50**) (اجر فصل **108**) (کفر و ایمان :**25**) (شہر:**12**) کیونکہ شہر کا مطلب مہینہ اور سال میں **12** مہینے ہی ہوتے ہیں (اور یوم کا لفظ **360** مرتبہ استعمال ہوا ہے) اتنی بڑی کتاب میں اس عددی مناسبت کا خیال رکھنا کسی بھی انسانی مصنف کے بس کی بات نہیں۔ مگر بات یہیں ختم نہیں ہوتی۔ جدید ترین ریسرچ کے مطابق قرآن حکیم کے حفاظتی نظام میں **19** کے عدد کا بڑا عمل دخل ہے ،اس حیران کن دریافت کا سہرا ایک مصری ڈاکٹر راشد خلیفہ کے سر ہے جو امریکہ کی ایک یونیورسٹی میں کیمسٹری کے پروفیسر تھے۔ **1968**ء میں انہوں نے مکمل قرآنِ پاک کمپیوٹر پر چڑھانے کے بعد قرآنِ پاک کی آیات ان کے الفاظ و حروف میں کوئی تعلق تلاش کرنا شروع کردیا رفتہ ،رفتہ اور لوگ بھی اس ریسرچ میں شامل ہوتے گئے حتیٰ کہ **1972**ء میں یہ ایک باقاعدہ سکول بن گیا۔ ریسرچ کے کا کام جونہی آگے بڑھا ان لوگوں پر قدم قدم پر حیرتوں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے، قرآنِ حکیم کے الفاظ و حروف میں انہیں ایک ایسی حسابی ترتیب نظر آئی جس کے مکمل ادراک کیلئے اس وقت تک کے بنے ہوئے کمپیوٹر ناکافی تھے۔ کلام اللہ میں **19** کا ہندسہ صرف سورہ مدثر میں آیا ہے جہاں اللہ نے فرمایا: دوزخ پر ہم نے انیس محافظ فرشتوں کو مقرر کررکھا ہے اس میں کیا حکمت ہے یہ تو رب ہی جانے لیکن اتنا اندازہ ضرور ہوجاتا ہے کہ **19** کے عدد کا تعلق اللہ کے کسی حفاظتی انتظام سے ہے پھر ہر سورت کے آغاز میں قرآنِ مجید کی پہلی آیت بسم اللہ کو رکھا گیا ہے گویا کہ اس کا تعلق بھی قرآن کی حفاظت سے ہے کیونکہ ہم دیکھتے ہیں بسم اللہ کے کل حروف بھی **19** ہی ہیں پھر یہ دیکھ کر مزید حیرت میں اضافہ ہوتا ہے کہ بسم اللہ میں ترتیب کے ساتھ چار الفاظ استعمال ہوئے ہیں اور ان کے بارے میں ریسرچ کی تو ثابت ہوا کہ اسم پورے قرآن میں **19** مرتبہ استعمال ہوا ہے لفظ الرحمن **57** مرتبہ استعمال ہوا ہے جو **19×3** کا حاصل ہے اور لفظ الرحیم **114** مرتبہ استعمال ہو ہے جو **19×6** کا حاصل ہے اور لفظ اللہ پورے قرآن میں **2699** مرتبہ استعمال ہوا ہے **142×19** کا حاصل ہے لیکن یہاں بقیہ ایک رہتا ہے جس کا صاف مطلب ہے کہ اللہ کی ذات پاک کسی حساب کے تابع نہیں ہے وہ یکتا ہے۔ قرآن مجید کی سورتوں کی تعداد بھی **114** ہے جو **19×6** کا حاصل ہے سورہ توبہ کے آغاز میں بسم اللہ نازل نہیں ہوئی لیکن سورہ نمل آیت نمبر **30** میں مکمل بسم اللہ نازل کرکے **19** کے فارمولا کی تصدیق کردی اگر ایسا نہ ہوتا تو حسابی قاعدہ فیل ہوجاتا۔ اب آیئے حضور علیہ السلام پر اترنے والی پہلی وحی کی طرف: یہ سور علق کی پہلی **5** آیات ہیں: اور یہیں سے **19** کے اس حسابی فارمولے کا آغاز ہوتا ہے! ان **5** آیات کے کل الفاظ **19** ہیں اور ان **19** الفاظ کے کل حروف **76** ہیں جو ٹھیک **19×4** کا حاصل ہیں لیکن بات یہیں ختم نہیں ہوتی جب سورہ علق کے کل حروف کی گنتی کی گئ تو عقل تو ورطہ حیرت میں ڈوب گئی کہ اسکے

باقی صفحہ نمبر 16 پر

دربارِ مصطفائی کا روحانی فیض

نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ نومبر 2019ء

آسمانی کونسل میں نظراتِ سیارگان کی عملیات وتعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، تثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔

قارئین آئینہ قسمت! چند سال سے آپ نے اِس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی اِبتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بن عملیات میں شامل کر کے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کر دی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے اِستفادہ کیا جا سکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوعِ آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی مؤثر ہو جاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری **2019ء** میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر تبھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے **2** رکعت نماز اجمالاً ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، عظامؑ اور اولیاء کرامؒ پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں، اُن کی طرف باادب رُخ کر کے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اُس سمت کھڑی کر کے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 01`09`16`24	جنوب مغرب 02`10`17`25	جنوب 03`11`18`26	مغرب 04`12`19`27
شمال مغرب 05`13`20`00	شمال مشرق 06`00`21`28	مشرق 07`14`22`29	شمال 08`15`23`30

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَلسَّلَامُ عَلَیۡکُمۡ یَارِجَالُ الۡغَیۡبِ وَیَا اَرۡوَاحُ الۡمُقَدَّسَۃ اَعِیۡنُوۡنِیۡ بِقُوَّۃٍ وَ انۡظُرُوۡنِیۡ بِنَظۡرَۃٍ یَا رُقَبَاءُ یَا نُقَبَاءُ یَا نُجَبَاءُ یَا اَبۡدَالُ یَا اَوۡتَادُ یَا قُطۡبُ یَا غَوۡثُ اَعِیۡنُوۡنِیۡ بِحُرۡمَۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین وقارئین کے استفادہ کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہر حال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے **6** کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ کوانی کر کے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے۔

شمار	پہلی								دوسری							تیسری							چوتھی	
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

تسدیس شمس زحل:۔

اس سعد وقت کی ابتداء 7 نومبر 20 بجکر 12 منٹ مکمل نظر 8 نومبر 22 بجکر 6 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 10 نومبر صفر بجکر 1 منٹ پر ہوگا۔ افسران وحکومتی شخصیات کے ساتھ روابط بڑھانے اور عزت وتوقیر میں اضافہ کیلیے سورۃ حجر کا خالی البطن نقش باپرہیز پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۱۴۷۲۵	۱۱۷۸۰۹	۲۴۱۷۵
۷۳۶۲۵	یہاں مقصد لکھیں	۱۰۳۰۸۴
۸۸۳۵۹	۵۸۹۰۰	۲۹۴۵۰

تسدیس مریخ مشتری:۔

اس سعد وقت کی ابتداء 10 نومبر 18 بجکر 00 منٹ مکمل نظر 12 نومبر 23 بجکر 20 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 15 نومبر 4 بجکر 51 منٹ پر ہوگا۔ برائے حصول اسٹاک شیئر، دولت، انعامات، پرائز بانڈز میں کامیابی کیلیے اسم اعظم یَا وھابُ کا نقش بنا کر پاس رکھیں۔ اور 1400 مرتبہ بلاناغہ ورد کریں۔

۷۸۶		
یَاوھابُ	یَاوھابُ	یَاوھابُ
یَاوھابُ	یَاوھابُ	یَاوھابُ
یَاوھابُ	یَاوھابُ	یَاوھابُ

قران شمس عطارد:۔

جدید علم نجوم میں اس سعد نظر کی ابتداء 11 نومبر 10 بجکر 5 منٹ مکمل نظر 20 بجکر 21 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 12 نومبر 6 بجکر 38 منٹ پر ہوگا۔ ذہنی تخلیقی صلاحیتیں، ہمت وحوصلہ بڑھانے کیلیے سورۃ یٰسین کے خالی البطن نقش کو لکھ کر ساعت عطارد میں پاس رکھنا نیک ہے۔

۷۸۶		
۱۸۸۴۵۰	۱۴۷۶۱۰	۵۵۳۵۰
۹۲۲۵۰	یہاں مقصد لکھیں	۱۲۸۱۶۰
۱۱۰۷۱۰	۷۳۸۰۰	۳۶۹۰۰

ڈبل تسدیس عطارد زحل:۔

اس سعد وقت کی ابتداء 13 نومبر 1 بجکر 42 منٹ مکمل نظر 13 نومبر 19 بجکر 34 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 14 نومبر 14 بجکر 26 منٹ پر ہوگا۔ دوسرے سعد وقت کی ابتداء 29 نومبر 11 بجکر 17 منٹ مکمل نظر 30 نومبر 11 بجکر 12 منٹ جبکہ خاتمہ نظر یکم دسمبر 9 بجکر 47 منٹ پر ہوگا۔ برائے حل المشکلات ہر قسم نقش نادعلیؑ لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں نیکی پائیں گے۔

یا علی مدد

قران زہرہ مشتری:۔

اس سعد وقت کی ابتداء 23 نومبر 19 بجکر 6 منٹ مکمل نظر 24 نومبر 18 بجکر 33 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 25 نومبر 18 بجکر 1 منٹ پر ہوگا۔ تسخیر خلق، اُلفت و محبت، پسندیدہ جگہ شادی کے لئے خصوصاً جائز مقاصد کے لئے ساعت زہرہ میں سورۃ یوسف کے خالی البطن نقش سے فیض حاصل کریں۔

۷۸۶		
۴۱۹۹۲	۳۳۵۹۸۸	۱۲۵۹۹۴
۲۰۹۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۹۳۹۹۰
۲۵۱۹۹۲	۱۶۷۹۹۲	۸۳۹۹۶

جو شخص فاضل مال اس لیے طلب کرتا ہے کہ اپنے اہل وعیال کی عزت محفوظ رکھ سکے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے کہیں برتر ہے۔ (ارشاد امام علی رضاؑ)

آج کل معاشرے میں جادوٹونے کے ذریعے شادی کی بندش ہوجاتی ہے، منگنی ہوہوکر ٹوٹ جاتی ہے، یا حروف صوامت کے ذریعے بندش ہوجاتی ہے، جس کی وجہ سے شادی نہیں ہوتی خوبصورت لڑکے لڑکیوں کے چہرے خراب ہوجاتے ہیں۔اس کے لئے سلسلہ رحمکاریہ میں ایک مندرہ مشہور ہے مندرہ یہ ہے جو میں لکھ دیتا ہوں۔

الٰہی الٰہی کھول جا الٰہی کھول جا بحق جبرائیل علیہ السلام کھول جا، میکائیل علیہ السلام کھول جا، اسرافیل علیہ السلام کھول جا، عزرائیل علیہ السلام کھول جا، بحق سورۃ فلق کھول جا، بحق سورۃ الناس کھو جا، بحق سورۃ الکوثر کھول جا، تمام شادی نکاح کی بندشیں کھول جا، کاروباری بندشیں کھول جا، بحق یَا ھادی یَا وکیل کھول جا۔

یہ جن بچیوں بچوں کی شادی نہیں ہوتی ہووہ اکیس (21) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ جہاں لکھا ہے کہ سورۃ فلق، سورۃ الناس اور سورۃ الکوثر کھول جا یہ مکمل پڑھنی ہیں۔ یہ مندرہ کاغذ پر لکھ کے مریض کو گلے میں بھی ڈال سکتے ہیں۔اس کے ساتھ ایک نقش ہے وہ جمعے کے دن 11:00 بجے لکھ کر لڑکا، لڑکی کے گلے میں ڈال دیں۔آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور میرے شہزادے سید محمد ابوعبداللہ شاہ اور ادارہ آئینہ قسمت کے بزرگوں کے لئے دُعا فرمائیں۔

بقیہ: قرآن ایک زندہ معجزہ

کل حروف 304 ہیں جو 19×4×4 کا حاصل ہیں۔اور سامعین کرام! عقل یہ دیکھ کر حیرت کی اتھاہ گہرائیوں میں مزید ڈوب جاتی ہے کہ قرآنِ پاک کی موجودہ ترتیب کے مطابق سورہ علق قرآن پاک کی 96 نمبر سورت ہے اب اگر قرآن کی آخری سورت والناس کی طرف سے گنتی کریں تو آخیر کی طرف سے سورہ علق کا نمبر 19 بنتا ہے اور اگر قرآن کی ابتدا سے دیکھیں تو اس 96 نمبر سورت سے پہلے 95 سورتیں ہیں جو ٹھیک 19×5 کا حاصل ضرب ہیں جس سے یہ بھی ثابت ہوجاتا ہے کہ سورتوں کے آگے پیچھے کی ترتیب بھی انسانی نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے حسابی نظام کا ہی ایک حصہ ہے۔قرآنِ پاک کی سب سے آخر میں نازل ہونے والی سورت سورہ نصر ہے یہ سن کر آپ پر پھر ایک مرتبہ خوشگوار حیرت طاری ہوگی کہ اللہ پاک نے یہاں بھی 19 کا نظام برقرار رکھا ہے پہلی وحی کی طرح آخری وحی سورہ نصر ٹھیک 19 الفاظ پر مشتمل ہے یوں کلام اللہ کی پہلی اور آخری سورت ایک ہی حسابی قاعدہ سے نازل ہوئیں۔سورہ فاتحہ کے بعد قرآن حکیم کی پہلی سورت سورہ بقرہ کی کل آیات 286 ہیں 2 ہٹادیں تو مکی سورتوں کی تعداد سامنے آتی ہے 6 ہٹادیں تو مدنی سورتوں کی تعداد سامنے آتی ہے۔86 کو 28 کے ساتھ جمع کریں تو کل سورتوں کی تعداد 114 سامنے آتی ہے۔آج جب کہ عقل وخرد کو سائنسی ترقی پر بڑا ناز ہے یہی قرآن پھر اپنا چیلنج دہراتا ہے حسابدان، سائنسدان، ہر خاص وعام مومن کافر سبھی سوچنے پر مجبور ہیں کہ آج بھی کسی کتاب میں ایسا حسابی نظام ڈالنا انسانی بساط سے باہر ہے طاقتور کمپیوٹرز کی مدد سے بھی اس جیسے حسابی نظام کے مطابق ہر طرح کی غلطیوں سے پاک کسی کتاب کی تشکیل ناممکن ہوگی لیکن چودہ سو سال پہلے تو اس کا تصور ہی محال ہے لہٰذا کوئی بھی صحیح العقل آدمی اس بات کا انکار نہیں کرسکتا کہ قرآنِ کریم کا حسابی نظام اللہ کا ایسا شاہکار معجزہ ہے جس کا جواب قیامت تک کبھی بھی نہیں ہوسکتا۔

استخارہ

از تحریر: حافظ سید محسن علی زنجانی

خداوند عالم سے خیر و برکت طلب کرنا یا خیر و سعادت کی طرف رہنمائی چاہنا استخارہ کہلاتا ہے۔ جب استخارہ دعا کی صورت میں ہو تو اس کے اثرات و نتائج مختلف صورتوں سے ظاہر ہوتے ہیں۔ کبھی انسان کے دل میں ایسی روشنی پیدا ہوتی ہے۔ صحیح صورتِ حال منکشف ہو جاتی ہے، اسے القائے غیبی سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ اس کے لیے ظاہر و باطن کی پاکیزگی قلب و نظر کی تطہیر اور اللہ تعالیٰ سے وابستگی کی ضرورت ہے تاکہ انسان کا دل کشف و القا کا محل قرار پا سکے اور آئمہ طاہرین اپنے بعض اصحاب کو استخارہ کی تعلیم و تلقین فرماتے تھے۔ چنانچہ حسن ابن جہم نے امام رضاؑ کی خدمت میں عرض کیا کہ فرزند رسول ﷺ ہمیں سفر کرنا ہے۔ مگر تردد ہے کہ خشکی کا سفر کریں یا پانی کا، آپ کی کیا رائے ہے۔۔۔؟ فرمایا: نماز فریضہ کے اوقات کے علاوہ مسجد میں جاؤ اور دو رکعت نماز پڑھیں اور سو مرتبہ استخر اللہ برحمتہ کہو اس کے بعد دیکھو کہ تمہارے دل میں کس بات کا القا ہوتا ہے۔ بس اس پر عمل کریں۔

اور کبھی خیر طلب کا اثر اس طرح ظاہر ہوتا ہے کہ جس کام میں بہتری ہوتی ہے۔ دل میں اس کا پختہ عزم ہو جاتا ہے اور ذہن یکسوئی سے اس پر ٹھہر جاتا ہے۔ چنانچہ اسحاق بن عمار کہتے ہیں کہ میں نے صادق آل محمد ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ بعض اوقات کسی کام کا ارادہ کرتا ہوں تو کچھ لوگ اس کے موافق رائے دیتے ہیں اور کچھ خلاف میں کچھ طے نہیں کہہ سکتا۔ کن لوگوں کی رائے پر عمل کروں۔ آپ نے فرمایا:

کہ جب ایسی صورت ہو تو دو رکعت نماز پڑھو اور ایک سو ایک (101) مرتبہ استخر اللہ برحمتہ کہو۔ ان دونوں کاموں میں سے جس میں حزم، احتیاط کا پہلو نظر آئے، اُسے اختیار کرو۔ اللہ تعالیٰ اس میں بہتری فرمائیں گے اور کچھ خیر طلب کا اثر اس طرح ظاہر ہوتا ہے کہ امر میں بہتری ہوتی ہے۔ وہ اللہ کسی کی زبان سے جاری کرا دیتا ہے۔

چنانچہ ہارون ابن خارجہ کہتے ہیں کہ میں نے امام جعفر صادقؑ کو فرماتے سنا کہ جو شخص کسی کام کو کرنا چاہے تو دوسروں سے مشورہ لینے سے پہلے اللہ تعالیٰ سے مشورہ لے۔

میں نے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ سے کس طرح مشورہ لے؟

فرمایا: پہلے اس کام میں اللہ تعالیٰ سے خیر و برکت چاہے پھر مشورہ کرے تو جب اللہ تعالیٰ سے طلب خیر کے بعد دوسروں سے مشورہ لے گا تو اللہ تعالیٰ مخلوقات میں سے جس کی زبان سے چاہے گا۔ ایسی بات نکلوا دے گا جو اس کے حق میں بھلائی اور بہتری کی ہوگی۔

وہ استخارہ جو نفع و نقصان کے سلسلہ میں رہنمائی چاہنے کے لیے دیکھا جاتا ہے۔ جیسے تسبیح کے دانوں کا طاق و جفت ہونا، رقعوں کا لالا یا نعم کی صورت میں نکلنا اور آیۃ قرآنی کا ثواب یا عذاب کے مضمون پر مشتمل ہونا تو یہ بھی اور کشف کی طرح مشورہ الٰہی کے ظاہر میں سے ایک مظہر ہے، جس سے ذہنی یکسوئی و دلجمعی حاصل ہوتی ہے اور رائے میں قوت پیدا ہوتی ہے۔

اس استخارہ کے حسب ذیل آداب و شرائط ہیں جنہیں ملحوظ رکھنا چاہیے۔ پہلے یہ کہ استخارہ سے قبل طہارت کرے اور دو رکعت نماز پڑھے۔ دوسرے یہ کہ دل و دماغ سے ہر قسم کے فاسد خیالات دور رکھے، تیسرے یہ کہ ہمہ تن اللہ کی طرف متوجہ ہو اور دورانِ استخارہ میں گفتگو نہ کرے، چوتھے یہ کہ جس امر کے لیے استخارہ دیکھے وہ مباح ہو اور واجبات و محرمات میں استخارہ نہ

دیکھے۔ اس لیے کہ واجبات کو بہر صورت بجالانا ہے اور محرمات سے بہر حال پرہیز کرنا ہے۔ پانچویں یہ کہ بے محل استخارہ نہ دیکھے۔ اس طرح کہ استخارہ منع آنے پر کچھ توقف کے بعد پھر استخارہ کرے، اس خیال سے کہ شاید اب بہتر آ جائے، جب تک بہتر نہ آئے، یونہی استخارہ کرے اور منع آنے کی صورت میں کسی خاص راستہ کی نیت کر کے پھر استخارہ کرے۔ یہ سمجھ کر کہ اب نیت بدل گئی ہے یا بغیر کسی ضرورت کے بات بات پر استخارہ دیکھے۔ یہ بازیچہ اطفال ہے جو عموماً قوائے عقلیہ کے ضعیف اور سوچ بچار کی قوتوں کے معطل ہونے کا نتیجہ ہوتا ہے اور بعض لوگ اُسے بلاوجہ مظاہرہ تقدس کے لیے معمول بنا لیتے ہیں، جو ریاء کی ایک قسم ہے، اب ذیل میں استخارہ کے تین طریقے درج کیے جاتے ہیں، جو مروی اور معمول یہ ہیں:

استخارہ قرآنی

قرآن سے استخارہ دیکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے تین مرتبہ سورۃ اخلاص اور پھر تین مرتبہ درود پڑھے اور پھر یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّی تَفَاءلَتُ بِکِتَابِکَ وَ تَوَکَّلتُ عَلَیکَ فَارِنِی مِن کِتَابِکَ مِن سرِکَ المَکنُونِ فِی غَلبِیَکَ

استخارہ ذات الرقاع

جب کسی کام کا ارادہ کرو تو کاغذ کے چھ پرزوں پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ھمٰن الرحیم خیرۃ من اللہ العزیزا کی فلاں ابن فلاں لکھو (فلاں کی جگہ اپنا نام اور فلانہ کی جگہ اپنی ماں کا نام لکھنا چاہیے) اور ان میں تین پر افعل اور تین پر لاتفعل تحریر کرو اور ان پرزوں کو ملا کر مصلے کے نیچے رکھ دو اور دو رکعت نماز استخارہ بجالاؤ اور بعد ختم نماز سجدہ میں سو مرتبہ استخر اللہ برحمتہ خیرہ عافیہ کہو اور سجدہ سے سر اُٹھا کر یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ خِرلِی وَ اَختَرلِی فِی جَمِیعِ الاَمُورِی فِی یَسرِ نِیکَ وَ عَافِیَہ

پھر ایک ایک کر کے تین پرزے نکالو۔ اگر تینوں پر اَفعَل تحریر ہو تو اُس کام کو کرو اور اگر تینوں پر لَا تَفعَل تحریر ہو تو اس کام کو نہ کرو۔ اگر مختلف ہو تو دو پرزے اور نکالو، اب اگر تین اَفعَل ہوں تو اس کام کو کرو اور لاتفعل تین ہوں تو اس کام کو نہ کرو۔

دعائے نایاب عامل حضرات کے لیے

کامل عامل حضرات خاموشی سے اور نو آموز عاملین یا طالبان علم و عمل اکثر شاکی ہوتے ہیں کہ وظائف مؤثر نہیں ہوتے اور ان کی محنت بر اپت نہیں ہو سکی۔ اعمال میں عامل کی ریاضت کے علاوہ یقین کام اہم چیز ہے۔ قرآنی آیات شاہد ہیں کہ خناس وسوسہ سینوں میں ڈالتا ہے دیگر شرائط و آداب تو اپنے مقام پر مؤکلات عامل کا فی ضمیر دیکھ کر کبھی جواب نہیں توڑتے اور اکثر اعمال میں خلل ڈالتے ہیں۔

اَعُوذُ بِاللّٰہِ السَّمِیعِ العَلِیمِ مِنَ الشَّیطَانِ الرَّجِیمِ ط بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ط اَللّٰھُمَّ طَھِّر قَلبِی مِن الشَّكِ وَالرِّیَاءِ وَ زَیِّن لِسَانِی بِالشُّکرِ وَالثَّنَاءِ یَاقَبطَائِیل یَا عَطَائِیل یَا طَمطَائِیل یَا طَلمَطَائِیل یَاطَمقَائِیل یَا عَطفَائِیل یَا سَملَطَائِیل یَا مُصلَیَائِیل اَفَحَسِبتُم اَنَّمَا خَلَقنَاکُم عَبَثًا وَ اَنَّکُم اِلَینَا لَا تُرجَعُونَ اَللّٰھُمَّ اِفتَح اَبوَابَ السَّمَاءِ بِاَبدَال الرُّوحَانِیَاتِ المُؤَکّلَاتِ عَلٰی قِرَاۃِ الاَسمَاءِ وَالدَّعوَاتِ السَّائلَاتِ مَعَ البَرَکَاتِ یَا قَاضِیَ الحَاجَاتِ یَا مُجِیبُ الدَّعوَاتِ یَا عَالِمُ الخَفِیَاتِ یَا مُنزِلُ البَرَکَاتِ یَا رَافِیعُ الدَّرَجَاتِ یَا غَافِرِ الخَطِیَاتِ رَبَّنَا عَلَیكَ تَوَکَّلنَا وَاِلَیكَ المَصِیرُ ٥ط

یہ دعا عطیہ معصومینؑ میں سے ہے اور خاص کر عاملین حضرات کو دعا نایاب ازبر کر لینی چاہیے اور درود شریف کے بعد اول و آخر حضرات عامل کے لیے ضروری ہے کہ دعائے نایاب شرائط و آداب روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ روز بروز عامل کامیابی جملہ جائز عمل محسوس کریں گے۔

موضوع بحث پر قلم اٹھانے سے پہلے دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس عظیم مہینہ کی برکت اور محمدؐ وآل محمدؐ کے صدقے میں تمام اہل وطن کو فیض حقیقی اٹھانے کی توفیق عطا فرماتے ہوئے ہر قسم کے دینی و دنیاوی مقاصد میں کامیابی و کامرانی سے ہمکنار کرے۔ (آمین) موضوع عنوان بالا کی جزئیات کی تفصیل بیان کی جائیں تو روزہ کی افادیت کے ہر نقطہ پر ایک کتاب لکھی جاسکتی ہے مگر تفصیل پھر بھی تشنہ رہ جائے گی اسی سبب اپنے مقصد کو نئی نسل کو منتقل کرنے کے لیے بلا تمہید نتائج کو اشاروں اور کنائیوں سے ربط دیتے ہوئے گزرتا جاؤں گا۔

رمضان المبارک کی وجہ تسمیہ: رمضان ''رمض'' سے ماخوذ ہے اور رمض کے معنی جلنے کے ہیں چونکہ رمضان کا مہینہ گناہوں کو جلاتا ہے اس لیے اس کا نام ''رمضان'' منتخب کیا گیا اور رمضان اسماء مبارکہ الٰہیہ میں سے بھی ہے اسی لیے ارشاد نبویؐ ہے کہ فقط رمضان نہ کہا کرو بلکہ ''ماہ رمضان'' کہا کرو۔

ضیافت الٰہی کا مہینہ: مختصراً ارشاد نبویؐ ہے کہ رمضان المبارک وہ مہینہ ہے جس میں تمہیں اللہ تعالیٰ اپنی دعوت پر بلا کر خود میزبانی کے فرائض انجام دیتا ہے۔

روزہ کیوں فرض کیا گیا: حضرت امیر المؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ اور لخت جگر رسالت مآب جناب فاطمۃ الزہراؑ ارشاد فرماتی ہیں کہ ''روزہ مخلوق خدا کے خلوص کو آزمانے کے لیے فرض کیا گیا ہے کہ پتہ چل جائے کہ انسان اپنے رب سے کتنا مخلص ہے'' خاتم المرسلینؐ کا فرمان ہے کہ ''روزہ رکھو اور تندرستی حاصل کرو'' اسی طرح آئمہ معصومینؑ فرماتے ہیں کہ ''جہاں روزہ رکھو اور تندرستی حاصل کرو'' اسی طرح آئمہ معصومینؑ فرماتے ہیں کہ ''جہاں روزہ تکبر کو بھگانے کا باعث ہے وہیں روزہ خون کی نالیوں کو صاف کرتا ہے گوشت بڑھاتا ہے اور جہنم کی آگ سے بچاتا ہے۔''

فلسفہ روزہ: ماہ رمضان میں صائم کی روحانی قوت تیز ہوتی ہے اسی وجہ سے اولیاء اللہ ماہ رمضان کو ''تنویر قلب'' کا مہینہ کہتے ہیں۔ صائم خدا کے اسرار و رموز پر اطلاع چاہتا ہے اسی سبب قرآن نے روزہ دار کو ''صائح'' کہا ہے جس کے معنی روحانی منازل طے کرنے والے کے ہیں اور حضور اکرمؐ نے انسانی ہمدردی و مواسات کے جذبات ابھرنے کے سبب رمضان کے مہینے کو ''شہر المواساۃ'' فرمایا ہے۔

روزہ عالمگیر عبادت ھے: انسائیکلو پیڈیا بریٹینکا میں لکھا ہے کہ ''روزے کے طریقے اس کے اغراض، آب و ہوا، قوم و نسل، تہذیب و تمدن اور دوسرے حالات کے پیش نظر سب کچھ مختلف ہیں لیکن کسی ایسے قابل ذکر مذہبی سلسلے کا نام لینا مشکل ہے جس میں روزے سے کلیتہً انکار کیا گیا ہو اور اسے تسلیم نہ کیا گیا ہو بظاہر روزہ مسلمانوں پر ہجرت کے بعد فرض ہوا مگر ارشاد قدرت ہے ''اے ایمان والو! تم پر روزے فرض کر دیے گئے جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے تاکہ تم متقی بن جاؤ۔'' (البقرہ ۱۸۳)

عبادات مخصوصہ: ماہ رمضان میں یوں تو ہر سانس کا اور ہر فعل کا جس میں خالق کی نافرمانی شامل نہ ہو عبادت ہے مگر یہاں پر صرف مخصوص کچھ چیزوں کا اظہار ضروری سمجھتا ہوں جن کا عام طور پر کتابوں میں تذکرہ نہیں ملتا۔ مندرجہ ذیل اعمال کی بجا آوری نجات کا باعث ہوگی۔

☆ سحری و افطاری کے وقت دعا کے ساتھ انا انزلناہ پڑھنا چاہیے نیز درود اور اس استغفار کی بڑی اہمیت ہے۔ ''یَا عَظِیْمُ یَا عَظِیْمُ اَنْتَ اِلٰھِیْ لَا اِلٰہَ لِیْ غَیْرُکَ اِغْفِرْلِیَ الذَّنْبَ الْعَظِیْمَ اِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذَّنْبَ الْعَظِیْمُ اِلَّا الْعَظِیْمُ'' اس استغفار کو ہر نماز کے بعد پڑھنا نیز ماہ مبارک کے علاوہ بھی ورد

رکھنا گناہوں سے بخشش اور رحمت خداوندی کے حصول کا ضامن ہے۔

☆ ہر شب میں ہزار مرتبہ سورہ انا انزلناہ کا پڑھنا وارد ہوا ہے۔

☆ ماہ رمضان میں ایک ہزار رکعت نماز نافلہ پڑھنا مستحب ہے یہ نماز دو دو رکعت کر کے ادا کی جاتی ہے اس کی ترتیب یہ ہے یکم رمضان سے بیس رمضان المبارک تک روزانہ بیس رکعت، آٹھ رکعت مغرب کے بعد اور بارہ رکعت عشاء کے بعد، اکیس سے تیس رمضان تک روزانہ تیس رکعت، آٹھ رکعت نماز مغرب کے بعد اور بائیس رکعت نماز عشاء کے بعد۔

☆ علاوہ ازیں انیسویں، اکیسویں، ستائیسویں شب کو اور اعمال کے علاوہ ایک ایک سو (**100** رکعت کی ادائیگی ہے صحت، تندرستی کے ساتھ اللہ تعالیٰ ان کی ادائیگی کی توفیق عطاء فرمائے۔

افطار صوم: قرآن کریم میں سورۃ البقرآیت **187** میں اللہ تعالیٰ نے اوقات سحر واوقات افطار کی راہنمائی میں یوں ارشاد فرمایا ہے کہ:۔

وَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ص ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ ج (اور کھاؤ اور پیو یہاں تک کہ نمایاں ظاہر ہو جائے تمہارے لیے سفید ڈورا، سیاہ ڈورے سے صبح کے وقت پھر پورا کرو روزہ کو رات تک) پیر کرم محمد کرم شاہ صاحب اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ اس آیت میں پہلے کی ابتداء کا وقت بتایا گیا ہے یعنی صبح صادق کا طلوع ہونا یعنی وہ روشن جو دائیں بائیں پھیلتی ہے پھر اس کے اختتام کا وقت بتایا کہ رات آنے تک روزہ مکمل کرو نیز حضور اکرمؐ نے اپنے اس ارشاد میں وضاحت فرما دی (جب مغرب سے دن پیٹھ پھیر دے اور ادھر مشرق سے رات آ جائے وہ وقت افطار کا۔ پیر کرم شاہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ بعض لوگ روزہ کے افطار میں اتنی جلدی کرنے لگے ہیں کہ سورج بھی صحیح طور پر غروب نہیں ہوتا کہ وہ افطار کا نقارہ بجا دیتے ہیں۔

قرآن کریم میں روزے کے افطار کے وقت کو 'لیل' سے تعبیر کیا گیا ہے اور "لیل" آغاز شب کو کہتے ہیں اور وہ وقت غروب آفتاب کے بعد کا ہے۔ اس کی نشانی یہ ہے کہ مشرق کی جانب سے سرخی جاتی رہے۔ اور سیاہی ادھر سے آ کر پھیلتی ہوئی سر کے اوپر سے گزر جائے اس بات میں تقسیم کیا ہے۔ دن کے بارہ حصوں کے نام یہ ہیں۔ **(i)** شرق **(ii)** بکور **(iii)** عذر **(iv)** ضحیٰ **(v)** باجرہ **(vi)** ضمیرہ **(vii)** سواح **(viii)** عصر **(ix)** قصر **(x)** اصیل **(xi)** عشی **(xii)** غروب اور غروب آفتاب کے بعد کے بارہ حصوں کے نام یہ ہیں۔ **(i)** شفق **(ii)** غسق **(iii)** عقد **(iv)** سدور **(v)** جھمہ **(vi)** زلد **(vii)** زاحذ **(viii)** بھرہ **(ix)** سحر **(x)** فجر **(xi)** صبح **(xii)** صباح۔ اس تقسیم سے معلوم ہو گیا کہ غروب آفتاب کو دن کا بارھواں حصہ شمار کیا جاتا ہے۔ رات کے پہلے حصے کو 'شفق' دوسرے کو 'غسق' کہا گیا ہے۔ جو 'لیل' ہے اس لیے غروب آفتاب کے بعد غسق یعنی لیل تک انتظار کر کے روزہ افطار کرنا چاہیے۔ اس وضاحت کے بعد عبادت کے لیے شائقین کے لیے دعائے افطار (شاید یہ دعا سامعین کی نگاہ میں پہلی ہی مرتبہ آئی ہو) جو کہ حضور اکرمؐ سے منسوب ہے پیش کی جاتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ النُّورِ الْعَظِيمِ وَرَبَّ الْكُرْسِيِّ الرَّفِيعِ وَرَبَّ الْبَحْرِ الْمَسْجُورِ وَرَبَّ الشَّفْعِ الْكَبِيرِ وَالنُّورِ الْعَزِيزِ وَرَبَّ التَّوْرٰيةِ وَالْاِنْجِيلِ وَالزَّبُورِ وَالْقُرْآنِ الْعَظِيمِ اَنْتَ اِلٰهُ مَنْ فِي السَّمٰوَاتِ وَاِلٰهُ مَنْ فِي الْاَرْضِ لَا اِلٰهَ فِيهِمَا غَيْرُكَ وَاَنْتَ مَلِكُ مَنْ فِي السَّمٰوَاتِ وَمَلِكُ مَنْ فِي الْاَرْضِ لَا مَلِكَ فِيهِمَا غَيْرُكَ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْكَبِيرِ وَنُورِ وَجْهِكَ الْمُنِيرِ (الْكَرِيمِ) وَبِمُلْكِكَ الْقَدِيمِ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِي اَشْرَقَ بِهِ كُلُّ شَيْءٍ وَبِاسْمِكَ الَّذِي اَشْرَقَتْ بِهِ السَّمٰوَاتُ وَالْاَرْضُ وَبِاسْمِكَ الَّذِي صَلَحَ بِهِ الْاَوَّلُونَ وَبِهِ يَصْلُحُ الْاٰخِرُونَ يَا حَيًّا قَبْلَ كُلِّ حَيٍّ وَيَا حَيًّا بَعْدَ كُلِّ حَيٍّ يَا حَيُّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْلِي ذُنُوبِي وَاجْعَلْ لِي مِنْ اَمْرِي يُسْرًا وَفَرَجًا قَرِيبًا وَثَبِّتْنِي عَلٰى دِينِ مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَعَلٰى هُدٰى مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَعَلٰى سُنَّةِ مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ وَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَاجْعَلْ عَمَلِي فِي الْمَرْفُوعِ الْمُتَقَبَّلِ وَهَبْ لِي كَمَا وَهَبْتَ لِاَوْلِيَائِكَ وَاَهْلِ طَاعَتِكَ فَاِنِّي مُؤْمِنٌ بِكَ مُتَوَكِّلٌ عَلَيْكَ مُنِيبٌ اِلَيْكَ مَعَ مَصِيرِي اِلَيْكَ وَ تَجْمَعُ لِي وَ (لِوَالِدَيَّ وَ) لِاَهْلِي وَلِوَلَدِيَ الْخَيْرَ كُلَّهُ وَ تَصْرِفُ عَنِّي (وَعَنْ وَالِدَيَّ) وَعَنْ اَهْلِي وَعَنْ وَلَدِي الشَّرَّ كُلَّهُ وَاَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِيعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ تُعْطِي الْخَيْرَ مَنْ تَشَاءُ تَصْرِفُهُ عَنْ مَنْ تَشَاءُ فَامْنُنْ عَلَيَّ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ و آں حضرت وقت افطار میخواند اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْنَا وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْنَا فَتَقَبَّلْهُ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

دعائے افطار کی طرح دعائے سحر بھی اپنی افادیت اور مفہوم کے اعتبار سے مومنین کی حاجت روائی کے لیے ہر وقت مفید ثابت ہو سکتی ہے۔ بشرطیکہ اللہ تعالیٰ رجوع ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

دعائے سحر

جیسا کہ دعا کے نام سے ظاہر ہے کہ "سحر" گردشوں سے نکلنے، گناہوں کے معاف ہونے۔ گردشِ لیل و نہار کی تاریکیوں کے بعد ظاہر ہونے، گمراہی اور آزمائش کے اندھیروں سے باہر نکلنے کا نام ہے۔ اس لیے اس دعا کو رمضان المبارک کے علاوہ اپنے مخصوص مطالب دینی و دنیاوی کے حاصل

ہونے کے لیے ہر روز ورد جاری رکھ سکتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ بِلَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ وَبِبَھاءِ لَااِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ وَاَسْأَلُکَ بِجَلَالِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، وَاَسْأَلُکَ بِجَمَالِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، وَاَسْأَلُکَ بِعَظَمَۃِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، وَاَسْئَلُکَ بِنُورِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، وَاَسْئَلُکَ بِرَحْمَۃِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ وَاَسْئَلُکَ بِکَمَالِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، وَاَسْئَلُکَ بِکَلِمَاتِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، وَاَسْئَلُکَ بِاَسْمَآءِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، وَاَسْئَلُکَ بِعِزَّۃِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، وَاَسْئَلُکَ بِقُدْرَۃِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، وَاَسْئَلُکَ بِسُلْطَانِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، وَاَسْئَلُکَ بِعُلُوِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، وَاَسْئَلُکَ بِآیَاتِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، وَاَسْئَلُکَ بِمَشِیَّۃِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، وَاَسْئَلُکَ بِعِلْمِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، وَاَسْئَلُکَ بِشَرَفِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، وَاَسْئَلُکَ بِمُلْکِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، وَاَسْئَلُکَ بِفَضْلِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، وَاَسْئَلُکَ بِکَرَمِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، وَاَسْئَلُکَ بِرِفْعَۃِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ، وَاَنْ تَمُدَّلِیَ فِیْ عُمْرِیْ، وَتُوَسِّعَ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ، وَتُصِحَّ لِیْ جِسْمِیْ وَتُبَلِّغَ بِیْ اَمَلِیْ، اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتُ عِنْدَکَ مِنَ الْاَشْقِیَاءِ فَامْحُنِیْ مِنَ الْاَشْقِیَآءِ وَاکْتُبْنِیْ مِنَ السُّعَدَآءِ، فَاِنَّکَ قُلْتَ (یَمْحُوا اللّٰہُ مَا یَشَآءُ وَیُثْبِتُ وَعِنْدَہٗ اُمُّ الْکِتَابِ)۔۔۔۔اپنی حاجت طلب کریں۔

مخصوص روحانی وظائف:

چاند رات: یوں تو ہر ماہ چاند کی پہلی رات کو دو رکعت نماز کا پڑھنا اس ترکیب سے کہ پہلی رکعت میں الحمد کے بعد تیس مرتبہ قل ہو اللہ اور دوسری رکعت میں بعد الحمد کے تیس مرتبہ انا انزلناہ پڑھ کر نماز کو ختم کرے اور کچھ صدقہ دے تو گویا اس نے سلامتی اس ماہ کی خرید لی مگر رمضان المبارک کی چاند رات انتہائی قیمتی روحانی سرمایہ ہے تمام خواص و عام اس سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ بات صرف توجہ دینے اور اللہ تعالیٰ کی عنایات کے شامل ہونے کی ہے۔

☆ نیا چاند دیکھ کر چند بار اللہ اکبر، اللہ اکبر کہنا چاہیے، سبزہ دیکھنا چاہیے سورۃ محمدؐ کی تلاوت کرنی چاہیے نیز سات مرتبہ ''الحمد شریف'' کی تلاوت کر کے دعا کر لینا چاہیے۔

☆ عروج و ترقی کے لیے دل میں حاجت و مقصد رکھ کر ہلال رمضان دیکھ کر سات مرتبہ کہو ''یَا اِسْرَافِیْلُ یَا مِیْکَائِیْلُ وَیَاسَتَّارُ یَا غَفَّارُ'' پھر اللہ تعالیٰ کے حضور محمدؐ و آل محمدؐ کے صدقے سے دعا کرو آگے پیچھے سات مرتبہ درود لازمی پڑھنا ہے اور چاند کی سات تاریخ تک یہ عمل دہراتے رہنا ہے انشاء اللہ چاروں طرف سے برکات و فتوحات کے دروازے کھلنا شروع ہو جائیں گے۔ نیز اگر اس عمل کے بعد ہمیشہ ہر ماہ چاند کے پہلے سات دنوں میں اس عمل کو دہراتے ہیں تو دوسرے رمضان تک چلہ پورا ہو جائے گا اور خدا غنی کر دے گا۔ انشاء اللہ

وسعت و برکت رزق کا نقش: ماہ رمضان کے چودھویں روزے کو صبح سورج نکلنے کے پہلے گھنٹے میں شرائط نقوش بھرنے کی پابندی کرتے ہوئے گولڈن کاغذ یا چاندی پر نقش بنا کر سونے کا پانی چڑھوا کر دو رکعت نماز حاجت پڑھ کر دعا کر کے ۱۲۹ مرتبہ چالیس دن سورہ شوریٰ کی آیت ۱۹ کی تلاوت لازمی جاری رکھیں اور نقش پر دم کرتے رہیں اور اختتام پر کچھ صدقہ غرباء میں ضرور تقسیم کریں یہ آیت اور نقش کے اندر والی آیت خزانہ ربی کی کلید ہے انشاء اللہ جملہ مصائب و بلیات سے تحفظ نصیب ہوگا۔ نقش درج ذیل ہے کونے کے اعداد صرف چال کے لیے دیے گئے ہیں بالکل اسی طرح نقل کرنا ہے۔ نقش کے اندر خانوں کا وفق ۲۷۹ بنتا ہے۔

اَللّٰہُ لَطِیْفٌ

4 بِعِبَادِہٖ	9 لَطِیْفُ	2 اَللّٰہُ
3 ۷۵	5 ۹۳	7 ۱۱۱
8 ۱۲۰	1 ۵۷	6 ۱۰۲

مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ

بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ — الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ

رمضان المبارک میں شرف قمر **18** ستمبر **17** رمضان بروز جمعرات آئے گا اس میں مثلث آبی زعفران و گلاب کے عرق سے لکھ کر محفوظ کر لیں بیماروں کے لیے نوید صحت ہے بخار والے کو پانی یا شربت میں گھول کر تین دن استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

موعظہ امام جعفر صادق علیہ السلام

ایک شخص امام جعفر صادقؑ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کی کہ فرزند رسولؐ مجھے نصیحت فرمائیں تو آپؑ نے فرمایا۔ ☆ جب پروردگار نے رزق کی ضمانت لے لی ہے تو ہر وقت اس کی فکر کیوں؟ ☆ جب رزق مقرر ہو چکا ہے تو لالچ کیوں؟ ☆ جب حساب برحق ہے تو جمع کرنے کا فائدہ کیا؟ ☆ جب پروردگار کمی پوری کرنے والا ہے تو بخل کیوں؟ ☆ جب جہنم کا عذاب برحق ہے تو گناہ کیوں؟ ☆ جب موت برحق ہے تو خوشی کس بات کی ہے؟ ☆ جب خدا کے سامنے پیشی برحق ہے تو مکاری کیوں؟ ☆ جب ہر بات قضا و قدر پروردگار سے ہے تو رنج و الم کس بات کا؟ ☆ جب دنیا فنا ہونے والی ہے تو اطمینان کس بات کا؟ (خصال صدوقؒ 450/2)

سورۃ القریش سے نحوستوں کا خاتمہ

ازتحریر:۔تنویر عصری (ایم اے) راولپنڈی

تمام تعریفیں علیم وخبیر رب العالمین صاحب جلال والصفات کے لیے۔کل درود وسلام انبیاءؑ کے نور پر، اولیاء عصمتؑ پر، شہداء کے خونوں پر، صالحین کے کرداروں پر، مناجات والے فقراء پر، بالخصوص ختم المرسلین محمد مصطفیٰؐ اور منبع علم اہل بیتؑ اطہار پر، آئینہ قسمت کے بانیان، مدیران اور متعلقین کی تندرستی وطول حاجات وقبولیت دعا کے بعد روایتی انفرادیوں پر محیط سورۃ القریش کو بنیاد بناتے ہوئے روحانیات کے متلاشی پیاسوں کے لیے شکر خداوند کے ساتھ عمل پیش خدمت ہے۔

رحمت خداوندی سے مایوسی کی ممانعت کی بیساکھیوں کا سہارا لیتے ہوئے مختصراً عرض ہے کہ مایوسی اور لاعلاج گردش لیل ونہار کے امراض میں مبتلا انسان اس عمل سے یقینی فیض خداوندی حاصل کرنے سے قبل سکون وتحمل سے "سورۃ الفجر" کی آیات کا ترجمہ وتفسیر اردو زبان میں کئی مرتبہ دہرائیں۔تاکہ ذہنوں میں گردشتوں اور بندشوں کا قرآنی تصور اُجاگر ہو سکے۔"سورۃ الفجر" کے مطابق امتحانات کے پہلے پرچے کی شروعات "تنگی رزق" کے سوال سے شروع ہو کر پھلتی پھولتی جاتی ہیں۔یعنی اس مقام سے انسان میں خوف و مایوسی "تنگی رزق" جن کو بندشوں اور رکاوٹوں کے نام سے متعارف کرایا جاتا ہے اپنی جڑیں گہری کرنا شروع کر دیتا ہے۔جس کو ظلمت اور تاریکی کے دور سے انسان ہمیشہ یاد رکھتا ہے۔(سورۃ لایلاف) کی آیات میں انہی امتحانات سے تحفظ کی ضمانت حکیم مطلق نے عطا فرمائی ہے۔ویسے بھی (سورہ لایلاف) کا **70** مرتبہ روزانہ ورد آزمائشوں سے نجات کا سبب ہے۔پانی پر دم کر کے پلانے سے دل کے امراض سے شفا کا باعث اور بھوکا شخص طلوع آفتاب سے پہلے یعنی فجر کی نماز کے بعد اس کے ورد کی عادت بنا لے تو خداوند عالم اس کی روزی آسان کر دیتا ہے۔روحانی عمائدین رزق کے مضر اثرات کے خاتمہ کے لیے "القریش" کا ورد کرواتے چلے آ رہے ہیں۔معصومینؑ کے فرمودات کی روشنی میں واجب نمازوں میں اس کی تلاوت کا ثواب بہت ہی زیادہ ہے۔

ان تمہیدی کلمات کو ذہن نشین رکھتے ہوئے "حق الیقین" کی منزل پر اُترتے ہوئے درج ذیل مخفی خصوصیات سے لطف اندوز ہوتے ہوئے نہ صرف خود بلکہ حفظ ماتقدم کے طور پر اپنی اولادوں کو بھی اس عمل سے سیراب ہونے کی نصیحت فرمائیں۔قرآن کریم کی آیات ومعصومینؑ کے اقوال کی روشنی میں نحوستوں، گردشتوں، بندشوں کی منازل کو ثابت قدمی سے برداشت کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ چھینی ہوئی نعمتیں واپس لوٹا دیتا ہے۔واپسی نعمات کے لیے یہ ایک ادنیٰ سی چھتری ہے۔عشاء کی نماز کے بعد پاکیزہ کپڑوں سے جو کہ عطر وغیرہ سے یا جگہ اگربتی کی خوشبوؤں سے معطر ہو۔روزانہ ایک مرتبہ مکمل عمل ہدایات کے مطابق سر انجام دیں۔اس عمل میں ظاہراً دس غیبی کنجیوں سے مدد لی گئی ہے۔جس کا مفرد عدد "ایک" بنتا ہے۔جبکہ وردِ کلام کی تعداد **(161)** یعنی عدد **(8)** کی تاریکیوں سے نجات کے لیے خالق نور کی مدد حاصل کی گئی ہے۔کفران نعمات الٰہیہ کے سبب بندشوں کا سبب کیسا ہی کیوں نہ ہو۔ذوالفقار نور الٰہی کے سبب خوشیوں اور مسرتوں سے لطف اندوز ہونا شکر کے قابل بنا دے گا۔انشاءاللہ

تفصیل عمل : **(1)** اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ.. تعداد **8** مرتبہ۔ **(2)** اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی جِبْرَائیل... تعداد **100** مرتبہ۔ **(3)** لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اَنْـتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّی کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ (سورۃ انبیاء آیت **87**)۔۔۔تعداد **8** مرتبہ۔ **(4)** یُغْشِی الَّیلَ النَّھَارَ یَطْلُبُهٗ حَثِیْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرَاتٍ ۢ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَکَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ (سورۃ الاعراف آیت **54**)۔۔۔تعداد **8** مرتبہ۔ **(5)** لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ (سورۃ القریش آیت **1,2**)۔۔۔تعداد **3** مرتبہ۔ **(6)** لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ... تعداد **5** مرتبہ۔ **(7)** فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَیْتِ ۙ (سورۃ القریش آیت **3**)۔۔۔تعداد **3** مرتبہ۔ **(8)** هُوَ الَّذِیْ یُصَلِّیْ عَلَیْکُمْ وَمَلٰٓئِکَتُهٗ لِیُخْرِجَکُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ (سورۃ الاحزاب آیت **43**)۔۔۔تعداد **8** مرتبہ۔ **(9)** اَلَّذِیْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۵ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ (سورہ القریش آیت **4**)۔۔۔تعداد **10** مرتبہ۔ **(10)** اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ (سورۃ البقرہ آیت **257**)۔۔۔تعداد **8** مرتبہ۔(ٹوٹل تعداد: **161**)

کشائش رزق کے قرآنی مجرب اعمال

میرے مولا، تو میرے رزق کے بدلے مجھ کو میرے آقا ﷺ نے جو باندھا تھا وہ پتھر دے دے

از تحریر: قیصر احمد (بی۔اے) کراچی

یَابَدِیۡعَ الۡعَجَائِبِ بِالۡخَیۡرِ یَابَدِیۡعُ

معنی: اے عجیب چیزوں کو بھلائی کیساتھ پیدا کرنے والے اے نئی چیزوں کے خالق۔

فضیلت: جب کسی کو کوئی حاجت ہو تو 12 دن روزانہ 1300 مرتبہ پڑھے انشاء اللہ اس کی حاجت پوری ہوگی۔ روزانہ 100 مرتبہ پڑھنے سے بھی کامیابی ہوگی۔ بہت چھوٹی لیکن بہت ہی کارآمد دعا ہے۔ اس کے پڑھنے والا ہر قسم کی تنگدستی سے نجات پائیگا اور کچھ عرصہ بعد مالا مال ہوجائیگا۔

سورۃ الطلاق آیت وَمَن قُدِرَ عَلَیۡهِ رِزۡقُهٗ سے یُسۡرًا تک (پارہ قد سمع اللہ 17)

خاصیت: جس کی روزی تنگ ہو گناہ سے توبہ کرے اور نیک کاموں کا ارادہ کرے اور شبِ جمعہ کی نصف شب کو اُٹھ کر استغفار سو (100) مرتبہ اور درود شریف سو (100) مرتبہ پڑھ کر سو رہے۔ خواب میں معلوم ہوجائیگا کہ کیا تدبیر کرے جو تنگی دفع ہو۔ وَمَنۡ یَّتَوَکَّلۡ عَلَی اللّٰهِ فَهُوَ حَسۡبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمۡرِهٖ ؕ قَدۡ جَعَلَ اللّٰهُ لِکُلِّ شَیۡءٍ قَدۡرًا۔

خاصیت: فراخی رزق کیلئے اور جس مقصد کیلئے اس کو پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تنگدستی دُور ہوجائے گی اور مہم آسان ہوگی۔

خاصیت: چند شخص حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے پاس آئے کسی نے پانی نہ برسنے کی شکایت کی اور کسی نے اولاد نہ ہونے کی شکایت کی اور کسی نے دوسری حاجتوں کیلئے کہا۔ آپ نے سب کے جواب میں فرمایا کہ استغفار کرو۔ ایک شخص نے پوچھا کہ یا حضرت اس کی کیا وجہ ہے؟ کہ آپ نے سب کیلئے ایک ہی جواب فرمایا: آپ نے جواب میں اسی آیت کو پڑھا اور فرمایا کہ "دیکھو اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام پاک میں اسی کو ارشاد فرمایا ہے۔"

خاصیت: جو شخص صبح، دوپہر، شام، رات روزانہ 101 بار لَاحَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ ؕ پڑھا کرے تو وہ کبھی زندگی بھر تنگدست نہ رہیگا ہمیشہ مالا مال رہیگا۔

تنگدستی و مشکل کام کے حل کیلئے: رَبِّ یَسِّرۡ وَلَا تُعَسِّرۡ وَتَمِّمۡ بِالۡخَیۡرِ وَبِكَ نَسۡتَعِیۡنُ ؕ

خاصیت: ہر نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم فرمائیں گے۔

فراخی روزی و عذاب قبر سے بچنے کی دُعا: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الۡمَلِكُ الۡحَقُّ الۡمُبِیۡنُ ؕ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ صَادِقُ الۡوَعۡدِ الۡاَمِیۡنُ ؕ

فضیلت: جو انسان روزانہ سو (100) بار اس کا ورد کریگا اس کی روزی میں برکت ہوگی۔ عذاب قبر سے بچا رہیگا۔

فضیلت: اَللّٰهُمَّ اغۡفِرۡلِیۡ وَارۡحَمۡنِیۡ وَ عَهۡدِلِیۡ وَ عَافِنِیۡ وَ اَرۡزُقۡنِیۡ۔

ترجمہ: اے اللہ تو مجھے بخش دے مجھ پر رحم فرما ہدایت دے مجھے عافیت اور رزق عطا فرما روزانہ صبح شام سو (100) مرتبہ پڑھیں رزق کی کشادگی کیلئے مجرب المجرب ہے۔

فضیلت: جو شخص روزانہ 1002 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اور اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے تو مال زر کثیر آئے اور رزق کی کشادگی بے انتہاء ہو مگر یاد رہے غریبوں و مسکینوں کا ضرور خیال رکھیں اور زکوٰۃ خیرات و صدقہ دیا کرے۔ انشاء اللہ اسیری سے سیراب ہوگا۔

فراخی رزق: آیت کریمہ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الۡقُوَّةِ الۡمَتِیۡنُ ؕ صبح صادق سے پہلے اُٹھ کر وضو کے بعد خوشبو جلائے اور ایک ہزار بار اس آیت کو پڑھے فراخی رزق کی دولت نصیب ہو۔

وسعت رزق: یَا مُسَبِّبَ الۡاَسۡبَابِ ؕ پانچ سو (500) مرتبہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف بعد نماز عشاء باوضو ننگے سر ایسی جگہ جہاں سر اور آسمان کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو۔ یہاں تک کہ سر پر ٹوپی بھی نہ ہو۔

دفع محتاجی کا عمل: سورۃ فلق ہر روز تیس بار پڑھے محتاج نہ ہوگا۔

دفع محتاجی: روزانہ بعد نماز عشاء سورۃ واقعہ ایک مرتبہ پڑھنا بیحد مفید ہے اور اس کے عامل کو انشاء اللہ کبھی محتاجی نہ آئیگی۔

فراخی رزق کا بہترین عمل: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ 786 مرتبہ پڑھے اس کے بعد ہزار بار یَا رَبِّ پڑھے اوّل و آخر 11/11 بار درود شریف پڑھے۔ بیحد کشائش ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ مجرب ہے۔ وَمَا عَلَیۡنَآ اِلَّا الۡبَلٰغُ الۡمُبِیۡنُ ؕ

پوری نہیں ہوتیں کبھی مانگے سے دُعائیں
کیا تیری خدائی میں کوئی اور بھی ربّ ہے

تکمیلِ حاجات

آج کے دُور میں ہر انسان پریشان حال نظر آتا ہے۔یعنی کسی نہ کسی مسئلہ میں میرے علم وتجربہ کے مطابق %90 لوگ مالی تنگی، بدحالی، مہنگائی، دشمن کا خوف، جان ومال کا خوف، بیماریوں کے غلبہ کا خوف، شادی کا نہ ہونا اس کی پریشانی، بے روزگاری، بارش وطوفان کا خوف، ملازمت کا نہ ملنا، بیوی شوہر سے پریشان، شوہر بیوی سے پریشان دونوں میں محبت کا پیدا نہ ہونا، عوام حکمران سے پریشان، ہر ایک انسان پریشان خال ہے۔اس کی اصل وجہ ہم اللہ پر توکل نہیں کرتے۔اسی لئے ہم پریشان رہتے ہیں۔ہمیں ہمیشہ اللہ تعالیٰ پر توکل رکھنا چاہئے۔وہی کائنات کا خالق و مالک ہے وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ہم اس مضمون میں رزق کی فراخی، روزی کی کشادگی، مشکلات کی مشکل کشائی، ضرورتمندوں کی حاجت روائی، مدعائے دل کی برآری، نان شبینہ کی محتاجگی کے دُور فرمانے کے اعمال پیش کررہے ہیں۔اللہ تعالیٰ سے دُعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ لوگوں کو کامیابی سے ہمکنار فرمائے اور آپ کی مشکلات دُور فرمائے۔آمین ثم آمین

یادرکھیں انسان کو فقیروں اور درویشوں اور اللہ والوں سے حاجت روائی کا طالب نہیں ہونا چاہئے بلکہ اللہ تعالیٰ سے مانگنا چاہئے اللہ تعالیٰ مانگنے والوں کو پسند فرماتا ہے۔فقیروں اور درویشوں سے حاجت کا طالب نہیں ہونا چاہئے یہ شرک وبدعت ہے۔

کافی ہے اللہ سب کی حاجت روائی کیلئے
نبی پیغمبر امام ولی فقط رہنمائی کیلئے
کہتے ہو ہر نماز میں اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِين
پھرتے ہو پھر بھی در بدر مشکل کشائی کیلئے

معزز قارئین وسامعین کرام! سب سے پہلے آپ اپنی بندش نحوست سیارگان دُور فرمائیں پھر ہمارے عمل کریں اس سے پہلے کوئی بھی صاحب عمل شروع نہ کریں۔

نحوست سیارگان

شکر ایک پاؤ، تل کالے آدھا پاؤ، چاول ٹوٹا ایک پاؤ، دال مسور ایک پاؤ، تمام اشیاء کو کسی پاکیزہ برتن میں رکھ کر سورۃ فاتحہ تین بار سورۃ اخلاص تین بار اور سورۃ کوثر تین بار پڑھ کر ان اشیاء پر دم کریں اور یہ کہیں کہ "اے اللہ میں تیری معصوم مخلوق کو یہ ہدیہ توشہ نذرانہ پیش کررہا ہوں تو اسے قبول فرما۔" اور ان کے طفیل میں میری نحوست و بندش دُور فرما پھر یہ اجناس روزانہ کیڑے مکوڑوں چینوٹیوں کو ڈالیں۔اس کے علاوہ ہر اتوار کی صبح کو کوا کو ایک پاؤ جلیبی کم ازکم چار اتوار کھلائیں انشاء اللہ ہر قسم کی بندش جادو وسحر ونحوست ختم ہوجائے گی۔

ہر قسم کی بندش ونحوست ختم کرنا سورۃ کوثر ایک تسبیح، سورۃ الم نشرح ایک تسبیح، الٓمّٓ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْم ایک تسبیح، یٰسین شریف آیت 12 اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوا وَآثَارَهُمْ وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ فِي إِمَامٍ مُبِينٍ ایک تسبیح، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْفَتَّاحِ الْعَلِیْم یَا بَاسِطُ ایک تسبیح روزانہ کم ازکم ایک ہفتہ پڑھیں۔پھر قدرت الٰہی کا تماشہ دیکھیں۔

کشائش رزق

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَحْمَدُ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ

جو شخص روزانہ 776 بار صبح وشام پڑھے اللہ تعالیٰ غیب سے رزق عطا

فرمائے گا نوع دیگر جو شخص بعد نماز جمعہ پاک وصاف ہو کر زعفرانی سیاہی سے یہ اسم مبارک لکھ کر اپنے پاس رکھے اللہ تعالیٰ غیب سے رزق عطا فرمائے گا۔

ہر پریشانی کا حل

سپارہ نمبر 11 سورۃ توبہ کی آخری آیت حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ تک تین سو بار اور سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝ (سورۃ یٰسین آیت 58) 313 بار اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھیں ہر کام بآسانی ہوگا۔

دستِ غیب

اگر کوئی مفلس ولاچار ہو اُس وقت اپنی ''تکمیل حاجات'' کیلئے یہ عمل شریف پڑھے انشاءاللہ خزانہ خداوندی سے اس کا روزینہ مقرر ہوگا۔

ترکیب:۔ بعد نماز عشاء ایک سو گیارہ (111) بار یہ عمل پڑھیں۔

عمل یہ ھے:۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ ۝ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا فَتَّاحُ يَا بَاسِطُ يَا رَزَّاقُ يَا غَنِيُّ يَا مُغْنِيُّ يَا مُفْطِيُ يَا مُنْعِمُ بَعدہٗ یہ دُعا تین بار پڑھ کر سو جائے۔

دُعا یہ ھے:۔ خالقِ عالم میں بندہ محتاج ہوں تو میرا پروردگار ہے۔ ایک ہزار روپیہ میرا خرچ ہے یہ مجھ کو اپنے خزانہ غیب سے عطا فرما۔ انشاءاللہ حسب اطاعت خرچ غیب سے ملا کریگا۔

آیاتِ رزق

(1) اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

(2) اِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝

(3) وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

(4) وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝

(5) اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ۝

(6) وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۝

(7) اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۝

ان تمام آیات کو صبح وشام روزانہ 33 مرتبہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی کے ساتھ پڑھیں انشاءاللہ ہر قسم کی مشکلات ختم ہونگی اور روزی ورزق کی تنگی زندگی بھر نہ آئے گی۔ بحکم اللہ تعالیٰ

تکمیل حاجت کا تیر بہدف عمل

عمل یہ ھے:۔ ایک ریاضی کی خانوں والی کاپی لیں ہر خانہ میں یا اللہ لکھیں۔ جب کاپی مکمل ہو جائے تو ہر صفحہ کو پھاڑ کر آٹے کے پیڑے میں بند کر دیں کسی بھی ایک خانہ میں اپنا مطلب مقصد جو بھی ہو لکھ کر بند کر دیں پھر ان آٹے کے پیڑوں کو رواں پانی سمندر، دریا، نہر جہاں مچھلیاں ہو وہاں ڈال دیں۔ انشاءاللہ جو نیت لکھ کر یا جو نیت کر کے عمل کیا ہوگا اللہ تعالیٰ پورا فرمائیں گے۔

بغیر محنت کے رزق

سورۃ المائدہ پارہ سات آیت نمبر 114 روزانہ گیارہ سو مرتبہ (1100) پڑھے۔ گھر بیٹھے مشقت بغیر رزق حلال نصیب ہوگا۔ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝

اسرار غیبی وامداد غیبی

قارئین یہ نہایت آزمودہ عمل ہے میں اس عمل کی صداقت وکامیابی کیلئے کچھ نہ کہوں گا کیونکہ عمل بذاتِ خود صداقت ہے اگر آپ چاروں طرف سے پریشانیوں ومصیبتوں میں گھرے ہوئے ہیں، کاروبار بند ہو، بیماری ہو، گھریلو مسائل و پریشانیاں ہیں، قرضہ سر پر چڑھا ہوا ہے، ملازمت نہیں ملتی، غرض کہ کسی بھی طرح کا مسئلہ ہو آپ اس عمل سے بھرپور فائدہ اُٹھائیں انشاءاللہ ہر قسم کا مسئلہ حل ہوجائیگا۔ تکمیل حاجت کیلئے تیر بہدف عمل ہے۔

عمل یہ ھے:۔ آٹے کے گیارہ عدد پیڑے بنائیں اور کاغذ پر اپنا مسئلہ مع اپنا نام اور والدہ کا نام ساتھ لکھیں۔ اور آخر میں لکھیں کہ میرا یہ مسئلہ حل کیجئے مثلاً بیمار کو شفاء ہو، ملازمت ملے، قرضہ سے نجات ہو، غرض اپنے مقصد کے بارے میں لکھو اور کاغذ کسی بھی ایک آٹے کے پیڑے میں رکھ دو۔ نہر، دریا، یا سمندر میں ڈال دیں۔ پیڑے ڈالنے کے بعد کھڑے ہو کر تین مرتبہ کہیں۔ ''اے حضرت خضر علیہ السلام میرا یہ مسئلہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے جلد حل کر دیجئے۔'' انشاء اللہ گیارہ گھنٹے کے یا گیارہ دن کے اندر اندر آپ کا مقصد پورا ہوجائیگا۔ مقصد حل ہونے پر گیارہ روپے کی نیاز برفی پیڑوں والی جگہ پر ڈال آئیں۔

باقی صفحہ نمبر 27 پر

غیبت ایک مہلک بیماری

آج کے بگڑتے ہوئے معاشرہ میں ایک بڑی برائی "**غیبت**" ہے جو پانی اور ہوا کی طرح اس قدر عام ہو چکی ہے کہ عوام اور خواص دونوں میں یہ برائی موجود ہے۔ آج ہماری خصوصی نشستوں میں غیبت کے بغیر رونق نہیں آتی ہماری جلوتوں میں اِس کے بغیر گرمی پیدا نہیں ہوتی زُبان ہو یا قلم جب چلتے ہیں تو اس کا وافر حصّہ غیبت کی نذر ہو کر رہ جاتا ہے۔ اشارات و کنایات میں دوسروں کی عزت سے کھیلنا آج کی ترقی یافتہ زندگی کا ایک آرٹ بن چکا ہے۔ ہزار احتیاطوں کے باوجود یہ جان اتنی نازک اور بعض اوقات اتنی غیر محسوس ہوتی ہے کہ قدم لڑکھڑائے بغیر نہیں رہتے، بلکہ کہیے کہ چلنے والا قطعاً زمین پہ آ کر رہتا ہے۔ ایک ایسی مہلک بیماری کہ جس کی مذمت میں قرآن اور حدیث میں سخت ترین واعید مذکور ہیں اور جن کی سزائیں اور اُخروی نتائج اتنے بھیانک اور لرزہ خیز ہیں جن کے تصوّر سے بھی ایک مومن کو کانپ جانا چاہئے۔ وہی خصلت بد آج ہمارا مزاج اور ہماری افتادِ طبع بن گئی ہے۔ حدیث شریف میں جس کی قباحت میں فرمایا گیا ہے: "زنا سے بھی بدترین گناہ غیبت ہے۔"

اِس لئے زنا میں انسان صرف اللہ کا گنہگار ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی حق تلفی میں سچے دل کی توبہ کارگر ہو جاتی ہے اور گناہ معاف ہو سکتا ہے لیکن غیبت میں اللہ تعالیٰ کا بھی گنہگار ہوتا ہے۔ اور جس کی غیبت کی ہے اور اس کی حق تلفی کا بھی مرتکب ہوتا ہے، پس اس کی معافی محض توبہ سے ممکن نہیں بلکہ جب تک وہ شخص معاف نہیں کرتا ہے اُس وقت تک اُس کا گناہ اسی کے ذمہ رہے گا۔ معراج میں جب آنحضرت ﷺ تشریف لے گئے تو وہاں آپ ﷺ کو روح فرسا منظر دکھایا گیا، کچھ لوگ جن کے ناخن تانبے کے ہیں اپنے اُن تیز اور بڑے بڑے ناخنوں سے بدنوں کو چھیل رہے ہیں۔ آنحضرت ﷺ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے اُن کے بارے میں دریافت فرمایا تو انہوں نے جواب دیا یہ وہ لوگ ہیں جو لوگوں کی غیبت کیا کرتے تھے۔

اعاذنا اللہ منہا

قرآن کریم میں واضح طور پر غیبت کو اپنے مُردہ بھائی کے گوشت کھانے سے تعبیر فرمایا گیا ہے چنانچہ حدیث شریف میں یہ عبرت انگیز واقعہ آتا ہے کہ "ایک مرتبہ حضرت زیدؓ مسجد میں وعظ فرما رہے تھے کہ اتنے میں آنحضرت ﷺ کی خدمت میں کہیں سے ہدیہ کا گوشت آیا صحابہ رضی اللہ عنہ نے حضرت زیدؓ کو اپنے لئے گوشت لینے کیلئے آنحضرت ﷺ کی خدمت میں بھیجا حضرت زیدؓ گئے تو ان حضرات نے پیٹھ پیچھے ان کی کچھ برائی کی، آنحضرت ﷺ کو بذریعہ وحی یا الہام اِس کا علم ہو گیا۔ چنانچہ حضرت زیدؓ جب پہنچے اور گوشت کی درخواست کی تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ "ان لوگوں نے گوشت کھالیا۔" حضرت زیدؓ یہ جواب سن کر واپس ہو گئے اور منتظر حضرات کو جواب سے مطلع کر دیا، ان حضرات نے ازراہ حیرت کہا کہ ہم نے تو بالکل گوشت نہیں کھایا اِس کا کیا مطلب ہو سکتا ہے؟ چنانچہ حضرت زیدؓ دوبارہ بارگاہ رسالت ﷺ میں عرض گذار ہوئے اور مدعا ظاہر کیا آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ "تم نے زید کی غیبت کر کے اُس کا گوشت کھایا ہے اور دانتوں اور منہ میں اُس کا اثر موجود ہے۔ تم تھوکو! چنانچہ ان حضرات نے تھوکا تو سرخی کے ساتھ دانتوں میں گوشت کا اثر محسوس کیا۔" گویا آپ ﷺ نے غیبت کی زائد از قیاس قباحت کا مشاہدہ کرا کر لوگوں کو متنبہ فرمایا تا کہ لوگ اُس کی برائی سے بچنے کی پوری سعی کریں اور یقین کریں اِس بات کا کہ غیبت کو جو اپنے مردار بھائی کا گوشت کھانے سے تعبیر فرمایا گیا ہے، وہ محض بات ہی نہیں بلکہ ایک حقیقت ہے۔

ایک مرتبہ آنحضرت ﷺ تشریف فرما تھے، ایک جنازہ آپ ﷺ کے سامنے سے گزرا صحابہؓ نے اُس کی تعریف کی آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "وجبت" (یعنی جنت اُس کیلئے واجب ہو گئی) کچھ دیر بعد ایک اور جنازہ سامنے سے گزرا صحابہؓ نے اُس کی برائی کی، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا "وجبت" (یعنی دوزخ اُس کیلئے واجب ہو گئی) صحابہ کرامؓ نے اِس ارشاد گرامی کی تشریح چاہی تو آپ ﷺ

نے ارشاد فرمایا: ”تم لوگ دُنیا والوں کیلئے گواہ ہو جس کیلئے تم اچھی گواہی دو گے وہ یقیناً نیک انجام ہوگا اور جس شخص کیلئے تم برائی کے ساتھ گواہی دو گے وہ بد انجام ہوگا۔ اس لئے پہلے شخص کی تم نے اچھائی کی تو اُس کیلئے جنت کا استحقاق لازمی ہوگیا اور دوسرے شخص کی بدکرداری کی شہادت دی تو اُس کیلئے دوزخ مقدر ہوگئی۔“

غیبت کرنے پر عبرت ناک انجام

ایک تابعی جن کا نام ربعیؒ ہے وہ اپنا واقعہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں ایک مجلس میں پہنچا، میں نے دیکھا کہ لوگ بیٹھے ہوئے باتیں کر رہے ہیں، میں بھی اس مجلس میں بیٹھ گیا۔ اب باتیں کرنے کے درمیان کسی کی ”غیبت“ شروع ہوگئی مجھے یہ بات بری لگی کہ ہم یہاں مجلس میں بیٹھ کر کسی کی غیبت کریں، چنانچہ میں اس مجلس سے اُٹھ کر چلا گیا، اس لئے کہ اگر کسی مجلس میں غیبت ہو رہی ہے تو آدمی کو چاہئے کہ اس کو روکے اور اگر روکنے کی طاقت نہ ہو تو کم از کم اس گفتگو میں شریک نہ ہو، بلکہ اُٹھ کر چلا جائے، چنانچہ میں اُٹھ کر چلا گیا۔ تھوڑی دیر بعد خیال آیا کہ اب اس مجلس میں غیبت کا موضوع ختم ہوگیا ہوگا، اس لئے دوبارہ اس مجلس میں اس کے ساتھ بیٹھ گیا، اب تھوڑی دیر ادھر اُدھر کی باتیں ہوئیں۔ لیکن تھوڑی دیر کے بعد پھر ”غیبت“ شروع ہوگئی لیکن اب میری ہمت کمزور پڑگئی اور میں مجلس سے اُٹھ نہ سکا اور جو غیبت کرتے رہے میں اُسے سنتا رہا۔ پھر میں نے بھی غیبت کے ایک دو جملے کہہ دیئے۔

جب میں اس مجلس سے گھر آیا اور رات کو سویا تو خواب میں ایک انتہائی سیاہ فام آدمی کو دیکھا جو ایک بڑے طشت میں میرے پاس گوشت لیکر آیا۔ جب میں نے غور سے دیکھا تو معلوم ہوا کہ وہ خنزیر کا گوشت ہے اور وہ سیاہ فام آدمی مجھ سے کہہ رہا ہے کہ خنزیر کا گوشت کھاؤ۔ میں نے کہا: میں مسلمان ہوں خنزیر کا گوشت کیسے کھاؤں؟ اُس نے کہا: یہ تمہیں کھانا پڑے گا۔ پھر زبردستی اُس گوشت کے ٹکڑے میرے منہ میں ٹھونسنے لگا۔ اب میں منع کرتا جاتا ہوں اور وہ ٹھونستا جا رہا ہے، یہاں تک کہ مجھے متلی اور قے آنے لگی مگر وہ ٹھونستا جا رہا تھا۔ پھر اسی شدید اذیت کی حالت میں میری آنکھ کھل گئی۔ جب بیدار ہونے کے بعد میں نے کھانے کے وقت کھانا کھایا تو خواب میں جو خنزیر کے گوشت کا خراب اور بدبودار ذائقہ تھا وہ ذائقہ مجھے اپنے کھانے میں محسوس ہوا اور تیس (30) دن تک میرا یہ حال رہا، جس وقت بھی میں کھانا کھاتا تو ہر کھانے میں اُس خنزیر کے گوشت کا بدترین ذائقہ میرے کھانے میں شامل ہو جاتا اور اس واقعہ سے اللہ تعالیٰ نے اُس پر متنبہ فرمایا کہ ذرا سی دیر میں نے مجلس میں ”غیبت“ کی تھی اُس کا بُرا ذائقہ میں (30) دن تک محسوس کرتا رہا۔ (بکھرے موتی، 2 ص، 69)

بقیہ تکمیلِ حاجات

نوٹ:۔ یاد رہے مقصد جائز ہونا چاہئے کسی کو عمل کے بارے میں نہ بتائیں۔

تکمیل حاجت کا تیر بہدف عمل

مسئلہ روحانی ہو یا جسمانی، جادو جنات، سفلی و کالا جادو، گھریلو جھگڑوں میں اُلجھے ہوئے ہیں یا کاروباری حالات نے پریشان کر رکھا ہے۔ شادی کی بندش ہے یا بے اولادی کا روگ کھائے جا رہا ہے۔ اولاد کی نافرمانی نے نیندیں حرام کر رکھی ہیں۔ یا بچے تعلیمی میدان میں پیچھے ہیں۔ بس اپنے مسئلے کا سخت تصور کر کے درج ذیل دُعا لکھیں اور کسی پاک بہتے پانی میں ڈال دیں اور ہر مراد پوری پائیں۔ چند دن، چند ہفتے یہ دُعا لکھ کر بہائیں انشاءاللہ آپ کی تمام دلی مرادیں اللہ تعالیٰ پوری کریگا۔

دُعا یہ ھے:۔ بِسمِ اللهِ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ مِنَ الْعَبْدِ الذَّلِيْلِ اِلَى الْمَوْلَى الْجَلِيْلِ اِنِّي مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَسُوْءُ الْحُزْنِ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ. بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ اَنْ تَكْشِفَ عَنِّي كُلَّ حُزْنٍ وَ تفرِّجَ عَنِّي كُلَّ حُزْنٍ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ

صَلَّى اللهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

تکمیل حاجت کیلئے رباعی

یہ رباعی ہر مشکل امور میں کام آتی ہے ہر مشکل سے مشکل کام و ہر مسئلہ فوری حل ہو جاتا ہے بحکم اللہ تعالیٰ۔ اس رباعی کو روشن ضمیر ہی سمجھ سکتا ہے۔ ہر ایک کے بس کی بات نہیں۔ اس رباعی میں وہ راز و رموز پنہاں ہیں جس کو صرف اہل علم یا معرفت والے ہی سمجھ سکتے ہیں۔ عامل کا پانچوں وقت کا نمازی ہونا لازمی ہے اور با طہارت ہونا لازمی ہے ہمیشہ سچ بولے کسی کی غیبت مت کرے رزق حلال کھائے۔

رباعی:۔ یَا رَبِّ مُوسٰیؑ یَا رَبِّ کلیم یَا رَبِّ ہارونؑ میری مشکل دُور فرما بِحَقِّ بِسمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم وَ بِحَقِّ يَا حَكِيْم ○

طریقہ:۔ اس رباعی کو روزانہ صبح و شام ایک سو گیارہ (111) مرتبہ 40 یوم پڑھیں اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی لازمی پڑھیں اور اپنی آنکھوں سے نتائج کا خود مشاہدہ فرمائیں۔ وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِيْن ○

روحانی عملیات

از تحریر: صوفی ظفر محمد کھوکھر، جھنگ (صدر)

عمل نمبر1:۔ برکت جادو ٹونہ دور رکھنے کیلئے آسان عمل سب کیلئے ہے۔

عمل مبارک:۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُصَدِّقِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُصَدِّقِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُصَدِّقِیْنَ

ترکیب عمل:۔ یہ درود شریف تین بار لکھ کر اپنے دروازے کے اوپر موم جامعہ کر کے لٹکا دیں دوسرا تعویز جہاں زیادہ آمدورفت ہو اس دروازے کے اندر لگا دیں آنے جانے پر سامنے نظر پڑتی رہے دوسرے تیسرے دن صفائی کرتے رہیں اور اگربتی نیچے جلا دیا کریں برکت رہے گی بلا مصیبت سے نجات ہوگی بیماری دور کے لئے کسی پلیٹ میں لکھ کر صبح نہار منہ پلا دیا کریں سات دن یہ عمل جاری رکھیں لکھتے وقت باوضو ہو کسی نماز کے بعد لکھنا زیادہ بہتر ہے زیادہ برکت کے لئے صبح شام درود شریف جو یاد ہو اپنی طاقت کے مطابق ورد کر دیا کریں جس طرح لکھا ہے اس طرح لکھ کر لگائیں باوضو ہو کر کوئی چلّہ کی ضرورت نہیں چیز بچوں میں تقسیم کر دیں۔

عمل نمبر2:۔ دشمنوں اور شرارت کرنے والوں میں پھوٹ عداوت ڈالنے کے لئے آسان عمل

عمل مبارک:۔ اَللّٰھُمَّ خَالِفْ بَیْنَھُمْ لَمَا خَالَفْتَ وَ فَرَّقْتَ بَیْنَ فِرْعَوْنَ وَسَحَرَتِہٖ وَفِرَسْقِ وَ خَالِفْ بَیْنَ فلاں بن فلاں و فلاں بن فلاں وَ اجْعَلْھُمْ مُبْغِضِیْنَ یَا مُفَرِّقُ یَا مُضَرِّقُ

طریقہ استعمال:۔ اس کلام کو پیالے میں لکھ کر نیم گرم پانی ڈال کر وہاں چھڑک دیا کریں جہاں ظالم لوگ اکٹھے ہوتے ہوں یہ عمل رات کو سونے سے پہلے یا صبح سورج نکلنے سے پہلے کریں زوال کے وقت لکھیں دن کے بارہ بجے یا رات بارہ بجے یا صبح شام زوال کے وقت جب سورج نکل رہا ہو یا غروب ہو رہا ہو سات دن کریں یہ وہاں کریں جہاں شریعت اجازت دے ورنہ قصوروار ہوں گے لوگوں کی بددعاؤں سے بیمار یا زخمی بھی ہو سکتے ہیں صدقہ بھی دیں لکھنے سے پہلے گیارہ بار درود شریف اور آخری تینوں قل شریف ایک ایک بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیں جنات کے حملوں سے محفوظ رہیں گے۔

عمل نمبر3:۔ مرض مرص جذام اور بے ہوشی دُور کرنے کے لئے

عمل مبارک:۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَ الْجُنُوْنِ وَ الْجُذَامِ وَمِنْ سَیِّءِ الْاَسْقَامِ

ترکیب استعمال:۔ کسی پیالے میں یا چینی کی پلیٹ میں لکھ کر صبح شام تازہ پانی یا عرق گلاب میں پیا کریں ایک گھنٹہ کچھ نہ کھائیں پئیں دوسری بیماری دور کرنے کے لئے لکھ کر پی سکتے ہیں کسی سوالی کو ہاتھ سے روٹی کھلا دیں یا چڑیوں کو یا کتے کو کھلا دیا کریں گیارہ دن کم از کم لمبی بیماری کے لئے کریں اپنی آنکھوں سے شفا دیکھیں گے دوائی بھی اس پانی سے دے سکتے ہیں گولی کیپسول اسی پانی سے دیں کلام کے منکر آزمائیں۔

عمل نمبر4:۔ دشمن کے حملے سے محفوظ رہنے کے لئے منتر تجربہ شدہ

عبارت عمل:۔ کالی چڑی کا لا پَر، اُڑ رے کَوا اپنے گھر، فلاں تیرے دشمن مَر

طریقہ عمل:۔ رات سونے سے پہلے علیحدہ بیٹھ کر اپنے مخالف کا تصور کر کے ایک سو بار پڑھ کر دم کر دیا کریں فلاں کی جگہ اپنا نام لینا ہے جو آدمی یا عورت اپنے دشمن سے مقابلہ نہ کر سکتے ہوں وہ نت نئے مقدمے بازی یا

شرارت میں مصروف رہتے ہوں اس کا ظلم دور کرنے کے لئے کر سکتے ہیں۔

عمل نمبر 5:۔ غیر مسلم کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے منتر جلالی عمل پرہیز لازمی رکھیں۔

عبارت عمل:۔ گوری سَرُویں کر بھا بھا، جتھے جَاویں جا فلاں بنت فلاں نوں تباہ

ترکیب عمل:۔ سفید دال یا سَرویں لیکر اکیس دانہ سامنے رکھ کر ہر دانہ پر تین بار دم کرلے اکیس دانہ پر عمل کر کے آگ میں ڈال دیا کریں فلاں کی جگہ مخالف کا نام بنت بن کی جگہ اس کی ماں کا نام لیں اکیس رات میں تماشا دیکھ لیں ناجائز نہ کریں جس دشمن سے مقابلہ نہ کر سکے وہاں استعمال کریں یا جو عورت مرد طلاق بار بار مانگتا ہوں شریعت کا احترام نہ کرتا ہوں۔

عمل نمبر 6:۔ مصیبت دور کرنے بیماری دُور کرنے مقدمہ میں کامیابی کے لئے نفل مبارک

طریقہ عمل:۔ وضو کر کے علیحدہ جگہ چار رکعت نماز نفل حاجت پریشانی دُور ہو کہہ کر ہاتھ باندھے پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ و سورۃ اخلاص گیارہ بار پڑھے دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص اکیس بار پڑھے تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ پڑھنے کے بعد سورۃ اخلاص اکتیس بار پڑھے چوتھی رکعت میں سورۃ فاتحہ پڑھنے کے بعد سورۃ اخلاص اکتالیس بار پڑھے سلام پھیرنے کے بعد سجدہ کرے اور حاجت مانگے یا الٰہی اس کی برکت سے اور پیارے آقا محمد مصطفیٰ ﷺ کے صدقے میری مشکل حل کر مجھے ذلت رسوائی سے بچا مجھے عزت بخش اوّل تو پہلی رات میں مشکل حل کے وسیلے بن جائیں ورنہ تین رات کرنے سے غیب کی طرف سے مدد ہوگی۔

عمل نمبر 7:۔ منتر محبت زبردست جلالی نامکمل کام سات دن میں حاصل ہوگا۔

عمل منتر:۔ اِن چوراستہ کنکری منصوری تیرا نام اَن مؤہنی کو مُوہ لے آ اُرَ جِن لسے کا نام اگت پایا مائی کا لکاں پھیرا فلاں کا دل زیر کراُتے قبضہ ہوئے میرا چلّے منتر پُھرے واچا دیکھاں مائی مائکاں تیرے علم کا تماشا

طریقہ عمل:۔ چارے دال اور پاؤ گوشت کلیجی لیکر کسی ویران جگہ جہاں بھٹہ ہو یا اکڑے کا درخت ہو اوپر والا عمل تین بار پڑھ کر دال اور گوشت وہاں رکھ دے اور زبان سے کہہ دے ہماری حاضری ہوگئی پھر گھر آجائے چوراستے کی اکتالیس کنکر اُٹھا کر گھر لائے رات کے وقت یا زوال کے وقت ہر کنکر پر اکتالیس بار یہ عمل پڑھے اور کنکر پر دم کرے تمام کنکر پر یہ دم مکمل کرے اور مطلوب کے گھر یا راستے یا دروازے پر ڈال دیں سات دن میں مطلب پورا ہوگا فلاں پر اپنے مطلوب کا نام لینا ہے۔

عمل نمبر 8:۔ ظالم کو بیمار کرنے کے لئے منتر، جو مسلسل تنگ کرتا ہو لوگوں کو سمجھانے پر دوست نہ ہو۔

عبارت عمل:۔ ڈاڈو لوٹے ڈاڈو پے ڈاڈو فلاں بن فلاں کا اُچاٹن کرے اگر ڈاڈو یہ کام نہ کرے تو تیری ماں بہن پر لعنت پڑھے

ترکیب استعمال:۔ ظالم کے پیر کی مٹی لیکر گیارہ سو بار زوال کے وقت پڑھے کو گل جلتا رہے یعنی کوئلہ جلا کر اوپر ڈالتے رہیں اگر مٹی نہ ملے تو کوے کے پر لیکر یا بلی کے بال کتے کے بال لیکر جلا کر دم کر کے مخالف کے سر پر ڈال دیں یا بستر پر ڈال دیں یا کپڑوں پر ڈال دیں۔

عمل نمبر 9:۔ مخالف سے بدلہ لینے کے لئے اسم مبارک، جائز کام ہوگا ناجائز میں خود بیمار

اسمِ مبارک:۔ اَلْمُذِلُّ

ترکیب عمل:۔ چاند کی اکیس تاریخ جس رات منگل یا ہفتہ یا بدھ کی رات ہو شروع کریں اکیس تاریخ کے علاوہ بائیس تاریخ یا تیئس تاریخ بھی شروع کر سکتے ہیں دن اوپر والے اِن تین تاریخوں میں ہونا شرط ہے عشاء کی نماز پڑھنے کے دو گھنٹے بعد شروع کر سکتے ہیں پہلے آخری قل شریف جو قرآن مجید میں ہیں پڑھ کر اپنے چاروں طرف دائیں ہاتھ سے گول دائرہ لگائیں اگر تینوں یاد نہ ہوں تو سورۃ اخلاص ایک بار اور سورۃ فاتحہ تین بار پڑھ کر دائرہ لگائیں یہ دونوں سورۃ نماز میں پڑھے جاتے ہیں یہ ہر کسی کو یاد ہیں اس سے آپ کا حصار ہو جائے گا اگر کوئی مرد عورت اور کلام پڑھ کر حصار کرنا چاہے تو اجازت ہے لیکن بتا دے تو زیادہ بہتر ہے اسم جلالی ہے ہمارا تجربہ شدہ ہے اس لئے احتیاط پہلے بتا دی ہے صدقہ خیرات کر دے تو زیادہ بہتر ہے ورنہ آپ کی اپنی مرضی ہے اس عمل کو کھلے آسمان کے نیچے کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر منہ آسمان کی طرف کر کے پڑھنے لگ جائے سات دن میں سوا لاکھ تعداد کرنی ہے ہر روز آخر میں دشمن کا تصور کر کے پھونک دیا کرے۔

جمعۃ المبارک کے دن کا خاص عمل

از تحریر: صوفی مشتاق احمد صابری

جمعۃ المبارک کا روز مسلمانوں کے لیے عید سے کم نہیں قرآن پاک میں اس روز کے متعلق اللہ پاک نے ارشاد فرمایا ہے اس روز عید کے لیے ایک خاص مناجات جو کہ آسان اردو زبان میں مرتب کی گئیں ہیں جس کو ایک معمولی پڑھا لکھا مسلمان بڑی آسانی سے پڑھ سکتا ہے۔ ہر جمعۃ المبارک کے روز کو ان مناجات کو پڑھنا اپنا معمول بنا لیں۔ انشاء اللہ یہ ایک عمل ہی آپ کے لیے ساری عمر کے لیے کافی ہوگا۔ کیونکہ یہ خاص رب العزت کی بارگارہ میں حاضری کا عمل ہے جس میں نہ کوئی رجعت ہے بلکہ فوائد حد درجہ ہیں۔ دشمنوں سے بچاؤ کے لیے، کاروباری پریشانی، اس کے علاوہ تمام مشکل امور کے لیے یہ مناجات کافی ہیں۔ اول گیارہ بار درود ابراہیمی فجر کی نماز سے فارغ ہو کر قبلہ رخ بیٹھ جائیں اور بڑے خشوع و خضوع اور حضور قلب کے ساتھ پڑھیں۔ انشاء اللہ کوئی مشکل نہیں رہے گی۔ ☆ بسم اللہ الرحمن الرحیم ☆ نہیں ہے نیکی اور نہ بدی کی قوت مگر خدا بزرگ و برتر ہے اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل و اصحاب پر اور سلام بھیج حضرت ابراہیم اور ان کی آل پر تمام زمانوں میں تو نے درود بھیجا بے شک تو حمد والا بزرگ ہے نہیں ہے کوئی معبود مگر تو پاک ہے بیشک میں ظالموں میں سے ہوں کافی ہے مجھ کو اور اچھا کارساز ہے کافی ہے اللہ اسی پر بھروسہ کیا میں نے وہی ہے رب عرشِ عظیم کا۔ شروع ہے اللہ کے نام سے جس کے نام کے ساتھ کوئی چیز نقصان نہیں نہ زمین میں نہ آسمان میں اور وہی سننے والا اور جاننے والا ہے۔ اے عرشِ مجید کے مالک اے ابتدا اور انتہا کرنے والے اور اے کرنے والے اس چیز کے جس کا ارادہ کرے میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے نور ذات کے ساتھ جس نے بھر دیا تیرے ارکانِ عرش کو اور تیری قدرت کے ساتھ جو تمام مخلوقات کو پر نور رکھتا ہے اور تیری رحمت کے ساتھ جو ہر شے پر وسیع ہے۔ نہیں ہے کوئی معبود مگر تو اے غیاث المستغثین مدد کر میرے اے اللہ اے بلند اے برتر اے دوست اے جاننے والے اے مہربان اے بخشش کرنے والے اے رحیم اے رحمن اے بزرگ اے مہربان اے کریم میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے اسم مخزون کے ساتھ یہ کہ ڈالے تو مجھ پر اپنا فیضِ جمال اقدس اور کمال نفس سے اور سر ربانی اور اسم نورانی سے یہاں تک کہ تصرف کروں میں نفسوں، روحوں اور مسیموں میں ساتھ آمادگی محبت اور مؤدت کے اے وہ ذات جو غمگینوں سے غم دور کرتا ہے اور اے انیسِ وحشت زدوں کے اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں سرِ الف کے ساتھ جو معطوف ہے جو مبدِ حرف ہے۔ اے بخشنے والے اے نافع اے توبہ قبول کرنے والے اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس شوق کا جو مجھ کو تیری طرف پہنچانے اور نور جو مجھ کو تیرا راستہ بتائے اور ملائے مجھ کو روح و ریحاں اور فرحت دے مجھ کو اپنے امن سے اور رضا مندی سے اے کشادہ کرنے والے اے واحد اے ماجد اے اللہ اے میرے رب نہیں ہے اس کا کوئی شریک اور نہ اس کے ساتھ کسی کو شریک کرتا ہوں اے اللہ جو میرے ساتھ برائی کرے اور شر کا ارادہ کرے تو اس کا سر توڑ دے اور اس کی زبان بند کر دے اور منہ میں اس کے لگام ڈال دے اور اس کے مکر کو روک دے اور حائل کر دیوار میرے اور اس کے درمیان۔ اے دائم اے حمید اے مجیب اے مجید بحرمت محمد علیہ السلام کے اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے ساتھ سرِ جامع اور نور ساطع کے یہ کہ بخش مجھ کو فرقان اپنے پاس سے جو کھول دے میرا سینہ اور بلند کر دے قدر میرا تو میرا قبلہ اور سہارا ہے اور تیری طرف رجوع اور انتہا ہے کہ رحم کرتا ہے تو فقیر پر۔ نہیں کوئی معبود مگر اللہ علم اور بزرگی والا نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ مالک عرش کا نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ رب ہے آسمانوں اور زمین کا اور اب عرشِ کریم کا اے اللہ جب جبرائیل و میکائیل و اسرافیل و عزرائیل اور ابراہیم و اسماعیل اور اسحاق و یعقوب کے عافیت دے مجھ کو اور معاف کر مجھ کو اور مت کر مجھ پر کسی کو اپنی مخلوق میں سے اے اللہ کسی چیز کے ساتھ جس کی مجھ کو طاقت نہ ہو۔ اے سننے والے دعا کے اے قبول کرنے والے ندا کے پس عنقریب کافی ہے ان سے اللہ اور وہ سننے والا جاننے والا ہے توکل کیا ہے میں نے اس پر جو نہیں مرتا اور حمد ہے اس اللہ کی جس کے بیٹا نہیں اور نہیں ہے کوئی شریک اس کا ملک میں اور نہیں ہے کوئی ولی اس کا ذات میں اور تکبیر کہہ اس کی تکبیر کہنی اللہ اکبر اے اللہ میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے ان چیزوں سے جن سے خوف کرتا ہوں اور حذر کرتا ہوں میں اور پناہ مانگتا ہوں اس اللہ کے ساتھ جس کے سوا کوئی معبود نہیں روکنے والا آسمانوں کا اس بات سے گر پڑیں زمین پر مگر اس کے حکم سے ہر ایک جبار سرکش اور شیطان مردود سے پناہ مانگتا ہوں۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے امان کا فقر سے اور امان کا ارتداد سے اور امان کا مذمت سے اور امان کا رنج و غم اور امان کا ذلت سے اور امان کا جہالت سے اور امان کا فتنوں سے اور امان کا خسف سے اور امان کا رجعت سے اے اللہ انجام اچھا کر ہمارا کاموں اور بچا ہم کو ذلت دو دنیا اور آخرت سے اے اللہ سوال کرتا ہوں تجھ سے بطفیل محمد سید کامل فاتح خاتم انوار معارف کے راز سے اور تیرے برگزیدہ خلق اور تیرے علم کے اور تیری ذات کے آئینہ کے اور تیری صفات کے مشہد کے اے اللہ سوال کرتا ہوں میں تجھ سے تیرے نور ذات کے ساتھ اور بساط رحمت کے ساتھ اور سبعہ مثانی کے ساتھ اور ان کے اسرار کے

ساتھ جو تجھ سے متصل ہیں۔ اے اللہ اے یکتا اے بے نیاز اے زندہ یہ کہ بخشے تو مجھ کو اپنے علم سے عقل سے اور اپنے حیات سے روح سے اور اپنے ارادہ کے حکم سے اور اپنی قدرت سے فعل اور اپنے کلموں سے زبان اور اپنی سماعت سے فہم اور اپنی بصارت سے کشف اور اپنے احاطہ سے قیام اور عنایت کو جس کے ساتھ جھکیں گردنیں متکبروں کی اور مطیع ہوں نفس جباروں کے پس تجھ ہی کو ہے حمد اے رب اوپر ہر ہدایت کے اور تجھ ہی کو شکر اوپر ہر عنات کے۔ بیشک تو غنی ہے تو حمید ہے اے اللہ مجھ کو سُلا فراشِ رحمت پر اپنے احسان سے اور حفاظت کر میری اپنی حفاظت سے اور اوڑھا چادر مجھ کو اپنی ہیبت کی اور بٹھا مجھ کو تخت ہیبت پر تاج عزت کے ساتھ اور ڈال دے مجھ پر پردے اپنی حفاظت کے اور پھیلا دے مجھ پر جھنڈا عزت کا اور آسان کر دے میرے واسطے رزق اور بھر دے میرے باطن کو اپنے خوف اور رحمت سے ظاہر کر میرے عظمت اور ہیبت اور مالک کر مجھ کو پیشانی کا ہر ایک جبار سرکش اور شیطان مردود کی اور بچا مجھ کو خطا اور لغزش سے اور قوت دے مجھ کو قول اور عمل میں اے اللہ میں سوال کرتا ہوں میں تجھ سے تیرے ساتھ اور اس کے ساتھ جس پر تیری ذات مشتمل ہے جس کو تیرے سوا کوئی نہیں جانتا یہ کہ درود بھیج تو ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جن کی ذات محمدیہ اور لطیفہ احدیہ ہے آفتاب ہیں۔ آسمان اسرار کے اور مظہر ہیں انوار کے اور قطب ہیں فلکِ جمال کے اور مرکز ہیں مدار جلال کے۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے ساتھ راز اس کے جو تجھ سے ہے اور ساتھ اس کے جو تیری ذات ہوا یہ کہ امن دے تو مجھ کو خوف سے اور دور کر میری مشقت کو اور دفع کر میرے حرص اور غم کو اور پورا کر میرے نقصان کو اور لے لے مجھے اپنی طرف اور دے مجھ کو قناعت اور مت کر مجھ کو فتنہ نفس کے محجوب میں اور کھول دے میرے واسطے ہر ایک راز پوشیدہ۔ اے زندہ اے قائم کفایت کر مجھ کو ساتھ اپنے لطف کے کہ راحت حاصل کریں اس کی طرف روحیں اولیاؤں کی اور خوش ہوں اس کے واسطے نفس نیکوں کے پس تیرے ہی بزرگی وسیع اور ملک تمام ہے۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے ہر علم کے ساتھ جس نے سبقت کی تیری علم میں بے شک تو ان کے سوال کرنے والوں کو ان کی ہر حاجت پوری کرتا ہے۔ اے اللہ جو میں ارادہ رکھتا ہوں اور ارادہ کرتا ہوں مجھ کو حسن انجام عنایت کر بے شک تو جانتا ہے جو میں ارادہ رکھتا ہوں۔ اے اللہ تیرے پاس ہی خزانوں کی کنجیاں ہیں اور تو ہر چیز پر قادر ہے اور اے اللہ میں تجھ سے بطفیل بسم اللہ الرحمن الرحیم کے سوال کرتا ہوں کہ ڈال دے مجھ پر لباس اپنے انوار کے جو رد کریں مجھ سے نفرتیں اور نظر دشمنوں کی ذلت کے ساتھ اور ہاتھ ان کے ناکامی کے ساتھ اور یہ کہ پہنا تو مجھ کو عمدگی اور تازگی جس کی طرف ادراک کرنے والوں کو روحیں کوشش کریں اور تشخیص کریں واسطے اس کے آنکھیں ناظرین کی اور سیر کریں ساتھ اس کے اسرار عارفوں کے۔ اے اللہ بے شک تو علام الغیوب ہے اور بتلانے والا ان کا ہے اور اسرار کھولنے والا اور سمجھانے والا ہے پس تیرے ہی واسطے حمد وثنا ہے اور تیرے ہی ہاتھ میں خیر و فتح ہے اے اللہ درود بھیج اپنے انبیاء اور مرسلین پر اور ملائکہ مقربین پر اور اولیاء صالحین پر اور تمام اہل طاعت پر اور پہنچا ان کو سلام ہمارا اور تحیّر ہمارا اور پہنچا ہم کو شفاعت ان کی ہمارے سوال اور آرزو سے اے اللہ میں نے اپنی امید کو تیری ذات بزرگ کی طرف متوجہ کیا ہے اور عمدہ کیا ہے میں نے اپنے گمان کو تیرے عفو عظیم سے۔ پس رحم کر مجھ پر اور میرے ماں باپ پر اور میری اولاد پر بخش مجھ کو اور تمام مسلمانوں کو اور مت پھیر میری امید کو اپنی ذات سے محروم اور نہ کر میرے حسنِ ظن کو اپنی معافی سے جھوٹا۔ اے اللہ ہم کس طرح تیرے دروازے سے ناکامیاب جائیں حالانکہ تو نے ہمیں دعا کا حکم دیا ہے۔ اے ارحم الراحمین اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں یہ رحم کر مجھ پر جب میرا وقتِ آخر ہو اور عمل میرا ختم ہو اور میں اپنا کفن پہنوں اور اپنی جگہ سے جدا ہوں۔ اے رب الارباب اے مسبب الاسباب اے آزاد کرنے والے گردنوں کے اور اے کھولنے والے دروازوں کے اور تو رحم کرنے والوں میں سب سے بڑا ہے۔ اے اللہ شروع ہے تیرے نام سے اور آخیر ہے تیرے ہی نام سے۔ اللہ شافی ہے، اللہ کافی ہے، نام شروع اور آخیر سے اور اللہ معاف کرنے والا بڑا ہے۔ پس اللہ بہتر حافظ وناصر ہے اور بڑا مہربان ہے نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ۔ اللہ سب سے بڑا ہے۔ اس کوشش کو ناچیز بندہ پر تقصیر نے بڑے غور وفکر کے ساتھ اردو زبان میں لکھا ہے تاکہ ہر قاری اس کو دعا اور مناجات کے طور پر پڑھ سکے اس کا سب سے بہتر وقت تہجد کی نماز کے بعد ہے یا پھر فجر کی نماز کے بعد ضرور پڑھ لیا کریں۔ بروز جمعتہ المبارک فوائد متذکرہ بالا مناجات۔ فوائد بے شمار ہیں۔ لیکن چند ایک قارئین کرام کی خدمت میں پیش ہیں۔ امید ہے قارئین کرام آئینہ قسمت اس سے مستفیض ہو کر مجھ حقیر کے حق میں دعائے خیر فرمائیں گے۔ جو فقیر پڑھے غنی ہو جائے، غلام پڑھے آزاد ہو اور جو قیدی پڑھے خلاصی پائے اور جو افسر تنزلی کے ڈر سے پڑھے ان کی ملازمت قائم رہے، دشمنوں کی بزبان بندی کے لیے پڑھیں افسران بالا کی خوشنودی حاصل ہوتی ہے، بادشاہ کی مملکت قائم رہتی ہے اور جو خائف پڑھے امن حاصل ہو اور جو ذلیل پڑھے عزت پائے اور جو ظالموں کے لیے پڑھے ان سے نجات پائے کاروباری پریشانیوں سے نجات حاصل ہو، کسی قسم کی رجعت نہ ہو باقاعدگی سے پڑھنے والا ہر ایک شیطان اور ظالم جابر اور سرکش سے محفوظ و مامون رہے اور ہر کوئی ظالم اس کا مطیع رہے بے اولاد پڑھے اولاد کی نعمت سے مالا مال ہو اور جو کثرت سے پڑھے اس کا دل اللہ تعالیٰ کے نور معرفت کے ساتھ زندہ رہے اور اس کی جان و مال اور اہل وعیال سب کی اللہ تعالیٰ حفاظت فرمائے گا جن کے شر سے خوف کرتا ہے ان سے محفوظ رہے گا۔ اور حاکم یا امیر اس کو پڑھے اس کا ملک وسیع ہوگا، کسی حاکم کے سامنے پڑھ کر جاؤ اس کا غصہ ٹھنڈا ہو جائے گا۔ اس کو پڑھ کر خدا سے جو حاجت مانگو گے پوری ہوگی انشاء اللہ۔ آخیر میں حضرت شاہ زنجانی صاحب اور شہزادگان زنجانی صاحب مجھ حقیر ناچیز پُر تقصیر اور آئینہ قسمت کی پوری ٹیم کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

کلونجی کے 19 فوائد

ازتحریر: نذیر احمد قادری، بی

فرمان مصطفیٰ ﷺ کالا دانہ کلونجی میں موت کے سوا ہر بیماری سے شفا ہے۔یعنی ہر مرض سے مراد ہر بلغمی اور رطوبت کے امراض ہیں کیونکہ کلونجی گرم اور خشک ہوتی ہے لہٰذا مرطوب اور سردی کی بیماریوں میں مفید ہے۔

2:۔ روزانہ نہار منہ چٹکی بھر کلونجی 12 قطرے اصلی شہد میں ملا کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر شہادت کی انگلی سے چاٹنے سے انشاء اللہ عزوجل بہت سی بیماریاں ختم ہوجاتی ہیں۔

3:۔ کلونجی کو جلا کر کھانے سے بواسیر دُور ہوتی ہے۔

4:۔ کلونجی کھانے سے پیٹ کے کیڑے مرجاتے ہیں۔

5:۔ کلونجی کو تیل میں جوش دے کر سَر میں لگانے سے دردسر، نزلہ اور زکام میں فائدہ ہوتا ہے۔

6:۔ خشکی کی وجہ سے سَر سر پیپڑیاں سی بن گئی ہوں تو کلونجی کھانے سے ختم ہو جاتی ہیں۔

7:۔ کلونجی کو پانی میں جوش دے کر غرارے کرنے سے دانتوں کا درد ختم ہو جاتا ہے۔

8:۔ پیشاب نہ آنے سے کلونجی کھانے سے پیشاب کھل جاتا ہے۔

9:۔ کلونجی میں سرکہ ملا کر کھانے سے بلغمی ورم دُور ہوتا ہے۔

10:۔ زیتون کے تیل میں کلونجی ڈال کر سونگھنے سے آنکھوں کا درد ختم ہوجاتا ہے۔

11:۔ کلونجی بلغمی بخار کے لئے مفید ہے۔

12:۔ کلونجی حیض کی رکاوٹ کو دُور کرتی ہے۔

13:۔ کلونجی سرکہ میں ملا کر کوڑھ پر لگانے سے فائدہ ہوتا ہے۔

14:۔ فوطہ کی سوجن میں کلونجی پیش کر سرکہ میں ملا کر لگانے سے فائدہ ہوگا۔

15:۔ کلونجی پیس کر مہندی میں ملا کر سر میں لگانے سے سر کے بال جھڑنا بند ہوجاتے ہیں۔

16:۔ کلونجی کا استعمال سینے کے درد اور کھانسی میں مفید ہے۔

17:۔ گھر میں کلونجی کی دھونی دینے سے کھٹمل اور مچھر کا خاتمہ ہوتا ہے۔

18:۔ کلونجی شہد کے ساتھ کھانے سے گردے مثانے کی پتھری نکل جاتی ہے۔

19:۔ دماغ کی بیماری ہو تو کلونجی کے اکیس دانے کپڑے کی پوٹلی میں اُبال لئے پہلے دن سیدھے نتھنے میں 2 قطرے اور اُلٹے نتھنے میں ایک قطرہ دوسرے دن اُلٹے نتھنے میں دو قطرے اور سیدھے نتھنے میں ایک قطرہ ڈالئے۔انشاء اللہ عزوجل 3 دن میں شفا ہوگی۔

لیکوریا کا علاج

ناشتے کے بعد تین خشک انجیر کھایئے انشاء اللہ عزوجل جلد ہی فائدہ ہوگا۔

دیسی مرغی کے فائدے

دیسی مرغی کا گوشت پیٹ کے درد کے لئے مفید ہے۔اس سے قوت حافظہ بھی بڑھتا ہے دیسی مرغی کے ایک پہچان یہ ہے کہ اس کا پیٹ قدرے پتلا ہوتا ہے اور وزن بھی زیادہ نہیں ہوتا۔

شادی کیوں نہیں ہوتی؟

علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری حویلی لکھانے اس مرتبہ پاکستانی گھرانوں کے سب سے سنجیدہ موضوع پر اپنی خاندانی قلبی بیاض اور قدیم کتب سے نیک کاوش فرمائی ہے۔ روزمرہ مشاہدہ میں آتا ہے کہ والدین بلکہ خود غیر شادی شدہ بچیاں اس سلسلے میں پریشان ہیں۔ والدین اور بچیاں اپنی نیک نصیب کشائی کی نیت سے درجہ ذیل مجرب عملیات سے فیضیاب ہوسکتی ہیں۔ ایسے عملیات کی تیاری میں کسی روحانی شخصیت کے فیض سے ہو تو بہتر، ورنہ یہ دائمی عملیات شرف قمر، تسدیس یا تثلیث قمر و زہرہ، قران قمر و زہرہ میں کیے جاسکتے ہیں۔ یہ اوقات ہر ماہ آتے ہیں۔ جوزنجانی جنتری 2020ء میں درج ہیں۔ اسکے علاوہ شرف زہرہ، شرف مشتری میں بھی یہ اعمال کیے جاسکتے ہیں۔ **شہزادہ سید مصور علی زنجانی**

شادی میں رکاوٹیں ڈالنے کا جادو

اس قسم کا جادو اکثر نوجوان لڑکیوں پر کیا جاتا ہے تاکہ ان کی شادی نہ ہو سکے۔ کچھ لوگ حسد اور دشمنی کی وجہ سے کنواری لڑکیوں پر جادو کرواتے ہیں کہ ہمیں رشتہ نہیں مل سکا، لہٰذا کسی دوسرے سے بھی شادی نہ ہوسکے۔

جادوگر کا طریقہ

سفلی عامل کے پاس لوگ بندش شادی کے لیے لڑکی کے استعمال کی چیزیں مثلاً کنگھی، کپڑا، زیرجامہ یا بال وغیرہ لے کر جاتے ہیں۔ جادو کرنے والا لڑکی اور اس کی ماں کے نام سے جادو کا عمل کر کے دیتا ہے اور اسے کسی ویرانے یا قبرستان میں دفن کرنے کو کہتا ہے جس کے اثرات بد شروع ہوتے ہیں تو شادی میں رکاوٹ پیدا ہوجاتی ہے۔ بعض اوقات جادو کا عمل تالے یعنی قفل پر کیا جاتا ہے اور اسے کسی بڑی نہر، دریا یا تالاب وغیرہ میں ڈالا جاتا ہے۔

تیسری شکل یہ ہوتی ہے کہ جادو کے عمل سے لڑکی پر شیطان جنات یا خبیث روح کی چوکی بٹھا دی جاتی ہے۔ وہ شیطان اس کے اوپر مسلط ہو جاتے ہیں۔ ان چار مواقع پر جنات کو مسلط ہونے کے لیے آسانی ہوتی ہے۔ شدید غصہ یا شدید خوف کی حالت میں، شدید غفلت یا بہت زیادہ شہوت پرستی کی کیفیت میں۔

مسحور کی علامات

اگر عورت پر یہ جادو ہوجائے تو اس کی مندرجہ ذیل علامات ہوتی ہیں۔

1- اکثر سر درد ہونا اور کسی علاج سے فائدہ نہ ہونا۔ **2**- چھاتی میں شدید گھٹن کا احساس خاص طور پر عصر کے بعد سے نصف رات تک۔ **3**- رشتہ طلب کرنے والے شخص کا بدصورت نظر آنا۔ **4**- ریڑھ کی نچلی ہڈیوں میں درد ہونا۔ **5**- بعض دفعہ معدے میں مسلسل شدید درد ہونا۔ **6**- نیند کے دوران بہت زیادہ گھبراہٹ ہونا۔ **7**- بہت زیادہ پریشان خیالی۔ **8**- دل میں کثرت سے وسوسے پیدا ہونا۔

علاج تعطیل الزوج

ایسی نوجوان لڑکی جس پر سحر تعطیل الزوج کا عمل کیا گیا ہو اور باوجود کوشش کے اس کی شادی نہ ہو رہی ہو تو اس کے لیے یہ عمل کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ وہ لڑکی مثل زہرہ کو بصورت لگے گی کہ اس کا فوری رشتہ ہوجائے گا اور سحر کا اثر ختم ہوجائے گا، عمل یہ ہے:

عا۵۲۱۱ رم والکرہ ھاال ع اہ ۲ سہ ھ اللہ

ا-ل م ۲ ۱۵ ۰۰ ص ۲۱۱ وا ل ام وا ۱ ہ

2- بندش نکاح ختم کرنا

جس کسی نوجوان لڑکی کا نکاح نہ ہوتا ہو یا کسی نے سحر تعطیل الزوج کے ذریعہ باندھ دیا ہو۔ اس کے لیے یہ عمل کریں تو سحر و جادو کا اثر ختم ہوجائے گا اور اس کا جلد ہی کسی جگہ پر نکاح یا نسبت طے ہوجائے گی۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ ایک قفل مقفل لے کر اسے آگ میں گرم کریں۔ پھر اس لڑکی کو کہہ دیں کہ وہ اس قفل پر پیشاب کرے تاکہ پیشاب سے وہ قفل ٹھنڈا ہوجائے۔ یہ عمل جمعرات کے دن کیا جائے۔ پھر اس قفل پر مزوجات مع مؤکلات تحریر کریں، جو یہ ہیں۔

۸	۶	۴	۲
ح	و	د	
رتخضائیل		کمسفائیل	بدوحائیل

پھراس باکرہ لڑکی کو کسی بڑے دروازہ میں کھڑی کر کے اس کے سر پر قفل کو کھولا جائے اور اسے کسی بڑی نہر یا دریا میں ڈال دیا جائے۔ پس سحر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

3- برائے نکاح

اگر کوئی عورت اپنے خاوند سے نفرت کرتی ہو یا کسی نوجوان دوشیزہ کا نکاح نہ ہو رہا ہو اور شادی میں رکاوٹ ہو، سب کے لیے یہ عمل قوی الاثر ہے۔ سفید کاغذ پر تحریر کر کے اسے کندر کا بخور دیں اور لڑکی اسے اپنے دائیں بازو پر باندھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مقصد پورا ہوگا، عمل یہ ہے:

نھش، کھل، ماوش، بارش۔ سدرش۔ نوش۔ نواش۔ فھواش۔ اِنْحَلَّتْ عُقْدَۃَ فلاں بنت فلاں وَرَغَّبَ فِیْ خِطْبَتِہَا کُلُّ مَنْ رَاٰھَا بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاَسْمَآءِ الْعَظِیْمَۃِ وَاَبَاُلْفِ اُلْفِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ الوحا العجل الساعۃ۔

4- شادی کے لیے

اگر کسی کنواری لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو یا اس پر سحر تعطیل الزوج کا اثر ہو یا وہ کنواری کسی مخصوص جگہ شادی کرنا چاہتی ہو تو اس کے لیے یہ عمل کیا جائے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ مطلوبہ جگہ شادی ہو جائے گی۔ بدھ کے دن نماز ظہر کے بعد مندرجہ ذیل عزیمت کسی کاغذ پر تحریر کریں تا کہ لڑکی اسے اپنے پاس رکھے۔ بہت جلد مقصد پورا ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ یَاحَیُّ یَا حَیُّ یَاحَیُّ یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ یَافَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ اَسْاَلُکَ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ وَالنَّبِیِّ الْکَرِیْمِ وَبِحَقِّ عِیْسٰی وَ مُوْسٰی وَ اِبْرَاھِیْمَ الْخَلِیْلِ تَجْلِبُوْا فُلَاں بِنْ فُلَاں اِلٰی مُحَبَّۃٍ فُلَاں بِنْتِ فُلَاں وَ تَجْلِبُوْا اَیُّھَا اَوْلَادَ اٰدَمَ لِلْمَخْطُوْبَۃِ وَالزَّوَاجِ فِی الْحَلَالِ بِحَقِّ وَ اَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ وَ اِنَّہٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ یَا مُقَلِّبُ الْقُلُوْبِ یَا عَلَّامَ الْغُیُوْبِ یَا مُحَلِّبَ الْقُلُوْبِ لِلْقُلُوْبِ اَنْ تَجْلِبَ اَوْلَادَ اٰدَمَ اِلٰی حَامِلَۃِ حِجَابِیْ ھٰذَا بِھَا یَظْھَرُ الْحُبُّ فِیْ قُلُوْبِ وَ اَعْیُنِ النَّاسِ بِحَقِّ اللّٰہِ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ الْفَرْدِ الصَّمَدِ وَبِحَقِّ مَنْ یَقُوْلُ کُنْ فَیَکُوْنُ وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ۔

5- رشتوں کا پیغام آئے

اگر کسی کنواری کی منگنی نہ ہوتی ہو یا رشتہ کا کوئی پیغام نہ آتا ہو تو اس کے لیے یہ نقش تحریر کریں تا کہ لڑکی اپنے گلے میں ڈالے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد پیغام آئے یا منگنی وغیرہ ہو جائے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ک ک ک ک ک ک ک ک

۲۵۴	۲۴۶	۲۵۱
۲۴۸	۲۵۰	۲۵۳
۲۴۹	۲۵۵	۲۴۷

ک ک ک ک ک ک ک ک

6- جلد شادی ہو

اگر کسی کنواری لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو یا منگنی ہو کر ٹوٹ گئی ہو۔ کسی حاسد نے سحر تعطیل الزوج کروا دیا ہو۔ یا رشتوں کے پیغام نہ آتے ہوں، سب کے لیے یہ عمل قوی الاثر ہے۔ تحریر کر کے مسودہ کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ مقصد پورا ہو جائے گا، عمل یہ ہے:

زُیِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّھَوَاتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِیْنَ وَالْقَنَاطِیْرِ الْمُقَنْطَرَۃِ مِنَ الذَّھَبِ وَالْفِضَّۃِ وَالْخَیْلِ الْمُسَوَّمَۃِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذٰلِکَ مَتَاعُ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَاللّٰہُ عِنْدَہٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ۝ وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ یَاْتُوْکَ رِجَالًا وَّ عَلٰی کُلِّ ضَامِرٍ یَّاْتِیْنَ مِنْ کُلِّ فَجٍّ عَمِیْقٍ ۝ اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ وَوَضَعْنَا عَنْکَ وِزْرَکَ الَّذِیْ اَنْقَضَ ظَھْرَکَ وَرَفَعْنَالَکَ ذِکْرَکَ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ وَ اِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ۔

7- بندش شادی کا علاج

اگر کسی کا نکاح وشادی بذریعہ سحر باندھ دی گئی ہو اور اس کی نسبت ونکاح نہ ہوتا ہو، اس کے لیے مندرجہ ذیل عمل تیار کریں تا کہ وہ اپنے گلے میں لٹکائے۔ انشاءاللہ بہت جلد کسی صالح مرد سے نکاح ونسبت ہو جائے گی، عمل یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

رر	ررر	رر
س	س	س
رر	ررر	رر

اَفَمَنۡ یَّمۡشِیۡ مُکِبًّا عَلٰی وَجۡہِہٖۤ اَہۡدٰۤی اَمَّنۡ یَّمۡشِیۡ سَوِیًّا عَلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ			
۲۱۶۱	۲۱۷۵	۲۱۷۲	۲۱۶۹
۲۱۷۳	۲۱۶۸	۲۱۶۲	۲۱۷۴
۲۱۶۷	۲۱۷۰	۲۱۷۷	۲۱۶۳
۲۱۷۶	۲۱۶۴	۲۱۶۶	۲۱۷۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ			
۱۳۱۶	۱۳۳۰	۱۳۲۷	۱۳۲۳
۱۳۲۸	۱۳۲۲	۱۳۱۷	۱۳۲۹
۱۳۲۱	۱۳۲۵	۱۳۳۲	۱۳۱۸
۱۳۳۱	۱۳۱۹	۱۳۲۰	۱۳۲۶

اَلَمۡ نَشۡرَحۡ لَکَ صَدۡرَکَ وَوَضَعۡنَا عَنۡکَ وِزۡرَکَ الَّذِیۡۤ اَنۡقَضَ ظَہۡرَکَ وَرَفَعۡنَا لَکَ ذِکۡرَکَ فَاِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ یُسۡرًا اِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ یُسۡرًا فَاِذَا فَرَغۡتَ فَانۡصَبۡ وَاِلٰی رَبِّکَ فَارۡغَبۡ۔

8- پیغامِ نکاح

جس لڑکی یا عورت کا نکاح کا پیغام نہ آتا ہو یا کسی نے نکاح و نسبت باندھ دی ہو یا شادی میں رکاوٹ ہو، سب کے لیے یہ عمل بڑا لاجواب ہے۔ یہ تحریر کر کے مسحور کے گلے میں ڈالا جائے:

وَ اَذِّنۡ فِی النَّاسِ بِالۡحَجِّ یَاۡتُوۡکَ رِجَالًا وَّعَلٰی کُلِّ ضَامِرٍ یَّاۡتِیۡنَ مِنۡ کُلِّ فَجٍّ عَمِیۡقٍ ۝ لِّیَشۡہَدُوۡا مَنَافِعَ لَہُمۡ لِتَعَیَّنَ بَعۡلًا صَالِحًا یَاۡتِیۡ فُلَاں بِنۡتِ فُلَاں بِحَقِّ ہٰذِہِ الۡاَسۡمَآءِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ

اور مسجد کی مٹی لے کر اس کی سات ٹکیاں بنائی جائیں۔ پھر ہر ایک ٹکیہ پر یہ آیت تحریر کریں:

وَاَذِّنۡ فِی النَّاسِ بِالۡحَجِّ یَاۡتُوۡکَ رِجَالًا وَّ عَلٰی کُلِّ ضَامِرٍ یَّاۡتِیۡنَ یَّاۡتِیۡنَ مِنۡ کُلِّ فَجٍّ عَمِیۡقٍ ۝

پھر ایک ٹکیہ لے کر جمعتہ المبارک کے دن جب امام منبر پر ہو، لڑکی ٹکیہ بدن پر ملے اور غسل کرے۔ اسی طرح ہر جمعتہ المبارک کو غسل کرے اور غسل کا پانی چلتے راستہ میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات ہفتے گزرنے نہ پائیں گے کہ کسی جگہ نکاح و نسبت ہو جائے گی۔

9- پیغامِ شادی

اگر کسی لڑکی کے لیے شادی کا پیغام نہ آتا ہو تو اس کے لیے یہ نقش تحریر کر کے گلے میں ڈال دیں یا بائیں بازو پر باندھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند ہفتوں کے اندر اندر اچھا پیغام موصول ہوگا، نقش یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَیَنۡصُرَکَ اللّٰہُ نَصۡرًا عَزِیۡزًا	نَصۡرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتۡحٌ قَرِیۡبٌ	اِنۡ تَسۡتَفۡتِحُوۡا فَقَدۡ جَآءَکُمُ الۡفَتۡحُ	اِنَّا فَتَحۡنَا لَکَ فَتۡحًا مُّبِیۡنًا
۲۱۷۵	۱۲۳۲	۸۷۹	۱۳۰۱
۱۲۳۱	۲۱۷۲	۱۳۰۴	۸۸۰
۱۳۰۳	۸۸۱	۱۲۳۰	۲۱۷۳

الٰہی بحرمت ایں نقش مبارک فلاں بنت فلاں کا بخت کشادہ ہو

10- لڑکی کی شادی جلد ہو

جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو اس کے لیے لکڑی کی کنگھی پر مندرجہ ذیل نقش کندہ کریں۔ اس کے بعد یہ کنگھی لڑکی صبح و شام اپنے بالوں میں (حالتِ پاکی میں) کرتی رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد پیغام آئے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

11- برائے پیغامِ نکاح

جس لڑکی کے رشتے نہ آتے ہوں اس کی کمر میں یہ نقش تحریر کر کے باندھا جائے۔ نقش کمر پر رہنا چاہیے۔ گرہ آگے لگائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد پیغام وصول ہوگا، نقش یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

رک	ع	ط	ص
حف	ط	ص	ک
طع	ص	ک	ق
صع	ی	ن	ح
عع	ی	ف	ط

یااللہ جل جلالہٗ بحرمت ایں نقش فلاں بنت فلاں کا پیغام جلد آئے۔ آمین

12- برائے نکاح و نسبت

اگر کسی لڑکی کی نسبت نہ ہو رہی ہو تو اس کے لیے سورہ طٰہٰ کا یہ نقش بڑا مفید ہے۔ نقش تحریر کر کے لڑکی کے گلے میں ڈالا جائے اور لڑکی سات یوم تک روزانہ ایک مرتبہ سورہ طٰہٰ کی تلاوت کر کے اپنی نسبت یا شادی کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ کے اندر ہی نکاح و نسبت یا شادی کی بات پکی ہو جائے گی، نقش یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

۹۹۸۱۸	۹۹۸۲۱	۹۹۸۲۹	۹۹۸۱۵
۹۹۸۲۸	۹۹۸۱۶	۹۹۸۱۷	۹۹۸۲۲
۹۹۸۱۳	۹۹۸۲۷	۹۹۸۲۳	۹۹۸۲۰
۹۹۸۲۴	۹۹۸۱۹	۹۹۸۱۴	۹۹۸۲۶

13- اچھے رشتوں کے لیے

جس لڑکی کے لیے رشتہ نہ آتے ہوں یا بات بن بن کر بگڑ جاتی ہو۔ اس کے لیے مندرجہ ذیل نقش تحریر کر کے سبز رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر گلے میں ڈالنے کو دیں تاکہ کنواری دوشیزہ اسے اپنے گلے میں ڈالے، نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

۸۸۸۱۶	۸۸۸۲۱	۸۸۸۱۰	۸۸۸۱۱
۸۸۸۱۴	۸۸۸۰۷	۸۸۸۲۰	۸۸۸۱۷
۸۸۸۱۹	۸۸۸۱۸	۸۸۸۱۳	۸۸۸۰۸
۸۸۸۰۹	۸۸۸۱۲	۸۸۸۱۵	۸۸۸۲۲

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنَ

اور سورہ احزاب سفید کاغذ پر زعفرانی روشنائی سے تحریر کر کے سبز رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر لکڑی کی ایک ڈبیہ میں خوشبو لگا کر رکھ دیں۔ سورہ کے آخر میں اس لڑکی کا نام جس کے رشتہ نہ آتے ہوں، مع والدہ بھی تحریر کریں۔ پھر اس ڈبیہ کو بکس میں کپڑوں کے درمیان رکھ دیں اور لڑکی روزانہ ایک مرتبہ اسی سورہ کی تلاوت کرتی رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اچھے رشتے آنا شروع ہو جائیں گے۔

14- من پسند رشتوں کے لیے

من پسند رشتے کے لیے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر دو پتھروں کے درمیان دبا دیں۔ ان دونوں پتھروں کا وزن دو کلو سے کم نہ ہو۔ نقش کے نیچے لڑکی کا نام مع والدہ پھر اس لڑکے کا نام مع والدہ تحریر کریں جس سے شادی کرنا مطلوب ہو، نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

۷۹	۷۳	۸۱
۸۰	۷۸	۷۵
۷۴	۸۲	۷۷

نام لڑکی مع والدہ الحب نام لڑکا مع والدہ

15- پیغاماتِ نکاح کے لیے

اگر کسی نوجوان لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو تو سورہ ممتحنہ ایک نشست میں پانچ مرتبہ پڑھ کر لڑکی اپنی شادی کے لیے دعا کرے اور اس عمل کو مسلسل پانچ روز تک کرے۔ اگر لڑکی خود نہ کر سکے تو اس کی والدہ یا بہن بھائی عمل کرے اور پھر اس لڑکی کا نام لے کر شادی کی دعا کرے۔ عمل سے قبل مندرجہ ذیل نقش جو اسی سورہ مبارکہ کا ہے، تحریر کر کے گلے میں ڈال دیا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد رشتوں کا سلسلہ شروع ہو جائے گا، نقش یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

۲۵۳۳۷	۲۵۳۴۰	۲۵۳۴۳	۲۵۳۳۰
۲۵۳۴۲	۲۵۳۳۱	۲۵۳۳۶	۲۵۳۴۱
۲۵۳۳۲	۲۵۳۴۵	۲۵۳۳۸	۲۵۳۳۵
۲۵۳۳۹	۲۵۳۳۴	۲۵۳۳۳	۲۵۳۴۴

بخت کشادہ فلاں بنت فلاں

مندرجہ ذیل اعمال و نقوش مجرب ہیں۔ ان کنواری بچیوں کے لیے اکسیر کا حکم رکھتے ہیں۔ جن کا رشتہ نہ آ رہا ہو اور شادی کی عمر گزرتی جا رہی ہو۔ ان کے لیے نوید مسرت ہیں۔ ہم نے ہر بات وضاحت سے تحریر کر دی ہے۔ ہماری دعا ہے کہ ہر ضرورت مند ان اعمال و نقوش سے فیض حاصل کر سکے۔

عمل موہنی

عمل حُب

از تحریر: عابد جعفری، اٹک

یہ عمل اپنے اندر حیرت انگیز اثرات کا حامل ہے۔اس عمل کو میرے استاد محترم نظامی صاحب نے **1976**ء میں کیا تھا اور اس سے کام لیا۔اس کے بعد مجھے ایک دفعہ اس عمل کو اپنے گوٹ فارم کے قریب چوراہے پر عمل کرنے کا اتفاق ہوا۔ یہ عمل میرا آزمودہ ہے اور اس کے اسرار ورموز سے میں بخوبی واقف ہوں۔ اس عمل کو کرنے کے لئے نوچندی ہفتہ کی شب انتہائی موثر ہے۔اس کے لئے آپ کو آٹے کا چومکھا چراغ بنانا ہوگا اور اس کے اندر دیسی گھی ڈالنا ہوگا۔اس چراغ کو روشن کر کے سات دانے سیاہ ماش کے لے لیں اور ہر دانہ پر سات سات مرتبہ موہنی کا عمل پڑھیں۔اس عمل کو شروع کرنے سے پہلے سوا پاؤ حلوہ تیار کر کے ساتھ لے جائیں۔اس کے ساتھ سندور اور سات عدد پھول سات عدد الائچی اور سات عدد لونگ بھی اپنے پاس رکھنے ہوں گے۔اب آپ نے چورستے میں بغیر کپڑوں کے بیٹھنا ہے۔ چیزیں اپنے روبرو رکھ لیں۔ چورستے میں سوا بالشت کا گڑھا کھودنا ہے۔جب آپ پڑھائی مکمل کر لیں تو تمام چیزیں گڑھے میں دفن کر دیں۔پہلی رات میں ہی مطلب حاصل ہوگا۔اگر موہنی خود حاضر ہو تو عہد و پیماں کر لیں۔اگر پہلی رات مطلب حاصل نہ ہو تو دوسری رات عمل کر لیں۔

یہ تو عمل کا اصل طریقہ ہے لیکن آپ اس کو بغیر سلے ہوئے کپڑے کے ساتھ بھی کر سکتے ہیں۔اگر آپ کو چورستہ میسر نہ ہو تو کہیں سے چورستہ کی خاک لے آئیں اور اس کو بچھا کر عمل کر لیں۔یاد رہے کہ عمل کچی زمین پر ہونا لازم ہے۔بہتر ہے کہ آبادی سے دور ہو لیکن اس دور میں ایسا کرنا بعض اوقات ممکن نہیں ہے۔اس لئے اگر آپ آبادی میں کرنا چاہیں تو بھی کر سکتے ہیں۔ اس میں صرف چراغ سے کام لے لیں اور فرش (کچا) پر مٹی چورستہ کی استعمال کریں اور باقی اشیاء قبرستان میں دفن کر دیں۔دعا ہے کہ خداوند کریم آپ کا ادراک کھول دے۔عمل کی گارنٹی ہے۔

موہنی

ماتا بھوت پتا بھوت سر بُتاں اوڑی کالی ناگنی

فلاں بن فلاں (مطلوب) کو جا لاگ۔ایسی جا کے لاگ کہ فلاں بن فلاں کو جا کے لگ جائے۔فلاں بن فلاں (طالب) کی محبت کی آگ۔فلاں بن فلاں (مطلوب) کو نہ کھڑے سکھ نہ سوئے سکھ نہ جاگے سکھ جب تک نہ دیکھے (طالب) کا مکھ۔سندور چڑھاون منگل وار کبھی نہ چھوٹے ہمارا (طالب) خیال۔جب تک نہ دیکھے (طالب) کا مکھ کایا تڑپ تڑپ کے مر جائے۔
چلو منتر پھر و باچا دکھاؤ اے شُبد اپنے گُرو کے علم کا تماشا۔

میں نے اپنی تجرباتی زندگی میں بہت سے حُب کے عملیات سے کام لیا ہے لیکن جس قدر لطف اس عمل میں حاصل ہوا وہ کسی دیگر عمل سے حاصل نہ ہو سکا لیکن شرط اس میں صرف حلال کے لئے ہے۔اگر آپ کسی عورت سے شادی کرنا چاہتے ہیں تو یہ عمل زبردست کام کرے گا۔ بنیادی طور پر یہ عمل خواب بندی کا عمل ہے اور اس کو کرنے کا بہترین وقت رات کو بارہ بجے کے قریب ہے۔ جب آپ کا مطلوب گہری نیند سو چکا ہو۔ادھر عمل شروع ہوگا ادھر آپ مطلوب کے خواب میں نمودار ہو جائیں گے اور مطلوب تمام رات آرام کی نیند نہیں سو سکے گا۔صاحب عمل کا دعویٰ ہے کہ بندے کی مجال ہی کیا؟ ایک دفعہ تو پہاڑ بھی چل کر طالب کے پاس آئے گا۔میرے خیال میں مطلوب کا چل کر آ جانا ہی غنیمت ہے۔صاحب عمل لکھتے ہیں کہ اس میں خوف جاں بھی موجود ہے لیکن میں نے جتنی بار کیا مجھے کوئی خوف خطر محسوس نہیں ہوا۔مصنف اس کی تعریف میں لکھتے ہیں کہ اگر تیرا محبوب ہزار کوس پر بھی ہو تو تیرے بغیر آرام و قرار نہ پاوے گا۔اس عمل سے آپ کسی دوسرے کا بھی کام کر سکتے ہیں۔جس طرح اس عمل کو درج کیا گیا ہے اگر اس طرح عمل نہ کیا جائے تو ہرگز کام نہیں ہوگا۔ اس عمل میں ایک طلسم درج کیا گیا ہے جو بغیر زکوٰۃ کے کام نہیں کرتا۔سب سے پہلے اس طلسم کی زکوٰۃ ضروری ہے۔طلسم یہ ہے:

''دو۱۴۰۷۷۱۱۱ علی العمد العمد الساعۃ الساعۃ ''

اس طلسم کو روزانہ **41** روز تک لکھیں اور پھر گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیں۔ بعد از زکوٰۃ آپ کا یہ عمل انتہائی سریع الاثر ہوگا۔اس طریق کار میں کنیر سرخ کے پتوں کا استعمال ہے۔لیکن بصورت دیگر آپ کاغذ کی بتی پر بھی عمل کر سکتے ہیں۔عمل جو بتی روشن کرنے پر پڑھا جاتا ہے۔

اَھْیاً اَشْرَاھِیاً آزُونی وَصَابِرُونی وَ اَھْلِ شَیدَائی بِحقِّ کھٰیٰعٓصٓ وَ طٰہٰ یٰسٓ اِنِّی اَحْبَبْتُ اَحْبَبْتُ حُبُّ الْخَیر عَنْ ذِکْرِ رَبِّی حتّٰی طَوَارَتْ بِالْحِجَابَ سَو خَتَم دِل و جان فلاں بنت فلاں عَلَی الحُب فلاں بن فلاں بحق محبّت یُوسف و زُلیخا وَ بحق لا الٰہ الا اللّٰہ محمد الرسول اللّٰہ۔

اگر آپ کنیر کے پتوں پر لکھ کر کرنا چاہتے ہیں تو پتوں پر روئی لپیٹ کر بتی بنا لیں۔ ایک نیا چراغ لے کر اس میں چنبیلی کا تیل ڈال کر روشن کر دیں۔مطلوب کے تصور کے ساتھ اکیس بار عزیمت کو پڑھ لیں۔مدت عمل تین روز کی ہے۔اثرات پہلے روز شروع ہو جاتے ہیں۔بخورات کی جگہ اگر بتیاں استعمال کر سکتے ہیں۔

نومبر 2019ء

ہاتھ اور آپکی صحت

ازتحریر: سیّد محمد علی زنجانی

1- ہاتھ آپ کی صحت کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟

ہاتھ ہمارے جسم کا ایک اہم جز اور اللہ تعالیٰ کی جانب سے عطا کردہ انسان کے لیے ایک بہت بڑی نعمت ہیں- بات اگر روزمرہ کے کاموں کی جائے تو یقیناً ہاتھوں کے بغیر کوئی بھی کام کرنا ممکن نہیں- نہ آپ سبزی کاٹ سکتے ہیں اور نہ ہی کسی بھی چیز کو مضبوطی سے پکڑ سکتے ہیں- دیکھا جائے تو ہاتھ انسانی جسم کا سب سے نمایاں حصہ ہیں- یوں تو آپ کو اپنے ارگرد کئی ایسے لوگ ملیں گے جو ہاتھ دیکھ کر یہ بتانے کا دعویٰ کرتے ہیں کہ آپ کا ماضی، حال یا مستقبل کیسا ہوگا؟ لیکن کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ کے ہاتھ اور انگلیوں کی اشکال سے آپ میں موجود مختلف بیماریوں کا پتہ لگانا بھی ممکن ہے؟ جی ہاں آپ کو یہ جان کو ضرور حیرت ہوگی کہ آپ کے ہاتھ آپ کے جسم میں خون کی روانی ہارمونز اور تھائیرائیڈ کے متعلق اہم باتیں بیان کرتے ہیں- یہاں ہم صحت سے متعلق ایسی اہم باتوں کا ذکر کررہے ہیں جو آپ کے ہاتھوں کے ذریعے ظاہر ہوتی ہیں-

2- سرخ ہاتھ اور آپ کی صحت

اگر آپ کی ہتھیلیاں سرخ رہتی ہے تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ آپ جگر کے عارضے میں مبتلا ہیں- اگر آپ بہت زیادہ محنت طلب کام نہیں کرتے لیکن اس کے باوجود ہتھیلی سرخ رہتی ہے تو آپ کو فوراً ڈاکٹر سے رجوع کرنا چاہیے- جب آپ کا جگر درست طور پر اپنے امور سرانجام نہیں دیتا اور اور جسم میں موجود زہریلے مادے خارج نہیں کر پاتا تو ہاتھوں اور پاؤں میں موجود خون کی شریانوں کی سرگرمیوں اضافہ ہوجاتا ہے اور اسی کے نتیجے میں آپ کی ہتھیلی پر سرخ نشان آنا شروع ہوجاتے ہیں-

عموماً حاملہ خواتین سرخ ہتھیلیوں کی شکایت کرتی ہیں مگر اس میں پریشانی والی کوئی بات نہیں کیونکہ یہ بھی خون کی شریانوں کی سرگرمیوں میں اضافے کی وجہ سے ہی ممکن ہوتا ہے- ایگزیمایا الرجی کے باعث بھی ہتھیلیاں اکثر سرخ ہوجاتی ہیں-

3- انگلیوں کی لمبائی اور آپ کی صحت

آپ کی انگلیوں کی لمبائی بھی آپ کی صحت کے متعلق حیرت انگیز انکشافات کرسکتی ہے- عموماً مردوں کی تیسری انگلی ان کی شہادت والی انگلی سے بڑی ہوتی ہے، جبکہ خواتین کے معاملے میں اس کے برعکس ہوتی ہے- ایک تحقیق کے مطابق گھٹنوں یا جوڑوں کا مرض جسے osteoarthritis کہتے ہیں ان مرد اور خواتین میں زیادہ پایا جاتا ہے جن کی تیسری انگلی لمبی ہوتی ہے- تاہم اس مرض کے زیادہ اثرات خواتین میں پائے جاتے ہیں- جن خواتین کی شہادت والی انگلی لمبی ہوتی ہے ان میں چھاتی کے کینسر ہونے کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں جبکہ ایسے مردوں میں پروسٹیٹ کا کینسر ہونے کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں-

4-ناخنوں کی پیلاہٹ اور آپ کی صحت

اگر آپ ناخنوں کو دبائیں اور وہ ایک منٹ سے زیادہ دیر تک سفید رہیں یا پھر ہر وقت پیلے پڑے تو یہ انیمیا کی علامات میں سے ایک ہوسکتی ہے- یہ بیماری زیادہ تر آئرن کی کمی کے باعث ہوتی ہے جس کی وجہ سے ناخنوں میں پیلا پن آجاتا ہے- اس پیلے پن کی دوسری وجہ خون میں لال خلیوں کی کمی بھی ہوسکتی ہے- آئرن کی کمی کے باعث تھکاوٹ اور زیادہ بیماری کی صورت میں دل کی بیماری ہونے کا خدشہ بھی ہوتا ہے- لہٰذا اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے اندر آئرن کی کمی ہے تو اپنے معالج سے مشورہ کریں- آپ کے معالج آپ کو دوا کے ساتھ بھرپور غذا کا مشورہ بھی دے سکتے ہیں جیسے کہ گوشت، پالک اور ہری سبزیوں کا استعمال وغیرہ-

5-انگلیوں کے سِروں پر سوجن اور آپ کی صحت

جن لوگوں کی انگلیاں اوپر سے سوجھی ہوئی ہوتی ہیں یا ان پر ورم ہوتا ہے وہ زیادہ تر دل اور پھیپھڑوں کے عارضے میں مبتلا ہوتے ہیں- اس بیماری میں انگلیاں کے پور یا سرے موٹے ہوجاتے ہیں اور ناخن ابھر کر باہر کی جانب آجاتے ہیں اور چمچ کی شکل اختیار کر لیتے ہیں-

محض صرف انہی علامات کی وجہ سے آپ کو کسی کو بیمار قرار نہیں دے سکے، جن افراد کی انگلیاں مذکورہ شکل کی ہوجاتی ہیں وہ سانس لینے میں دشواری محسوس کرتے ہیں لیکن اس کے ذرائع علاج بھی موجود ہیں-

6-انگلیوں کے نیلے پور اور آپ کی صحت

انگلیوں کے پور اگر نیلے رنگ کے ہوں یا پرُسُن ہوجاتی ہوں تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کو خون کی خرابی کی شکایت ہے جس کو Raynaud کی بیماری کہا جاتا ہے- اگر آپ اس بیماری کے شکار ہیں تو آپ کی انگلیاں اس وقت نیلی یا سرمئی رنگ کی ہوجائیں گی جب آپ کسی ٹھنڈی چیز کو ہاتھ لگائیں گے- یہ بیماری زیادہ تر خواتین میں پائی جاتی ہے تاہم یہ خطرناک نہیں ہے- اس بیماری میں خون کی رگیں بند ہوجاتی ہیں جس کی وجہ سے آپ کی انگلیاں نیلی یا سرمئی رنگ کی ہوجاتی ہیں- اگر آپ اس بیماری کا شکار ہیں تو آپ کو بچاؤ کے لیے دستانوں کا استعمال کرنا چاہیے-

7-سوجھی ہوئی انگلیاں اور آپ کی صحت

سوجھی ہوئی انگلیاں اس جانب اشارہ کرتی ہیں کہ آپ کا تھائیرائیڈ کا نظام درست طور پر کام نہیں کر رہا- جب آپ کا تھائیرائیڈ کا نظام صحیح کام نہیں کرتا تو وہ ایسے ہارمونز کم پیدا کرنے لگتا ہے جو کہ آپ کے میٹابولزم کے نظام کے لیے انتہائی ضروری ہوتی ہے- تھائیرائیڈ کے مسائل کو معمولی سمجھ کر نظرانداز مت کیجیے کیونکہ یہ کئی دوسری بیماریوں کو جنم دے سکتا ہے جو کہ جان لیوا بھی ثابت ہوسکتی ہیں- اپنے ڈاکٹر سے لازمی مشورہ کیجیے اور وہ چند ٹیسٹ کے ذریعے اس مرض کی تشخص کرے گا-

نومبر 2019ء

کراماتِ جفر

از تحریر: محمد اسد اللہ سلیمانی، جھنگ

حصولِ انعامات و تسخیرِ ہمزاد کے خصوصی اعمال

قارئین کی خدمت میں دنیا میں ہونے والی انعامی اسکیموں کا خاص عمل پیش کر رہا ہوں۔ جو لوگ مالی پریشانیوں میں مبتلا ہیں اور قرضہ میں ڈوبے ہوئے ہیں اور کوئی مدد رشتہ دار یا دوست نہیں کر رہا تو آپ کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس عمل سے فائدہ حاصل کریں۔ لیکن لالچی اور جواباز اور گستاخ جو اہل علم کی کرتا ہو وہ اس عمل سے کبھی بھی فائدہ حاصل نہیں کر سکتا۔ طریقہ یہ ہے کہ نوچندی جمعرات کو علیحدہ کمرہ میں رجال الغیب پشت پر رکھ کر بیٹھ جائیں اور نیاز 350 روپے کی ساتھ ہو اور اگربتیاں سلگائیں اور مندرجہ ذیل نقش بنا کر لکھیے اور مشک وزعفران سے لکھنا ہے۔ پھر عبارتِ عمل 1100 بار پڑھ کر دم کر دیں۔ اسی طرح 7 روز کرنا ہے۔ پھر جب ضرورت ہو تو قرعہ اندازی سے 7 روز قبل عمل شروع کر دیں۔ یعنی نماز عشاء کے بعد نقش مبارکہ اپنے پاس رکھیں اور عبارتِ عمل 1100 مرتبہ پڑھ کر سو جائیں۔ انشاء اللہ 3 تا 7 یوم میں خواب میں واضح پیکٹ نمبرز مل جائیں گے اور صبح ہونے تک یاد رہیں گے۔ بس یہی کھیل لیں اور غریبوں کی مالی مدد کریں اور دوسرے کو ہرگز نمبرز نہ بتائیں، ورنہ نقصان ہوگا اور یہ زندگی میں صرف ایک بار کام کرے گا اور اجازت عمل مجھ سے ضرور لیں تاکہ فائدہ حاصل ہو سکے۔

اجب یا جبرائیل بحق یا ظاھر

نقش مبارکہ یہ ہے:

۷۸٦

ھادی ۱۰	ھادی ۲	ھادی ۸
ھادی ۴	ھادی ۷	ھادی ۹
ھادی ٦	ھادی ۱۱	ھادی ۳

(یہاں عبارتِ عمل لکھیں)

میمون ابی نوخ کی حاضری کا عمل

قارئین کی خدمت میں میمون ابی نوخ کا وقتی عمل لکھ رہا ہوں۔ یہ عمل سات دن کا ہے اور ساتویں رات مؤکل جس کا نام میمون ہے، حاضر ہوگا۔ اس کو کہیں کہ میرا فلاں کام کر دیں، کر دے گا۔ اگر انعامی بانڈ یا دیگر کسی انعامی اسکیموں کے بارے میں کہیں گے تو آپ کا مطلوبہ نمبر نکلوا دے گا۔

یہ سب سے طاقتور مؤکل ہے۔ اس عمل سے مؤکل صرف ایک دفعہ حاضر ہوگا۔ ایک ہی کام کرے گا۔ ترکیب عمل کی یہ ہے۔ اس عمل کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے دن روزہ رکھیں اور نوچندی اتوار سے عمل شروع کریں۔ یعنی ہفتہ کا دن گزار کر جو رات آئے گی وہ اتوار کی رات ہوگی۔ اسی رات عمل شروع کرنا ہوگا۔ پھر عشاء کی نماز کے بعد اپنے اردگرد خصوصی حصار قائم کریں اور مندرجہ ذیل عبارتِ عمل 1100 مرتبہ پڑھیں۔ ساتویں رات ایک خوبصورت مرد حاضر ہوگا۔ اس کے دائیں ہاتھ میں تلوار ہوگی اور پوچھے گا کہ مجھے کس لیے بلایا ہے تو اس کو کہیں کہ فلاں کام کے لیے بلایا ہے اور وہ آپ کا جو بھی کام ہوگا، کر دے گا۔ مؤکل وہ کام کرنے کا وعدہ کر کے چلا جائے گا اور بعد عمل پانچ کلو مٹھائی لے کر حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ کی نیاز دیں، خود بھی کھائیں اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کریں۔ عبارتِ عمل یہ ہے:

انوخ انوخ شنشنوخ شنشوخ نوخ نوخ اجب یا میمون ابا نوخ بحق حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام و بحق یا بدوح یا بدوح یا بدوح

نوٹ: ہر روز دورانِ عمل بخور لوبان، گوگل جلائیں اور پرہیز ہر قسم کا گوشت، جماع، کچی پیاز، لہسن اور بدبودار اشیاء ہرگز نہ کھائیں۔ صاحب روحانیت انشاء اللہ چلے میں کامیاب ہوں گے۔ دیگر افراد کو دو یا تین چلے

کرنے پڑ سکتے ہیں اور اجازت عمل ضرور لے لیں تا کہ رجعت نہ ہو۔ ہر بات کی تفصیل لکھ دی ہے۔

تسخیر ہمزاد کا خاص عمل

عملیاتی دنیا میں تسخیر ارواح کا شعبہ بہت ہی مشکل ہے۔ اس میں صبر اور لگن بہت ضروری ہے۔ اس کے علاوہ استاد کامل کا ہونا بھی لازمی ہے، ورنہ عمل وہی کریں تو بہتر ہوگا۔ طریقہ عمل یہ ہے کہ نوچندی جمعرات کو علیحدہ پاک وصاف کمرے میں داخل ہوں اور خوشبو دار بخور روشن کریں۔ پھر رات 11 بجے پشت پر چراغ جلا کر اپنے اِرد گرد خصوصی حصار کر کے عبارتِ عمل 2100 مرتبہ وِرد کریں۔ دورانِ عمل لباس ایک ہی طرح کا ہو، اسی طرح مقررہ وقت پر روزانہ 21 روز تک عمل کرنا ہے۔ آخری روز انشاء اللہ ہمزاد حاضر ہوگا اور پڑھائی مکمل کرنے کے بعد عہد و پیمان سوچ سمجھ کر لیں۔ ہر وقت ساتھ نہ رکھیں اور اجازت عمل ضرور لیں تا کہ فائدہ ہو، بے استادہ ہمیشہ ناکام رہتا ہے۔ عبارتِ عمل یہ ہے:

یا لطیف ھمزاد کو حاضر کر بحق یا طاطائیل العجل الساعۃ الوحا

پرہیز: دورانِ عمل کچا پیاز، لہسن، گوشت، جماع اور بدبودار اشیاء سے بچیں۔

بڑھاپا کیسے دُور کریں؟

از تحریر: سید اویس الطاف بخاری

بڑھاپا کیا ہے؟ بڑھاپا جسم میں ہونے والا قدرتی عمل ہے۔ لمبی عمر بسر کرنے کے بعد چہرے پر جھریاں پڑنا، جلد پر خشکی آنا، جوڑوں کا کمزور ہونا، اکڑن اور سختی آنا، کمر جھکنا، دانت گرنا، بال سفید ہونا، آنکھوں کی روشنی کم ہونا، گھٹنوں کا درد، پیشاب پر کنٹرول نا ہونا، ناڑیوں میں چربی (کولیسٹرول) جمنا، پروسٹیٹ گلینڈ کا بڑھنا، جسم میں کھار کی زیادتی ہونا وغیرہ بڑھاپا ہے۔ عمر سے بڑھاپا کو ناپا یا معلوم نہیں کیا جا سکتا۔ ایک جوان بھی بوڑھے سے زیادہ جسم خراب کر لیتا ہے، ان سے کم کام کرتا ہے۔ ایک بوڑھا جوانوں سے زیادہ سرگرم دیکھا جاتا ہے۔ ہر شخص دل سے بوڑھا ہوتا ہے، جسم سے نہیں۔ بڑھاپے میں خواہشات مر جاتی ہیں، ہر وقت تھکان رہتی ہے، طاقت ختم ہو جاتی ہے۔ کھانے کا ذائقہ اور لذت جاتی رہتی ہے۔ بلغم، کھانسی دن رات تکلیف دیتی ہیں۔ بڑھاپے کی حالت کا یہ عام تعارف ہے۔

بڑھاپا کیسے آتا ہے؟ جو پیدا ہوا ہے، ایک دن وہ ضرور وفات پائے گا۔ ہم جوان ہیں، ایک دن ضرور بوڑھے ہوں گے۔ ہم بوڑھا ہونا نہیں چاہتے، تو دیکھیں بڑھاپا کیسے جسم پر اپنا اقتدار قائم کر لیتا ہے۔

کولیسٹرول (Cholestrol): کولیسٹرول ایک چونے جیسا عنصر ہے، جو خون کی نالیوں میں جم کر اعضاء میں کڑا پن، جکڑن، کمزوری وغیرہ پیدا کرتا ہے۔ ہمارے جسم کی پھرتی ختم ہو جاتی ہے۔ اس کو دور کرنے کا علاج ہے کہ روزانہ ورزش، یوگا آسن، مالش۔ جسم کو تولیے سے رگڑ رگڑ کر غسل کیا گیا ہو، تو بڑھاپا بوجھ کی صورت میں جسم کو تکلیف نہیں دے گا، بلکہ سکھ سے بیتے گا۔

بڑھاپے کا ہڈیوں پر اثر: ہڈیوں کے جوڑ خاص قسم کے ہوتے ہیں۔ ان جوڑوں پر کارٹیلیز پر سفید ملائم پرت چڑھی ہوتی ہے اور درمیان میں سینو وائل نامی رقیق ہوتا ہے، جو مشینوں میں مستعمل بریکیٹ کی طرح کام کرتا ہے، ہڈیوں کی باقاعدہ رگڑ ہوتی ہے۔ جس سے کارٹیلیز گھس جاتی ہے، اور سینووائل کی مقدار کم ہو جاتی ہے، یہ پتلا ہو جاتا ہے۔ اس کا موازنہ پرانی مشین اور خراب بریکیٹ سے کیا جا سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس حالت میں رات کے وقت ہڈیوں میں سرگرمی نہ ہونے کے باعث صبح کے وقت ہڈیاں جام ہو جاتی ہیں۔ زیادہ چلنے پھرنے سے جوڑوں میں درد ہوتا ہے۔ گھٹنے، کندھے اور کمر کی ہڈی کے جوڑ زیادہ متاثر کرتے ہیں۔ ان میں درد ہوتا ہے اور کمر جھک جاتی ہے۔

بڑھاپے کی عام بیماریاں: کمزوری سے ٹی بی اور کینسر بڑھاپے کی۔ جسم کے کسی بھی حصے میں کینسر ہونے پر وہ ہڈیوں کو ہی زیادہ متاثر کرتا ہے۔ اس لیے ہڈیوں میں زیادہ درد ہونے پر خاص طور سے ریڑھ کی ہڈی میں ڈاکٹر سے مشورہ لیں۔

بچاؤ: بڑھاپے میں ہونے والے ہڈیوں کے درد، آنکھوں کی نظر کی کمزوری سے محفوظ رہنے کیلئے مقوی غذا، باقاعدہ ورزش اور جسم کو چوٹ لگنے سے بچاؤ کیلئے خبردار رہنا چاہیے۔ ہڈیاں پروٹین اور کیلشیم سے بنتی ہیں، اس لیے غذا میں پروٹین، کیلشیم اور وٹامن "ڈی" کو ضرور شامل کیا جانا چاہیے۔

باقاعدہ ورزش: زندہ رہنے کیلئے جتنی غذا ضروری ہے، اتنا ہی تندرست رہنے کیلئے ورزش ضروری ہے۔ ورزش سے کسا ہوا جسم طویل عمر تک فرسودہ نہیں ہوتا۔ زندگی خوشی اور مسرت سے بھری رہتی ہے۔ محنت سے قوت حاصل ہوتی ہے۔ قوت کا استعمال کرنے سے خوشی از حد خود آتی رہتی ہے۔ بڑھاپا دور کرنے کا سب سے اہم کام ہے سورج طلوع ہونے سے پہلے اٹھنا نماز پڑھنا اور ورزش کرنا، باقاعدہ سیر کرنا، تازی ہوا اور دھوپ استعمال کرنا، تھکان ورزش کی کمی سے آتی ہے۔

صبح ورزش کے بعد کچا دودھ بغیر چینی ملائے، تین کیلے، چار کھجور اور تھوڑا سا ناریل کھانے سے وہ ذائقے دار معلوم ہوتا ہے، ناریل سے جسم کو مکمل چکنائی مل جاتی ہے۔ اس سے پیٹ بھی صاف رہتا ہے۔ کیلے اور دودھ لینے سے یہ ایک مکمل متوازن غذا بن جاتی ہے۔ دوپہر کو ساٹھ گرام آٹے کی روٹی (بیسن ملا کر)، چاول، سبزی، موسم کے مطابق ملنے والی کچی ترکاریاں وغیرہ لیں۔ چالیس سال سے زیادہ عمر والوں کو شام کو دودھ، پھل ہی لینا چاہیے۔ جو لوگ شام کو دودھ پھل لیتے ہیں، وہ اس کے فوائد جانتے ہیں۔ اس طرح کی غذا جسم کو تندرست رکھتی ہے، بیمار نہیں ہونے دیتی۔ وہ شخص طویل عمر بسر کرتا ہے۔

کان میں تیل: سوتے وقت روزانہ دو بوند سرسوں کا تیل کان میں ڈال کر سوئیں۔ اس سے بڑھاپے کی علامات جلد معلوم نہیں ہوں گی۔ اس سے کان، دانت اور نظر کی قوت بھی ٹھیک رہے گی۔

غذا: لذت کے غلام ہو کر زیادہ کھانا نہ کھائیں۔ زیادہ اور بھاری کھانا کھانے سے

طاقت نہیں آتی۔ شدید بھوک لگنے پر جیسا ملے، ویسا ہی تھوڑی مقدار میں کھانے سے طاقت آتی ہے۔ ''زیادہ کھانا'' صحت اور طویل عمر کا دشمن ہے۔ زیادہ کھانے سے بدہضمی ہوتی ہے، موٹاپا بڑھتا ہے، سارے جسم کے ریشے زہریلے ہو جاتے ہیں۔ دل، گردے، جگر پر بہت زیادہ تناؤ پڑتا ہے۔ اس لیے تندرست رہنے کے لیے تھوڑا بھوکا رہنا چاہیے۔ اپنی قوت ارادی سے ہمیشہ یہی سمجھیں کہ ''ابھی تو میں جوان ہوں'' اپنے دل میں بڑھاپے کا خیال ہی نہ آنے دیں۔

علاج: لہسن: اگر لہسن کا استعمال باقاعدہ کیا جائے تو قبل از وقت بڑھاپے کا شکار ہونے سے بچا جا سکتا ہے۔ بڑھاپے کا مطلب ہے جسم کو خون کی سپلائی کرنے والی نالیوں کا سکڑ کر بیماری میں مبتلا ہو جانا، یہی وجہ ہے کہ بڑھاپے میں انسان کے جسم پر جھریاں پڑ جاتی ہیں۔ لہسن کو پیس کر شہد میں ملا کر دو چمچ صبح و شام لیں۔ پچاس دنوں کے استعمال سے جسم میں موجود بیماریاں ختم ہو جائیں گی اور جسم نوجوانوں جیسا معلوم ہو گا۔ اگر اتنا لہسن استعمال کرنے کیلئے اتنی محنت نہ کی جا سکے، تو چار کلیاں لہسن ثابت ہی پانی کے ساتھ نگل جائیں یا دودھ میں ابال کر کھائیں۔ دوپہر کا کھانا کھاتے وقت ایک پوتیا لہسن کے دو دانے کھا کر کھانا کھائیں۔

اگر آپ بوڑھے ہو گئے ہیں اور جوان بننا چاہتے ہیں

ہیں، تو تین دن فاقہ کریں۔ فاقہ کا وقت خدا کی یاد میں بسر کریں۔ چوتھے دن چار عدد لہسن کی کلیاں پیس کر اور نچوڑ کر ان کا رس نکال لیں۔ اس کے برابر پانی ملا کر پی جائیں۔ اس طرح ایک دن میں چار بار لہسن کا رس پئیں۔ رس پینے کے لیے ایک گھنٹہ بعد دو چمچ دیسی گھی یا مکھن کھائیں۔ یہ عمل چار دن کریں۔ پھر آٹھویں دن سے ایک ایک ہفتہ تک لہسن کے رس میں دو چمچ شہد ملا کر پئیں۔ یہ بھی چار بار روزانہ پئیں اور گھی یا مکھن بھی لیں۔ سولہویں دن سے ایک ہفتہ تک چار عدد لہسن کی کلیوں کے ساتھ آٹھ عدد منقہ پیس کر ایک گلاس پانی میں ملا کر پیتے رہیں۔ گھی یا مکھن کا استعمال بند کر دیں۔ چوبیسویں دن سے ایک ہفتہ تک لہسن پیس کر تین عدد آنولوں کے رس میں گھول کر چار بار روزانہ پئیں۔ اس عرصے میں کھانا نہیں کھانا ہے زیادہ بھوک لگے تو آٹا بیسن ملا کر ایک چپاتی ابلی سبزی سے کھا سکتے ہیں۔ دوسرے مہینے میں دودھ پیتے رہیں اور لہسن کے تیل کی مالش غسل کرنے سے پہلے کریں۔ تیل بنانے کے لیے دس گرام لہسن، 50 گرام سرسوں کے تیل میں ابالیں۔ لہسن جل جانے پر تیل چھان کر کام میں لائیں۔ تیسرے مہینے آٹھ عدد لہسن کی کلیاں، دو چمچ شہد، دس عدد بغیر بیج منقہ، آدھا کپ آنولے کے رس میں پیس کر کھائیں۔ یہ پورا ایک مہینہ کھائیں۔ اس طرح کرنے سے بڑھاپا دور ہو کر جوانی آ جائے گی۔ مذہبی خیالات کو ساتھ رکھنا اچھا ہے۔ بعد از ہلکی اغذیہ کا استعمال کریں جو زود ہضم ہوں۔

دیگر آسان نسخے: آنولہ: بڑھاپے میں جسم چونے کی مقدار میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ چونے کی زیادتی، ہڈیوں، اعصاب اور خون کی نالیوں کو سخت بنا دیتی ہے۔ آنولے کا روزانہ استعمال اس سختی کو دور کر کے ان سب اعضاء کو درست رکھتا ہے۔ آنولہ بڑھاپے کے لیے امرت ہے۔ طویل عمر کے خواہش مند لوگ آنولے کا کسی نہ کسی صورت میں روزانہ استعمال کریں۔

آم: دو آم کھا کر دو گھنٹے کے بعد ایک گلاس دودھ میں چمچ شہد، ایک چمچ مصری ملا کر روزانہ پانچ دنوں تک اسی طرح استعمال کرتے رہیں۔ جسم مضبوط ہو جائے گا۔ بڑھاپا معلوم نہیں ہو گا۔

ادرک: کھانا کھانے سے پہلے کچھ ادرک کے چنے کے برابر ٹکڑے کر کے چبائیں، پھر کھانا کھائیں۔ تندرست رہنے اور طویل عمر کیلئے یہ مفید ہے۔

کاجو: کاجو کھانا بڑھاپے کیلئے مقوی غذا ہے۔ کاجو میں ریبوفیلون ہوتا ہے، جو بڑھاپے کی حالت کو روکنے کیلئے مفید ہے۔

دودھ: دودھ پیتے رہنے سے عمر میں اضافہ ہوتا ہے۔ بڑھاپا اپنا اثر نہیں جما پاتا۔ جو اناج ہم کھاتے ہیں، اس کا 30% پروٹین ہی ہضم ہو کر جسم کے کام آتا ہے۔ لیکن اگر کھانے کے ساتھ دودھ لیا جائے تو دودھ ہضم ہو کر اس سے دگنی مقدار میں پروٹین پیدا ہو کر طاقت دیتی ہے۔ ایک گلاس دودھ میں ایک چمچ دیسی گھی اور تین چمچ شہد ملا کر روزانہ پینے سے بڑھاپا جلدی نہیں آئے گا۔

گیہوں: (1) گیہوں کے پودے کا رس پینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ (2) ایک کپ گیہوں رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح گڑ کے ساتھ چبا چبا کر کھائیں۔ اس سے بڑھاپے کی علامات دور ہوں گی۔

مالش: باقاعدہ طور سے روزانہ مالش کرنے سے جسم کے وزن میں اضافہ ہو گا، بڑھاپا دور بھاگنے لگتا ہے۔

دہی، چھاچھ: کھانے کے ساتھ دہی لیں، یا پھر کھانا کھانے کے بعد ایک گلاس چھاچھ پی لیں۔

اخروٹ: 8 عدد اخروٹ کی گریاں، 4 عدد بادام کی گریاں اور 10 عدد منقہ روزانہ صبح کھائیں۔ اوپر سے دودھ پی لیں۔ اس سے بڑھاپے میں قوت آتی ہے۔

ہرڑ: اگر آپ طویل زندگی چاہتے ہیں۔ تو چھوٹی ہرڑ کو پانی میں بھگو دیں۔ پانی اتنا ہی ڈالیں کہ پانی جذب ہو جائے۔ صبح اس کو دیسی گھی میں بھون کر کانچ کے برتن میں بھر لیں۔ روزانہ صبح و شام ایک ہرڑ دو ماہ تک کھاتے رہیں۔ اس سے جسم توانا و تندرست ہو گا۔

نمک: بڑھاپا نمک کھانے سے جلدی آتا ہے۔ اسلئے نمک کم سے کم کھائیں۔

نومبر 2019ء کیلئے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

5	3
6	8

تاریخ: 01-11-2019
دن: جمعہ
شہر: لاہور/ ملتان
مالیت بانڈ: 25,000/7,500/-

2	5
6	3

تاریخ: 15-11-2019
دن: جمعہ
شہر: فیصل آباد/ کراچی
مالیت بانڈ: 100/1500/-

نومبر 2019ء کے لئے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

نمبر شمار	تاریخ	نیک وقت خریداری
1	02 نومبر	16 بجکر 00 منٹ سے لے کر 16 بجکر 30 منٹ تک
2	05 نومبر	13 بجکر 00 منٹ سے لے کر 13 بجکر 40 منٹ تک
3	14 نومبر	09 بجکر 00 منٹ سے لے کر 10 بجکر 00 منٹ تک
4	21 نومبر	11 بجکر 10 منٹ سے لے کر 12 بجکر 40 منٹ تک
5	26 نومبر	13 بجکر 00 منٹ سے لے کر 14 بجکر 30 منٹ تک

نوٹ: یہ اوقات پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق دیے جا رہے ہیں۔

	0	1	2	3	4	5	6	7	8	9	ممکنہ ٹنڈولے	
0			02		04		06		08		046	086
1			12	13		15		17		19	123	197
2				23		25	26			29	253	296
3			32		34	35	36			39	354	396
4	40	41		43				47			410	437
5			52	53			56		58	59	532	568
6			62	63	64	65				69	632	692
7		71		73			76		78		731	786
8				83	84	85	86				843	856
9			92	93		95	96				932	965

تاریخ: 01-11-2019
دن: جمعہ
شہر: لاہور/ ملتان
مالیت بانڈ: 25,000/7,500/-

35	36	86	86
48	54	83	58

تاریخ: 15-11-2019
دن: جمعہ
شہر: فیصل آباد/ کراچی
مالیت بانڈ: 100/1500/-

29	25	59	93
69	62	56	95

5, 4 (3) 8, 6

5, 6 (2) 9, 3

تاریخ: 01-11-2019	تاریخ: 15-11-2019
دن: جمعہ	دن: جمعہ
شہر: لاہور/ ملتان	شہر: فیصل آباد/ کراچی
مالیت بانڈ: 25,000/7,500/-	مالیت بانڈ: 100/1500/-

624173

62	41
02	73

976213

79	97
62	13

3112-3121

311	8	6	31
312	1		59
596			68
685	3	2	86
865			

6852-8652

0616-3698

396	3	1	39
615	6		61
689	8	9	68
869			86

3968-9368

F			S
89	5	1	70
39	7		18
38	0	7	37

F-S		
7734	8-9-4-1-6	اوپن F
3477	1-3-5-6-4	کلوز F
1386	5-0	سینٹر F
6813	7-3	چوتھا فگر F
4953	1-5	تعلق آکڑہ F
	1-8-7	بند اوپن F
	9-2	سیکنڈ اوپن F

F			S
23	7	4	52
50	6		57
54	7	8	28

F-S		
8523	0-5-3-2-6	اوپن F
5823	1-9-3-7-2	کلوز F
1997	4-9	سینٹر F
9719	5-0	چوتھا فگر F
	0-4	تعلق آکڑہ F
	3-7-8	بند اوپن F
	3-8	سیکنڈ اوپن F

لاہور	مالیت بانڈ: 7,500/-	تاریخ: 01-11-2019				
90	81	79	61	32	04	(بونس) 6291

فیصل آباد	مالیت بانڈ: 1500/-	تاریخ: 15-11-2019				
95	70	53	49	28	15	(بونس) 5962

لاہور/ ملتان	تاریخ: 01-11-2019	491/692 =492
مالیت بانڈ: 25,000/7,500/-		820/912 =892
فیصل آباد/ کراچی	تاریخ: 15-11-2019	042/605 =406
مالیت بانڈ: 100/1500/-		819/972 =978

لکی نمبرز

ہماری دعا ہے کہ آپ ان لکی نمبرز سے فیض یاب ہوں۔ کسی نقصان سے بچنے کے لیے پرچی نمبر کی بجائے پرائز بانڈز کی خرید پر توجہ دیں۔ ماہرین علم الاعداد کی تمام تر ذہانت آپ کے لیے وقف ہے۔ (ادارہ)

آپکا ماہِ نومبر 2019ء کیسا رہے گا؟

astrology November

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحمٰنُ یَا رَحِیمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِینُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیمُ بِحَقِ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِینُ اَحفِظْنِی مِنَ النَّحُوسَتُ الشَّمسُ وَالْقَمر وَالْمُشْتَرِی وَالزُّحَلِ وَالزُّھرہ وَالْعَطَارَد وَالمَرِیْخ وَالرّاس وَالذنب بِحَقِ یَا اللّٰہُ یَا اَحدُیَاصَمَدُ یَا لَمْ یَلِدُ وَلَمْ یُوْلَدُ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِینَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِینَ o اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں- بچوں کیلئے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں- اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف **9** بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپکے قریب نہ آئیگی- میری طرف سے آپکو اس عمل کی عام اجازت ہے- **دعا گو عامل شاہ زنجانی**

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں- ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے- پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال ان پر صحیح بیٹھتا ہے۔

پہلا طریقہ آپکے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے- ذیل میں دیئے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کریں پھر اسی برج کے تحت نیک و بد حالات ملاحظہ فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں-

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنے نام کا برج معلوم کریں- اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کریں- اگر باقی **1** بچے تو برج حمل ہے- اگر **2** باقی بچے تو ثور- **3** بچے تو جوزا- **4** بچے تو سرطان- **5** بچے اسد- **6** بچے تو سنبلہ- **7** بچے تو میزان- **8** بچے تو عقرب- **9** بچے تو قوس- **10** بچے تو جدی- **11** بچے تو دلو اور اگر **0** باقی بچے تو برج حوت ہوگا-

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظر انداز کر دیں-

حروف ابجد قمری

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
300	400	500	600	700	800	900	1000		

ARIES

ستارہ: مریخ
حروف: ال ع
دن: منگل
عدد: 9
رنگ: سرخ یا قرمزی
پتھر: یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا

Element: Fire

RulingPlanet: Mars

Symbol: The Ram

YourStone: Ruby

LifePursuit: The thrill of the moment.

SecretDesire: To lead the way for others.

آپکا حاکم ستارہ مریخ یکم تا **19** نومبر ساتویں رہتے ہوئے شراکتی از دواجی معاملات میں خاص احتیاط برتیں۔ اہم فیصلے کرتے وقت مشاورت لازمی کریں **20** تا **30** نومبر مریخ آٹھویں نحس گھر ہونے کے سبب ہمراہ عطارد خود اعتمادی اور حوصلہ افزائی میں بڑھاوے کے لئے مخلص احباب کا تعاون بحال رکھیں اور وقتاً فوقتاً بزرگوں اور تجربہ کار افراد سے مشاورت ضرور کریں۔ اہم ملازمتی ذمہ داریوں میں کوتاہی برتنے سے گریز کریں۔ **6,5** نومبر مریخ پلوٹو تربیع جنس مخالف سے خاص احتیاط برتنے کا عندیہ جبکہ مسائل ومشکلات پر قابو پانے کیلئے مثبت حکمت عملی پہلے سے تیار رکھیں **13,12** نومبر مریخ مشتری تسدیس خود اعتمادی اور مثبت سوچ کے باعث حالات میں مثبت پہلو اُجاگر رہیں اور مقاصد کا حصول ممکنات میں سے ہو عہد و پیان کی فضاء قائم ہو لیکن کسی بھی ایسے عہد سے گریز کریں جو پورا نہ کر پائیں۔ **25,24** نومبر مریخ یورانس مقابلہ غصے وجذبات پر کنٹرول کی ضرورت حادثاتی صورتحال میں بزرگوں اور والدین سے مشاورت ضرور کریں۔ جلد بازی سے گریز اور صبر وتحمل کا دامن تھامے رکھیں۔ تکنیکی مسائل کا حل ضروری ہو۔

پہلا ہفتہ: مالی معاملات پر توجہ مرکوز رہے گی۔ جذبات اور غصے پر قابو کی ضرورت ہے ورنہ خواہ مخواہ کی پریشانی اور مسائل درپیش رہیں گی۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ جس کے باعث گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا۔ شخصیت میں مزید نکھار آسکے گا۔ صلاحیتوں میں اضافہ اور بہتر نتائج مل سکیں گے۔ صحت بہتر ہوسکے گی۔

دوسرا ہفتہ: اس ہفتے خاص توجہ مالی اور محبت سے متعلقہ کاموں میں رہے گی۔ وراثت سے متعلقہ معاملات احسن طریقے سے حل ہوسکیں گے۔ ملازم پیشہ افراد کے لیے یہ ہفتہ خاص اہمیت کا حامل ہوگا۔ سواری لے سکیں گے۔ والدین کا تعاون حاصل رہے گا۔ مالی معاملات مستحکم ہوں گے۔ تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ اور مالی پوزیشن مستحکم رہے گی۔

تیسرا ہفتہ: اس ہفتے زیادہ تر توجہ مالی اور شراکتی کاموں میں رہے گی۔ جس کے باعث حالات پہلے کی نسبت سُدھر سکیں گے۔ وراثت اور جائیداد سے متعلقہ مسائل جلد حل ہوسکیں گے اور خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔ اولاد تابع فرمان رہے گی اور راحت کا باعث ہوگی۔ رومانس کے مواقع بھی حاصل ہوسکیں گے۔ جس سے مسائل اور پریشانی کا سامنا رہے گا۔

چوتھا ہفتہ: گھریلو معاملات خاص توجہ کے مستحق ہوں گے۔ شراکتی کام منافع بخش رہیں گے۔ لمبے عرصے کے لیے سرمایہ کاری کرتے وقت اچھی طرح سوچ لیں اور تسلی کرلیں تاکہ بعد میں کسی قسم کا پچھتاوا نہ ہو۔ دوست مددگار رہیں گے۔ بحث ومباحثہ سے گریز کریں، بحث طول پکڑنے کی صورت میں نقصان کا اندیشہ ہے۔ صحت اور ملازمت اثر انداز ہوسکتی ہے۔ رشتے دار تعاون نہ کریں گے۔

سعد تواریخ: 29,20,15,12 نومبر **نحس تواریخ: 24,18,10,5,2** نومبر

TAURUS

ستارہ: زہرہ ♀
حروف: ب۔و
دن: جمعہ
عدد: 6
رنگ: ہلکا نیلا یا سبز
پتھر: اوپل، سبز پکھراج

Element: Earth

RulingPlanet: Venus

Symbol: The Bull

YourStone: Emerald

LifePursuit: Emotional and financial security.

SecretDesire: To have a secure, happy and wealthy life/ marriage.

آپکا حاکم ستارہ زہرہ **26,2** نومبر آٹھویں نحس گھر ہونے کے سبب بغیر مشاورت فیصلوں سے گریز کریں۔ جبکہ مخلص اور تجربہ کار افراد سے وقتاً فوقتاً مشاورت یقینی بنائیں تو کئی ایک مصیبتوں پریشانیوں سے محفوظ رہیں۔ **15,14** نومبر زہرہ نیپچون تربیع عشق ومحبت کے اُمور حساس دوسرے فریق سے وابستہ امیدیں پوری نہ ہونے کے باعث ذہنی پریشانی کام میں خامیوں کا اندیشہ لہٰذا خاص احتیاط برتیں۔ **25,24** نومبر زہرہ مشتری قران سیاسی و سماجی صورتحال عزت وتوقیر حلقہ احباب میں وسعت جبکہ سخاوت بڑھنے سے دوسروں کی نظر میں آپکی وقعت بڑھے اہم تقریبات میں شمولیت یا انعقاد راحت کا باعث ہو۔ **29,28** نومبر زہرہ یورانس تثلیث ذہنی اور تخلیقی صلاحیتیں نکھریں منفرد خیالات کا اظہار دوسروں پر فوقیت ملے۔

پہلا ہفتہ: صحت سے متعلقہ معاملات پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ محبت سے متعلقہ معاملات احسن طریقے سے چل سکیں گے۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔ جس سے کافی مسائل خود بخود حل ہوسکیں گے۔ قانونی معاملات سے گریز کرنا بہتر رہے گا۔ شخصیت مزید پُروقار ہوسکے گی۔ اخراجات میں کمی اور حاسدین کا خاتمہ ہوسکے گا۔

دوسرا ہفتہ: بہت سے پیچیدہ مسائل حل ہوسکیں گے اور مالی پوزیشن میں بہتری کے امکان ہوں گے۔ قسمت کا ساتھ رہے گا۔ جس سے شریک حیات اور شریک کار کے ساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے اور غلط فہمیوں کے بادل چھٹ سکیں گے اور گھریلو ماحول خوشگوار ہوسکے گا۔ معاملات محبت مزید بہتر ہونے سے آپ خود کو فریش محسوس کریں گے۔ سیر وسیاحت کا پروگرام بن سکتا ہے۔

